SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, May 27, 1991

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at three O' clock in the evening, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحيم

ولقد اتینا بنی اسرآائیل الکتب و الحکم والنبوۃ ورزقنهم من الطیبت وفضلنٰهم
علی العلمین o واتینٰهم بینت من الامر o فما اختلفوا الاّ من بعد ما جآء هم
العلم بغیاً بینهم o ان ربک یقضی بینهم یوم القیمة فیما کانوا فیه یختلفونo

(16 - 17 : 45)

ترجمہ : اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (ہدایت) اور حکومت اور نبوت بخشی اور پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں اور اہل عالم پر فضیلت دی - اور ان کو دین کے بارے میں دلیلیں عطا کیں - تو انہوں نے جو اختلاف کیا تو علم آ چکنے کے بعد آپس کی ضد سے کیا - بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن، ان میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے فیصلہ کرے گا -

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, May 27, 1991

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at three O' clock in the evening, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحيم

ولقد اتينا بنی اسرآائیل الکتب و الحکم والنبوة ورزقنهم من الطيبت وفضلنٰهم
على العلمين o واتينُهم بينت من الامر o فما اختلفوا الاّ من بعد ما جآء هم
العلم بغياً بينهم o ان ربک يقضی بينهم يوم القيمة فيما كانوا فيه يختلفونo

(16 - 17 : 45)

ترجمہ : اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (ہدایت) اور حکومت اور نبوت بخشی اور پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں اور اہل عالم پر فضیلت دی - اور ان کو دین کے بارے میں دلیلیں عطا کیں - تو انہوں نے جو اختلاف کیا تو علم آ چکنے کے بعد آپس کی ضد سے کیا - بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے فیصلہ کرے گا -

QUESTIONS AND ANSWERS

میڈم ڈپٹی چیئرمین : وقفہ سوالات، چوہدری امیر حسین صاحب -

MOTION UNDER RULE 236

چوہدری امیر حسین : محترمہ میں قاعدہ ۲۳۶ کے تحت ایک موشن موو کرنا چاہتا ہوں -

I beg to move under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the rules regarding Question Hour and the Adjournment Motions may kindly be suspended.

Mr. Hasan A. Shaikh: But why it is so everytime? They do not come in the morning.

Ch. Amir Hussain: The reason is that I want most of the time be devoted to the discussion of the Shariah Bill which is the most important Bill as presented in the House.
چونکہ آج تیسرا دن ہے اور بہت سے دوست (تقریر کرنے والے باقی) رہتے ہیں اس لئے میں گزارش کرتا ہوں کہ

The questions which have been replied will be placed on the table of the House.

Mr. Hasan A. Shaikh: That is the rule. You are not obliging the House. The questions which are not asked they are treated as unstarred.

Ch. Amir Hussain: I have moved a motion.

Madam Deputy Chairman: It has been moved under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the rules regarding Question Hour and the Adjournment Motions may kindly be suspended.

(interruption)

Madam Deputy Chairman: Those who are in favour they may say Ayes.

(Ayes)

Those who are against they may say noes.

(Noes)

(interruption)

چوہدری امیر حسین : پھر پُٹ کریں -

Mr. Hasan A. Shaikh: Not again.

Ch. Amir Hussain: I challenge that it may be put again.

Mr. Hasan A. Shaikh: No. No. You cannot do that. It has already been decided. You have announced the decision.

Ch. Amir Hussain: This is not the procedure, please.

(interruption)

Ch. Amir Hussain: Ruling has not been announced. Why have you been vindictive against your own party?

Madam Deputy Chairman: Mr. Hasan A. Shaikh, I put it again.

It has been moved under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the rules regarding Question Hour and the Adjournment Motions may kindly be suspended.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman: So, the rules are suspended.

(Questions No. 34 and 36 were originally set down for answering on 21st May and Questions No. 56, 57, 58, 59, 60 and 62 for 25th May, 1991)

STONE CRUSHERS IN ISLAMABAD

34. *Mr. Bostan Ali Hothi: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the authority which allowed the establishment of stone crushers in Margallah Hills, Islamabad;

(b) the reasons for allowing the construction of shops and houses in Gwala Colony, Islamabad; and

(c) the reason for demarcating commercial and residential plots and establishing enquiry offices in the Green Areas/Parks in Islamabad?

Ch. Amir Hussain: (a) (i) Capital Development Authority within Islamabad capital territory.

(ii) Punjab Government outside Islamabad capital territory.

(b) The Gawala Colony was established in mid-70's as part of rehabilitation of affectees. Initially the plan provided for residential plots alongwith a small cattle yard. The concept of a separate Gawala Colony, however, did not flourish as the majority of the allottees sold their plots to persons, who were not milkmen and thus the original character of colony changed from the Gawala Colony to an ordinary model village. In view of the changed character of the colony, its name was changed from Gawala Colony to Rawal Town. The colony was later extended on 1985 and 6 ordinary residential plots were added without provision of cattle yard. In 1988, the character of the colony having undergone the change the CDA agreed in principle to the conversion of sites of cattle yards to residential/commercial purposes.

(c) In Islamabad plots for commercial or residential use or for establishing enquiry offices are never planned/demarcated in areas which are specifically earmarked as green areas/parks. The topography of Islamabad is such that almost all sectors have 3/4 nullahs traversing the sectors. In the initial plan of the sectors, the cut up and broken

land along the nullahs is left as marginal space. Such spaces later get covered with trees and bushes giving the impression of a "park" or a "green area" but in fact these are not designated parks of the sector. In case of few such marginal spaces plots were planned by reclamation of broken land through training of nullah courses. However, such replanning has never been exercised over areas specifically planned as parks/playfields.

CDA EMPLOYEES AND THE HOUSING FOUNDATION

36. *Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the total number of under-construction houses in Sector I-8 etc., Islamabad allotted to the C.D.A. employees under the Federal Government Employees Housing Foundation;

(b) the criteria adopted for the allotment of these houses; and

(c) the names, designations, length of service of those employees who have been allotted plots by C.D.A., as well as the Federal Government Employees Housing Foundation?

Ch. Amir Hussain: (a) Allotment of 238 housing units has been made in Sector I-8 (Phase-I Extension) to the officials working in the CDA under the Federal Government Employees Housing Foundation Scheme. Construction of houses has not yet started.

(b) Following criteria for allotment on merit was adopted:-

(i) Minimum of 10 years service.

(ii) He or any member of the family should not own a house/plot in Islamabad as on 1-9-1988.

(iii) He or any member of the family should not own a house in any of the 8 major specified cities on 1-9-1988.

Besides, allotment was also made to the extent of 10% on consideration of long outstanding and meritorious service etc. rendered by the individual for the development of Capital City of Islamabad. Consideration was also given to persons who were helpful in furthering the cause of the scheme.

(c) The CDA did not make allotments. The allotments were made by the Housing Foundation on the recommendations of the C.D.A. Lists showing the names, designations, length of service of those who have been allotted housing units in Sector I-8 (Phase-I Extension) on the recommendations of the C.D.A. are at Annexure 'A'. A list showing the names, designation, length of service of those who have been allotted housing units by the Chairman, Board of Governors of the Housing Foundation under his discretionary powers is at Annexure 'B'.

(Annexures have been placed in the Senate Library)

ALLOTMENT OF QUARTERS ON STANDARD RENT

56. *Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister for Housing

and Works be pleased to state the total number of Government quarters allotted on standard rent in Sector G-6, Islamabad, indicating also the names, designation, date of allotment separately in each case with category-wise break-up?

Syed Tariq Mahmood: The information is being collected and will be placed on the table of the House as soon it is finalized.

ALLOTMENT OF HOUSES TO GOVERNMENT EMPLOYEES

57. ***Syed Abdullah Shah:** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:-

(a) the total number of Government employees occupant/allottee of Government quarters in Sector G-6, Islamabad;

(b) total number of employees who have received loan from HBFC in their own name or in the names of their spouse and children and have plot house of their wives or children in Islamabad; and

(c) total number of such employees who have also received advance from A.G.P.R. or possess house in other cities of Pakistan in their own name or in the names of their spouse or dependant children?

Syed Tariq Mahmood: (a) There are 3205 quarters (categories A to G) in Sector G-6, of which 3148 quarters are with the Estate Office and allotted to the Federal Government employees.

The parts 'b' & 'c' of the question do not concern with Ministry of Housing and Works.

ALLOTMENT OF HOUSES ON OWNERSHIP BASIS

58. *Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) the total number of Government quarters in Sector G-6, Islamabad indicating also the terms and conditions on which these houses are proposed to be allotted to the occupants on ownership basis; and

(b) the total number of occupants of G-6 quarters working in the Ministry of Housing and Works or its attached department, subordinate offices including Estate Office?

Syed Tariq Mahmood: (a) 3,148 - the question of allotment of the quarters to the occupants on ownership basis is under consideration of the Government.

(b) 127.

TRANSFER OF HOUSES ON OWNERSHIP BASIS

59. *Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) the total area and the estimated cost of the land over which quarters/banglows are existing in Sector G-6, Islamabad that are proposed to be disposed of on ownership basis; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to dispose of similar quarters/banglows situated in other sectors of Islamabad and Karachi?

Syed Tariq Mahmood: (a) The porposal is still under consideration of the Government. The decision on cost including area etc. is linked with the finalisation of the proposal.

(b) No proposal except for Government quarters in G-6 Sector, Islamabad and for Martin, Clayton and Jahangir Road in Karachi is under consideration of the Government.

F.G. EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION

60. ***Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) the monthly expenditure incurred by the Federal Government Employees Housing Foundation since its inception on foreign tours of the officers of the Ministry, consultancy fee with names of the consultants and amount of fee paid to them separately in each case, payment made to private courier service for correspondence, payment made on the establishment and staff charges of the Foundation, purchase of furniture, POL, commodities, advertisements, TA/DA, stationery and telephone bills, etc.;

(b) the total interest profit earned on the deposits of the allottees; and

(c) whether it is a fact that all the expenditure is being met from the interest/profit of the deposits of these allottees; if so,

whether any prior permission of the allottees had been obtained to utilise these profits on the above accounts; if not, its reasons?

Syed Tariq Mahmood: (a) The monthly expenditure incurred by the Federal Government Employees Housing Foundation since its inception on:-

english P/9-10-11-12-13

(i) Foreign tours of the officers of the Ministry.

NIL

(ii) Consultancy fee with names of the consultants and amount paid to them separately in each case.

Name of Consultants	Amount of consultancy	Amount of fee paid	
		Date	Amount
M/s. PEPAC	1,20,000	June 1990	60,000.00
		Sept. 1990	60,000.00
		Total:	1,20,000.00
M/s. Development Consultants.	1,64,88,207	Feb. 1990	3,88,125.00
		April, 1990	11,51,437.50
		June, 1990	9,18,562.50
		Sept., 1990	18,13,819.56
		April, 1991	8,99,142.30
		Total:	51,71,086.86

(iii) Payment made to private corrier service for correspondence.

	Rs.
Sept. 1990	494.00
Oct. 1990	361.00
Total:	855.00

(iv) Payment made on the establishment and staff charges of the Foundation:

	Rs.
July, 1989	9,406.03
August, 1989	15,254.94
September, 1989	17,014.34

(x) Stationery:

	Rs.
November, 1989	1,651.90
December, 1989	20,517.18
February, 1990	2,591.50
March, 1990	807.50
April, 1990	8,387.50
May, 1990	3,864.50
June, 1990	9,101.00
July, 1990	7,047.21
August, 1990	1,044.89
September, 1990	23,949.66
October, 1990	850.00
November, 1990	2,860.00
December, 1990	7,248.50
January, 1991	620.00
February, 1991	17,609.75
March, 1991	2,935.00
April, 1991	12,669.00
Total:	1,23,225.09

(xi) Telephone:

	Rs.
September, 1989	5,972.00
January, 1990	6,265.00
March, 1990	.1,249.00
April, 1990	1,279.00
June, 1990	7,769.00
July, 1990	5,863.00
August, 1990	5,215.00
September, 1990	2,869.00
October, 1990	4,610.40
November, 1990	3,946.00
December, 1990	7,895.80
January, 1991	1,592.80
February, 1991	21,239.00
March, 1991	10,167.00
April, 1991	6,173.00
Total:	92,105.00

	Rs
October, 1989	14,958.35
November, 1989	16,223.15
December, 1989	17,125.00
January, 1990	49,441.01
February, 1990	45,626.93
March, 1990	51,981.71
April, 1990	72,813.10
May, 1990	60,798.99
June, 1990	85,026.14
July, 1990	87,256.55
August, 1990	98,624.68
September, 1990	1,42,226.46
October, 1990	95,480.81
November, 1990	93,545.39
December, 1990	1,42,178.78
January, 1991	1,30,723.98
February, 1991	1,79,252.54
March, 1991	1,39,799.95
April, 1991	1,32,900.55
Total:	16,97,659.38

(v) Purchase of Furniture:

	Rs.
November, 1989	178.00
December, 1989	6,438.00
February, 1990	747.00
September, 1990	1,407.00
October, 1990	1,199.00
December, 1990	1,660.00
January, 1991	2,800.00
April, 1991	1,50,000.00
Total:	1,64,429.00

(vi) P.O.L.:

	Rs.
February, 1990	3.50
March, 1990	517.00
April, 1990	1,347.30
May, 1990	280.00
June, 1990	2,787.69
August, 1990	7,720.00
September, 1990	3,208.77
October, 1990	3,505.71
December, 1990	4,851.13
January, 1991	5,000.00
February, 1991	2,795.00
March, 1991	5,324.47
April, 1991	6,805.53
Total:	44,146.10

(vii) Commodities:

NIL

(viii) Advertisements:

	Rs.
November, 1990	494.78
January, 1991	5,809.10
February, 1991	4,967.60
March, 1991	12,194.67
April, 1991	865.54
Total:	24,331.69

(ix) T.A. D.A.:

	Rs.
November, 1989	4.00
December, 1989	24.00
February, 1990	193.00
March, 1990	60.00
April, 1990	345.00
May, 1990	62.00
June, 1990	101.00
August, 1990	1,195.00
October, 1990	4,270.00
November, 1990	1,348.00
Total:	7,602.00

(x) Stationery:

	Rs.
November, 1989	1,651.90
December, 1989	20,517.18
February, 1990	2,591.50
March, 1990	807.50
April, 1990	8,387.50
May, 1990	3,864.50
June, 1990	9,101.00
July, 1990	7,047.21
August, 1990	1,044.89
September, 1990	23,949.66
October, 1990	850.00
November, 1990	2,860.00
December, 1990	7,248.50
January, 1991	620.00
February, 1991	17,609.75
March, 1991	2,935.00
April, 1991	12,669.00
Total:	1,23,225.09

(xi) Telephone:

	Rs.
September, 1989	5,972.00
January, 1990	6,265.00
March, 1990	1,249.00
April, 1990	1,279.00
June, 1990	7,769.00
July, 1990	5,863.00
August, 1990	5,215.00
September, 1990	2,869.00
October, 1990	4,670.40
November, 1990	3,946.00
December, 1990	7,895.80
January, 1991	1,592.80
February, 1991	21,239.00
March, 1991	10,157.00
April, 1991	6,173.00
Total:	92,125.00

(xii) Printing:

	Rs.
October, 1990	3,894.00
March, 1991	28,268.00
Total:	32,162.00

b) (i)	Upto 1st May, 91 on STD	26,69,753.44
(ii)	Upto 1st May, 91 on SND	25,52,054.79
(iii)	Upto 1st January, 1991 on NSC	75,00,000.00
(iv)	Upto 31st Dec, 90 on PLS	34,70,964.49
	Total:	1,61,92,772.72

(c) Yes. It is a fact. The entire overhead expenditure is being met from out of the profits of the deposits, though according to the terms and conditions of the Scheme accepted by the allottees, expenses contingent on the execution of the Scheme in the form of taxes, overheads etc. are payable by the allottees, for which obviously their prior permission is not called for.

F.G. EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION

62. *Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Minister for Housing and Works was given 5% discretionary quota for the allotment of houses/plots in the Government Servants Housing Foundation Scheme;

(b) the names of persons who were allotted houses/plots under this discretionary quota indicating also their designations and addresses and the criteria adopted for these allotments; and

(c) whether it is also a fact that some allotments were made even after 6th August, 1990 in back dates in collaboration with some of the officers of the Foundation, if so, its reasons?

Syed Tariq Mahmood: (a) Yes. In his capacity as the Chairman, Board of Governors of the Federal Government Employees Housing Foundation.

(b) List containing the names, designations and addresses of persons who were allotted houses by various Ministers against the discretionary quota of the Chairman, Board of Governors of the Housing Foundation has been tabled. The allotments have been made by the Chairman, Board of Governors at their discretion.

(c) No.

(List has been placed in the Senate Library).

Madam Deputy Chairman: Now, we come to the next business.

LEAVE OF ABSENCE

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جناب غلام فاروق صاحب نے اپنی علالت کی بنا پر ایوان سے مورخہ ۲۶ مئی تا حالیہ مکمل اجلاس کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

PRIVILEGE MOTION

Madam Deputy Chairman: Ch. Amir Hussain, please.

Ch. Amir Hussain: As far as the privilege motion is concerned that cannot be suspended, that has to be taken, if there is any.

Madam Deputy Chairman: Now, the privilege motion No. 11 - Zahid Akhtar Sahib.

RE: MALTREATMENT WITH THE MEMBERS OF PARLIAMENT BY THE M.D. OF K.E.S.C. KARACHI

جناب زاہد اختر : بسم اللہ الرحمان الرحیم - شکریہ چیئرپرسن صاحبہ! میں اس ایوان میں حسب ذیل تحریک استحقاق پیش کر رہا ہوں -

کراچی میں میرے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا تھا- میں اکیلا نہیں تھا میرے ساتھ میرے ساتھی رکن قومی اسمبلی رفیق بھائی بھی موجود تھے - اور میں آرکان سینیٹ کے علم میں یہ واقعہ لانا چاہتا ہوں کہ مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۹۱ء بوقت ڈیڑھ بجے دن کو میں رکن قومی اسمبلی رفیق عیسانی کے ہمراہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے منیجنگ ڈائریکٹر جناب مرتضیٰ شاہ صاحب کے کمرے میں گیا، میں کچھ عوامی مسائل کی خاطر وہاں گیا تھا - ان سے متعلق عوامی مسائل کے سلسلے میں ان سے رجوع کیا لیکن انہوں نے اس بات کا لحاظ کئے بغیر کہ میں سینیٹ کا رکن ہوں اور میرے ساتھی جو قومی اسمبلی کے ممبر ہیں ہم دونوں کا لحاظ کئے بغیر ہم سے (ناروا) سلوک کیا اور کہا کہ بہت سے سینیٹر اور اراکین اسمبلی آئے اور چلے گئے- میں آپ کو جواب دینے کا پابند نہیں ہوں - میں صرف اپنے سیکرٹری کو جواب دینے کا پابند ہوں اور آپ لوگ میرا وقت ضائع کئے بغیر یہاں سے چلے جائیں- آپ جیسے لوگ میرا وقت ضائع کرتے ہیں - کے ای ایس سی کے منیجنگ ڈائریکٹر ، جو واپڈا کے ماتحت ہیں اور وفاقی حکومت کے بھی ماتحت ہیں .....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب زاہد اختر صاحب ، پہلے آپ اسے move کریں پھر اگر منسٹر صاحب اسے اپوز کریں تو آپ تفصیل سے بات کر سکتے ہیں -

جناب زاہد اختر : میں جناب اصل میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو رویہ ....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ تشریف رکھیں - چوہدری امیر حسین صاحب -

چوہدری امیر حسین : موو انہوں نے کر دی ہے -

Not opposed and I request that it may be referred to the Privileges Committee.

Madam Deputy Chairman: I think, the motion is in order, so I admit it and refer it to the concened Privileges Committee. Next is item No. 3, legislative business, Mr. Ejaz Ali Jatoi.

FURTHER DISCUSSION ON THE ENFORCEMENT OF SHARIAH BILL, 1991

میڈم ڈپٹی چیئرمین : بہرہ ور سعید صاحب وہ سسپنڈ کر دیا گیا ہے -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : شکریہ میڈم چیئرمین! آج ہم ایک ایسے بل پر بحث کر رہے ہیں، جس کا اس ملک کے جو baxic foundations ہیں directly ان پر اثر پڑتا ہے- جناب چیئرمین! برصغیر کی جدوجہد کی ایک بڑی لمبی تاریخ ہے - اس جدوجہد میں دو سیاسی تنظیمیں ،ایک طرف کانگریس اور دوسری طرف مسلم لیگ نے برصغیر کی سیاست کو لیڈ کیا - کانگریس کا دعویٰ تھا کہ ہم یہاں بسنے والے انسانوں کے oppressed طبقات کی بات کرتے ہیں - کانگریس کا دعویٰ تھا کہ ہم اس خطے میں رہنے والوں کے سیاسی ثقافتی، حقوق کے علمبردار ہیں - میں ماضی کی زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتا صرف چند باتیں عرض کروں گا کیونکہ یہاں پر ہسٹری کو distort کرنے کے لئے یہاں کچھ facts کو غلط طریقے سے پیش کیا گیا ہے fundamentalist section کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ یہ ملک اسلام کو لاحق خطرے سے بچانے کے لئے بنایا گیا اور یہ ایک اسلامی ریاست کے طور پر وجود پذیر ہوا - چیئرمین صاحب ! میں سمجھتا ہوں کہ آج جو ہم یہاں بحث کر رہے ہیں ہمارے ذہن کھلے ہونے چاہئیں کہ یہاں اسلام کبھی بھی قطعاً غیر محفوظ نہیں رہا - اسلام اتنا کمزور مذہب ہو ہی نہیں سکتا کہ اسے ضرورت پڑے کسی ملک کی ، کسی باؤنڈری کی ، کیونکہ اسلام حدود میں مقید ہے ہی نہیں - وہ اتنا وسیع ہے کہ وہ کسی حد میں سما سکتا ہی نہیں - اگر آپ یہ کہہ دیں کہ آپ اسلام کے وارث یا ٹھیکیدار ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ مغالطے کا شکار ہیں - پھر آپ نے یہ ڈیورنڈ لائن کیوں بنائی ہے - (کیا) افغانستان مسلمان (ملک) نہیں ؟ ہندوستان میں بھی پندرہ کروڑ مسلمان رہتے ہیں وہاں کیوں بارڈر ٹریٹ کرتے ہیں - اگر اسلام کی بنیاد پر آپ نے ملک بنایا تھا تو پھر اسپین سے لے کر سعودی عرب تک ایک ہی بارڈر بنائیں - میں سمجھتا ہوں کہ اسلام کی بنیاد پر نہیں بلکہ economical reasons پر یہ ملک بنا - اس کی میں واضح مثال دیتا ہوں - مجھے خوشی ہے کہ آج وہ مسلم لیگ جو اپنے آپ

کو اس قائد کی وارث کہتی ہے - میں تو کہتا ہوں کہ شکر ہے آج قائد ہمارے درمیان نہیں ہے - نہیں تو وہ روتے - اس کے پاکستان کا آپ نے کیا حشر کیا ہے - وہ پارٹی جو آج objectives resolution کی بات کرتی ہے - اس پارٹی سے میں مودبانہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا قائداعظم محمد علی جناح صاحب نے ۱۹۴۰ء کی قرارداد لاہور کے اس شہر میں متفقہ طور پر منظور کرائی تھی - اگر آپ نے صرف وہ وہ نکات اس میں سے نکال کر اپنانے ہیں جن میں آپ کو فائدہ پہنچے تو میں پوچھنا چاہتا ہوں اپنے معزز ساتھیوں سے کہ وہ مسلم لیگ جو لبرل مسلم لیگ تھی ------ آپ تو fundamentalist تھے ہی نہیں، آپ کی جماعت سیکولر تھی ، سیکولر ہے اور انشاء اللہ سیکولر رہے گی -

جناب! بات یہ ہے کہ ہندوستان (British India) کیسے بنا - سترہویں اور اٹھارہویں صدی میں جب مغلیہ سلطنت گر رہی تھی انگریز نے اپنی عسکری قوت کے ذریعے گیارہ مختلف قومیں ، جن کے اپنے اپنے خطے تھے- جن کی اپنی اپنی اراضی تھیں، جن کی اپنی اپنی زبانیں تھیں، جن کے پاس اپنا اپنا حق حکمرانی تھا، گیارہ مختلف قوموں کو انگریز کی عسکری قوت نے برٹش انڈیا میں اکٹھا کیا - پھر آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ انڈیا میں صرف دو قومیں تھیں - اوودھ کی جنگ ہے، آسام کی جنگ ہے، سندھ کی جنگ ہے، سب سے آخر میں سندھ کی جنگ ہے - ان قوموں نے لڑائی کی ، اپنے حق حکمرانی کے لئے لڑائی لڑی - ان قوموں نے اپنی تاریخی حدود کی حفاظت کی جنگ لڑی - جناب یہ واضح ہے کہ ہندوستان خود multi-nationl state تھا - جس میں مختلف قوموں کے historical rights تھے آپ تاریخ کو جھٹلا نہیں سکتے -

پھر جناب ہم آگے بڑھتے ہیں - آپ کہتے ہیں کہ مسلم لیگ اسلام کی دعویدار تھی جبکہ کرپس مشن نے جو تجاویز دیں تھیں کہ صرف تین subjects مرکز کے پاس رہیں گے باقی صوبوں کو جائیں گے - وہ ہندوستان کو اکٹھا رکھنے کی تجاویز تھیں - ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے تحت مضبوط مرکز کا نعرہ لگا کر جب مسلم لیگ باہر نکلی - ۱۹۳۸ء کے انتخابات گواہ ہیں جس میں آپ کو سندھ ، پنجاب ، صوبہ سرحد سے ووٹ نہیں ملے- آپ کو ووٹ ملے بمبئی سے یو پی سے ملے یو پی سے اس لئے ووٹ ملے کہ جمعیت علمائے ہند نے آپ کی تائید کی - پھر آپ نے ۱۹۳۸ء کی شکست کے بعد اپنی ساری politics کو re-think کیا - آپ تاریخ کو جھٹلا نہیں سکتے - آپ نے ۱۹۳۹ء میں پھر یہ محسوس کیا کہ ہماری مضبوط مرکز کی پالیسی قوموں کو اکٹھا نہیں رکھ سکتی - قوموں کے اپنے اپنے تاریخی حقوق ہیں - ان کی اپنی اپنی جغرافیائی حدود ہیں جہاں پر ہزاروں سال سے وہ آباد ہیں، وہ اپنے آپ کو liquidate نہیں کرنے دیں گی resist کریں گی تو آپ نے ۱۹۳۹ء میں ، جیسے آپ قرارداد پاکستان کہتے ہیں لاہور کے اس شہر میں پیش کی - ۱۹۴۰ء کی قرارداد اصل میں ۱۹۳۹ء میں تیار کی گئی تھی - اس میں کون کون سے لوگ تھے - قائداعظم محمد

علی جناح خود ، سہروردی شہید ، چوہدری خلیق الزمان ، سردار عبدالرب نشتر ، - اس خطے کے بڑے بڑے لوگ بولتے ہیں کہ مسلم لیگ کی متفقہ رائے ہے کہ مسلم اکثریت کے علاقے ایک الگ زون بنیں گے - جس میں صوبوں کو sovereign اور autonomous درجہ دیا جائے گا۔

آپ نے decentralization of power کی بات کی - آپ نے چار سبجیکٹس مرکز کو دیئے اور کہا کہ باقی صوبوں کے حوالے - آپ نے عوام کے حق حکمرانی کی بات کی - آپ نے ساری re-thinking politics کی - تب جا کر آپ کو ووٹ ملے - تب جا کر مسلم لیگ کی سب سے پہلے حکومت سندھ ، بنگال اور این ڈبلیو ایف پی میں قائم ہوئی - پشتونخواہ میں قائم ہوئی - پنجاب میں پھر بھی نہیں ہوئی - یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ پنجاب میں آخر وقت تک خضر حیات کی حکومت تھی پنجاب میں آخر وقت تکunionist Government تھی- جس basic document پر آپ نے یہ ملک بنایا جس basic document پر آپ نے ان قوموں کو اکٹھا کیا آج اگر آپ نیا document لا رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں وہ basic document کو چیلنج کرتا ہے- میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آج تک پاکستان کے جتنے آئین بنے، آپ نے کہاں قوموں کو اپنے تاریخی حقوق دیئے، میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے کون سے آئین میں Historical rights کو protection دیا - پھر اگر حق حکمرانی کی بات کرتے ہیں، عوام کی حکمرانی کی بات کرتے ہیں تو ہماری پوری تاریخ بھری پڑی ہے ذرا دیکھ لیں- ۱۹۴۷ء کے بعد بدقسمتی یہ تھی کہ قائداعظم محمد علی جناح کو زیاہ چلنے نہیں دیا گیا اور پھر مسلسل جمہوریت اور عوام کے حق حکمرانی پر وار کے وار پڑتے رہے آج موجودہ آئین دیکھ لیں- آج کے موجودہ ۱۹۷۳ء کے آئین کو دیکھ لیںObjections Resolution جو ۱۹۴۹ ء میں controversial طور پر پیش کیا گیا تھا میں سمجھتا ہوں کہ اگر قائداعظم زندہ ہوتے تو شاید وہ پاس نہ کرنے دیتے- اس کے مطابق تو آپ نے قانون بنانا شروع کر دیا ہے لیکن جناب ۱۹۴۰ء کے ریزولیوشن کے مطابق جو basic agreement تھا اس کے تحت آپ نے ان قوموں کو کیا دیا- آپ نے یہاں وہی انگریز والی پالیسی جاری رکھی ہے divide and rule طبقات کو لڑایا ، قوموں کو لڑایا، صوبوں کو لڑایا ، ایک بھی آئین میں آپ نے بدقسمتی سے ان کے ان خیالات کو جگہ نہیں دی- قائداعظم کی تقریروں کی بڑی quotations quote کی گئی ہیں- میں بھی بہت سی quotations قائد اعظم کی تقریروں سے (دے سکتا ہوں) جن میں انہوں نے کہا ہے کہ

you are free to go to your temples.

خواہ آپ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتے ہیں- انہوں نے یہ بھی کہا کہ جن جن علاقوں میں مسلمان اقلیت میں ہیں وہ وہیں رہیں گے۔

آخر کار ہرکی ایک حد ہوتی ہے- اسلام کے نام پر آپ نے ہم سے اب تک کیا کیا نہیں لیا - خدارا آخری مرتبہ اسلام کے نام پر جو بھی لینا ہے (لے لو) ہم کپڑے اتار کر اس پارلیمنٹ سے نکل جاتے ہیں- وہ بھی لے لیں کیونکہ اسلام کے نام پر آپ نے ہمارے ساتھ جو زیادتی کی ہے وہ بھی ذرا سن لیں ، جس صوبے سے میں آیا ہوں مجھے فخر ہے کہ اسلام میرے صوبے میں پہلے آیا تھا دارالاسلام سندھ تھا- یعنی باب الاسلام، اس صوبے کے ساتھ آپ نے اسلام کے نام پر کیا حشر کیا ۱۸ لاکھ ایکڑ زمین آپ نے فوجی جرنیلوں اور کرنیلوں کے حوالے کر دی ۱۸ لاکھ ایکڑ زمین آپ نے ہارے ہوئے یا جیتے ہوئے فوجیوں کے حوالے کی- اسلام کے نام پر یہ ہو سکتا ہے ، خلفاء راشدین کا وقت دیکھ لیں، عراق کا گورنر جب کہتا ہے کہ یہ فوجی جیت کر آئے ہیں اس فوج کو زمین دے دو ، انہوں نے کہا نہیں وطن کی حفاظت کا تخیل ٹوٹ جائے گا - فوج اپنے ملک کا دفاع کسی بھی ایوارڈ کے نتیجے میں نہیں کرتی - آپ نے کیا کیا ہے- ایک طرف تو آپ نے اسلام کے نام پر جتنے ہمارے یہ fundamentalist دوست ہیں، ان کی ایک پوری تاریخ ہے، جو کبھی قائداعظم کو کافرِاعظم، کبھی پاکستان کو ناپاکستان land of impures کتابوں میں لکھ کر گئے ہیں اور آج یہ ایوان اس کا شاہد ہے- ذرا کمپوزیشن دیکھ لیں- آپ مجھے بتائیں یہاں کتنے fundamentalist بیٹھے ہیں یعنی fundamentalist not in that context ان پارٹیوں کا جنہوں نے اسلام کا ٹھیکہ اٹھایا ہوا ہے ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں وہ ایک چھوٹی electoral minority تھی ، ۱۹۷۷ء کے الیکشن میں اور کم ہوئے ، ۱۹۸۸ء کے الیکشن میں اور کم ہوئے ۱۹۹۰ء کے الیکشن میں دو تین افراد بچے ، اگر عوام ان کے نقطہ نظر کی حمایت کرتے ہیں----

[At this stage the Chair was vocated by the Deputy Chairman and occupied by the Chairman (Mr. Wasim Sajjad)]

جناب اعجاز علی خان جتوئی : اگر عوام ان کے point of view کو support کرتے ہیں تو ۱۹۹۰ء کا یہ ایوان میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر کم از کم کوئی سیکولر جماعت نہ ہوتی- کوئی بھی بائیں بازو کی جماعت تو کم از کم نہ ہوتی - اکثریت پھر بھی ان حضرات کی ہونی چاہیئے- اس کا مطلب ہے ۹۵ فیصدی عوام ان سے تنگ ہیں - ان کا تو یہ حال ہے کہ ادھر سندھ میں ایک مولانا صاحب جا رہے تھے- ان سے کسی نے مسجد سے نکلتے ہوئے پوچھا کہ ملا کیا حال ہے تمہارا ، تو انہوں نے کہا کہ یار حالت خراب ہے، آٹھ دن سے گھر سے کھا رہا ہوں باہر سے مال ہی نہیں آرہا ہے - یہ تو صبح جب کلمہ پڑھ کر نکلتے ہیں تو سارا وقت یہ فکر ہوتی ہے کہ کس طرح سے

اسلام کے نام پر ان کی روزی بنے جناب! کون سا اسلام یہاں پر ہے، بارہ اسلام ہیں، ضیاء الحق والا اسلام، جماعت اسلامی والا اسلام، مولانا سمیع الحق والا اسلام، مولانا نواز شریف والا اسلام، کون سا اسلام، یا وہ اسلام جو ہم blind faith کے طور پر follow کرتے آئے ہیں صدیوں سے ہم مسلمان ہیں جو مجھے پتہ ہے کہ میرا باپ مسلمان، میرا دادا مسلمان، میرا پردادا مسلمان اور بیٹا بھی انشاء اللہ مسلمان اور بقیہ ہماری زندگیاں انشاء اللہ مسلمان کے طور پر گزریں گی- کیوں ہم مسلمان نہیں تھے- آج ہم کیوں کھڑے ہو کر اپنے بڑوں کو condemn کریں- میں کم از کم بڑوں کو condemn نہیں کروں گا کہ وہ غلط تھے اور ہم اب اس بل کے ذریعے مسلمان بن رہے ہیں- ہم ابھی تک جھک مار رہے تھے اب (اس) بل کے ذریعے مسلمان بن رہے ہیں اب (اس) بل کے ذریعے آپ ہمیں سمجھا رہے ہیں کہ صبح کی نماز میں کتنی رکعتیں ہوتی ہیں دوپہر کی نماز مین کتنی رکعتیں ہوتی ہیں جناب! پہلے ہی ہم آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں آپ پھنسے ہوئے ہیں آپ (مزید) کیوں پھنس رہے ہیں ہم آپ کے ساتھ ہیں کھلے دلوں باہر نکلیں، وزیراعظم کہتا ہے میں fundamentalist نہیں ہوں میں اس کو مبارکباد دیتا ہوں سارے پاکستانی fundamentalist نہیں ہیں یہ تھوڑے لوگ ہیں جنہوں نے روزگار بنایا ہوا ہے ان کی روزی پر لات پڑ گئی ضیاء الحق کے مرنے کے بعد، وی آئی پی لاؤنجز میں یہی حضرات بیٹھے ہوئے تھے - گاڑی آئی کار آئی، مشائخ کانفرنس ہے شریعت کانفرنس فلاں کانفرنس، اسلام آباد ہوٹل سے کیٹرنگ آ رہی ہے ہالی ڈے ان سے کیٹرنگ آ رہی ہے ان کے اب پیٹ بند ہو گئے ہیں اس لئے یہ اپنا اسلام لا رہے ہیں -

کتنا مذاق ہے ہم سے کہ جو ہم صدیوں سے اسلام کے نام پر اپنی زندگیاں ڈھال چکے ہیں آپ چل کر دیکھیں ہمارا رہن سہن دیکھیں ہماری ایک ایک چیز اسلامی ہے شادی سے لے کر انسان کے پیدا ہونے سے لے کر انسان کے مرنے تک ہمارے یہاں اسلام کے کسٹمز پڑ چکے ہیں ہم نے کوئی ایک دو سال اسلام میں مسلمان کی حیثیت سے نہیں گزارے - ہم نے مسلمان کی حیثیت سے صدیاں گزاری ہیں - اسلام ہماری زندگی بن چکا ہے - ہر tradition ہماری اسلامی ہے، طور طریقے ہمارے اسلامی ہیں، روایات ہماری اسلامی ہیں، ہاں آپ اس بل کے ذریعے ایک نیا dimenision create کر رہے ہیں -

میں سمجھتا ہوں کہ آئینی طور پر یہ ملک ۱۹۷۳ء کے آئین کے مطابق ایک بہت بڑی وسیع diarchy میں ہے- اس وقت آپ کے یہاں اتنی diarchy ہے - آپ کے یہاں نہ پارلیمانی نظام حکومت ہے نہ صدارتی نظام حکومت ہے، الٹا آٹھویں ترمیم نے تو mixed grill کر دیا ہے- تیسرا dimension آپ لا رہے ہیں، اس قوم میں آپ confusion create کر رہے ہیں- پہلے ہی ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت اس بات کی ضرورت ہے کہ اس آئین کو reform کریں- اس آئین میں آپ administrative decentralization کریں،

آئینی اصلاحات کریں ، صوبوں کو اٹانوی دیں according to 1940's Resolution ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ اس گورنمنٹ پر کون سی مصیبت آ پڑی ہے ۔

اس بل میں دیکھنا ہے کہ ہے کیا؟ چار ٹکڑوں میں یہ بل سوائے اس کے کہ تعلیمی ماحول کا بیڑہ غرق کرنا ہے۔ آپ دیکھیں کہ آپ اکیسویں صدی میں جا رہے ہیں ۔ ہر قوم نے اپنی اپنی priorities مقرر کر دی ہیں۔ اس وقت دنیا اتنے بڑے turmoil سے گزر رہی ہے۔ کہیں دیکھ رہے ہیں کہ سوویت یونین میں عجیب قسم کی کشمکش ہے۔ کہیں امریکہ بہت بڑا غنڈہ بن کر نکل چکا ہے۔ کہیں آپ دیکھیں کہ دیواریں گر رہی ہیں اور کہیں پر قومیں اکٹھی ہو رہی ہیں اور انہوں نے اپنی اپنی priorities بنا دی ہیں جب تک آپ اپنی اپنی priority نہیں بنائیں گے۔ آپ اس قوم کو اکیسویں صدی میں نہیں لے جا سکتے۔ آپ اس قوم کو اکیسویں صدی سے ہٹا کر اس بل کے ذریعے stone age میں لے جا رہے ہیں۔ آپ کو اپنا تعین کرنا ہے۔ آپ نے اپنی آنے والی نسلوں کے لئےinvestmentکرنی ہے۔ آپ نے تعلیمی، سائنسی ٹیکنالوجی حاصل کرنی ہے۔ آج سوویت یونین جو گرا ہے وہ اس لئے گرا ہے کہ وہ اپنے آپ کو re-shape کر رہا ہے technology acquire کرنے کے لئے آپ نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ اکیسویں صدی میں آپ کیا لے کر جا رہے۔ ہیں ہمارا صوبہ تو بہت پیچھے جا رہا ہے ۔ سندھی قوم تو اکیسویں صدی میں فرسٹ کلاس جا رہی ہے۔ ایک طرف ڈاکو اور ڈاکوؤں کا حشر یہ ہے کہ اب ہمارے سندھ کی گورنمنٹ کے وزیر اعلیٰ یرغمال بن چکے ہیں -Direct contact ہو رہا ہے ہیلی کاپٹر پر لوگ بھیجے جا رہے ہیں کہ جاؤ ڈاکوؤں سے جا کر بات چیت کر کے آؤ۔ کتنے پیسے چاہئیں پھر مصیبت یہ ہے کہ جاپانیوں کو چھڑانے والی ٹیم جو گئی اس میں سے ڈیڑھ کروڑ روپے میں سے چالیں پچاس لاکھ کمشنر کھا گیا۔ پچاس پچاس ہزار روپے تھانے سے اکٹھے ہوئے، اس میں سے کمشنر کھا گیا۔ گورنمنٹ خود ransom pay کر رہی ہے ۔ ہماری یونیورسٹیاں تباہ ہو چکی ہیں۔ ہمارے کالجز تباہ ہو چکے ہیں ہمارا تعلیمی نظام ختم ہو چکا ہے ہمارے پاس سیاست رہی نہیں ہے۔ ہمارا وزیراعلیٰ بولتا ہے کہ اگلے تین ماہ میں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا نہیں تو میں استعفی دے دوں گا ۔ میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ یہ آج ہی شروع ہوا ہے یا اس گورنمنٹ نے شروع کیا ہے۔ میں dishonest ہوں اگر یہ بات کہوں گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو یہ ورثہ میں ملا ہے۔ اگلی حکومت بھی جو آپ کی ٦ اگست کو ختم ہوئی وہ بھی ذرا نوٹ کر لیں وہ کیوں ہوئی جبکہ ransom اور سودے بازیاں ایوانوں میں ہونے لگیں۔ ہم ممبران اسمبلی گھوڑے بن گئے ۔ ہارس ٹریڈنگ، آپ نے اس ملک میں کونسا نظام لانا ہے۔ آپ کو ایک ڈائریکشن کا تعین کرنا ہے۔ کیا آپ نے اس کو اسی مئی سے continue کرنا ہے جس میں آئینی بھی diarchy ہے جس میں اس کے علاوہ اس سے ہٹ کر آپ کو کئی problems ہیں۔ آپ کا آقا آپ سے ناراض ہو گیا ہے "امریکہ بادشاہ" اس کا ناپاک سفیر روز ایک نیا شوشہ چھوڑ دیتا ہے رابرٹ اوکلے ، ہمارا وائسرائے ۔

آپ نے دو نعرے لگائے تھے- میں سمجھتا ہوں آپ کی مجبوری ہے (۱) دال روٹی کھائیں گے امریکہ کو یہاں سے بھگائیں گے - دوسرا نعرہ آپ نے لگایا تھا اسلامی نظام ٹھیک ہے - پہلی بات تو یہ ہے کہ امریکہ کو بھگائیں- دوسری بات آپ اسلامی نظام کے حوالے سے کہتے ہیں تو ہم قرآن کے مطابق چلنے کے لئے تیار ہیں- میں سمجھتا ہوں کہ قرآن سے زیادہ کوئی authenticat چیز نہیں ہے نہ وہ کبھی بدلا ہے نہ وہ کبھی بدلے گا- اس کے مطابق آپ اسلام لائیں کس نے منع کیا ہے - ملا والا اسلام ہمیں نہیں چاہیئے- ملا کے لئے تو بھٹائی نے بہت شعر کہے ہیں - اگر کہو تو میں دوہرا دونگا- (چند سندھی اشعار)

آپ ہمیں بجائےtechnologically آگے لے جانے کے، بجائے اس کے کہ scientifically آگے لے جانے کے آپ ہمیں پیچھے پھینک رہے ہیں- میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اس وقت اس situation میں اس بل کی کوئی ضرورت ہے اس لئے پاکستان نیشنل پارٹی کی نمائندگی کرتے ہوئے ہم نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہم اس بل کو in-toto reject کرتے ہیں- ہم سمجھتے ہیں کہ جو شقیں آپ نے اس بل میں لائی ہیں وہ آئین کے آرٹیکل میں بہت واضح طور پر لکھی ہوئی- ہیں میں آپ کو تھوڑی سی آرٹیکلز بتاؤں- آرٹیکل ۲ اے آرٹیکل ۱۳۱ اے، آرٹیکل ۲۰۳ سی، آرٹیکل ۲۲۷، آرٹیکل ۲۲۸ اینڈ ۲۳۱ اسلامک آئیڈیالوجی اسلامائزیشن، قرآن و سنت سورس آف لاء کو cover کرتی ہیں - لیکن آپ نے اس بل میں عجیب مصیبت ڈال دی ہے- آپ نے ایک طرف کہا ہے کہ کورٹ interpret کرے گی، کون سی کورٹ مختار کار کی کورٹ ہو گی، ڈپٹی کمشنر کی کورٹ ہو گی یا شریعت کورٹ جس میں چھ سات مولانا بیٹھے ہوں گے پھر آپ نے اسی بل میں expression of opinionکیا کیا witness نہیں-

جناب چیئرمین! اس ملک میں ہم نے وہ وہ political victimizations دیکھی ہیں، ۱۹۷۱ میں ڈی پی آر بھی دیکھا ہے- یہ ایک اور آپ ڈی پی آر بنا رہے ہیں ۱۹۴۰ کی قرارداد پر بھی بعد میں بات کرنا شاید جرم ہو جائے گا - اس لئے آج دل کھول کر ۱۹۴۰ کی قرارداد پر آخری بار بات کر ہی لوں تو بہتر ہے کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ یہ بل کو بلڈوز کر لیں گے- پھر عورتوں کے ساتھ ، عورت جو ماں ہے جو بہن ہے جو بیوی ہے جو بیٹی ہے اگر یہ چاروں کام نہ کریں تو آپ کچھ نہیں- آپ کے انبیاء، آپ کے اولیاء سب کسی نہ کسی کی اولاد ضرور ہیں، اس کو آپ نے کہاں پھینکا ہے، جیل میں یا پنجرے میں بند کر کے مٹھو کی طرح بٹھا دیں گے جب آپ کو چار بہترین بولیاں سننے کی ضرورت پڑے تو مٹھو کو بلوا لیں- آپ ۵۲ فیصد total population کو dis-frenchise کر رہے ہیں ، لے لیں ریفرنڈم ، میں آپ کو

کال کرتا ہوں کہ آپ نے basic document کی اس میں مخالفت کی ہے ، آپ ۱۹۴۰ء کی قرارداد کے agreement کو توڑ رہے ہیں۔ ہم ذمہ دار نہیں ہوں گے اگر آپ نے قوموں کو اس طرح سے کیا ہم سمجھتے ہیں کہ ۱۹۴۰ء کی قرارداد کے مطابق قومیں اکٹھی ہیں - یہاں voluntarily اگر اس طرح سے آپ نے قوموں کو treat کیا تو پھر ہم چیلنج کرتے ہیں کہ پھر پاکستان کو دوبارہ بنایا جائے۔ قوموں کو بٹھا کر کہ وہ کون سا نظام چاہتی ہیں وہ کیا چاہتی ہیں - آپ کو دوبارہ لانا پڑے گا اس شریعت بل کے ذریعے ، یہ شریعت بل اگر آپ نے پاس کیا تو میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ نے اس ملک کی جڑیں ہلا دیتی ہیں۔ آپ اگر مسلسل اس طرح کی چیزیں کرتے رہیں گے جہاں majority population کا voice نہیں - یہاں کتنی عورتیں آج بیٹھی ہیں- ۱۹۸۷ء کا ہاؤس ہے یہ - ۵۲ فیصد سے حساب لگا لیں mathematics میں، میں بہت کمزور ہوں کتنی ہونی چاہیئیں جبکہ حضورؐ بھی اپنی بیٹی کے لئے احتراماً کھڑے ہو جاتے تھے، بیٹی کہتی تھی کہ بابا آپ تو کھڑے نہ ہوں کہتے تھے ، نہیں بیٹا مجھے کھڑا ہونا ہے چونکہ آپ ایک عورت ہیں کل کو کوئی ایسا تصور نہیں آئے کہ عورت مجھ سے کہیں کم ہے۔

equality ادھر آپ کہتے ہیں کہ equality پسند نہیں ہے۔ کیوں مولانا صاحب آپ کے گھر میں بھی آپ کی بیوی ہو گی، اس کا بھی ایک حق ہو گا، اس کا حق صرف یہ نہیں کہ تین وقت آپ کو روٹی کھلائے، اس کا یہ حق نہیں کہ گھر میں بیٹھ کر آپ کا انتظار کرتی رہے، اس کا کچھ معاشرتی حق بھی بنتا ہے - کچھ سماجی حق بھی بنتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ آپ ایک mojor change لا رہے ہیں- ایک نئے dimension میں اس ملک کو لے جا رہے ہیں - آپ اس کے مجاز نہیں ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس پارلیمنٹ کا حشر دیکھ لیں - یہ پارلیمنٹ بھی اس کی مجاز نہیں ہے ، اس کے مجاز اس ملک کے عوام ہیں - وہ کیا چاہتے ہیں، انہوں نے اپنا verdict دے دیا ہے ، انہوں نے کسی ملا کو یہاں نہیں بھیجا ہے - ڈائریکٹ الیکٹ کر کے انہوں نے یہاں کسی ملا کو نہیں بھیجا ہے - انہوں نے کسی بھی الیکشن میں بڑھ چڑھ کر کسی بھی fundamentalist کو ووٹ نہیں دیئے اور مجھے اس پر فخر ہے کہ میں fundamentalist نہیں ہوں - کیونکہ کم از کم سندھ میں ہمارے پاس fundamentalist کا مطلب یہ ہے کہ سب مال ہڑپ - وہ مسجد کی پیش امامی سے شروع کرتا ہے اور یہ پیش امام مسجد کے نزدیک جتنی جگہ ہوتی ہے ، اسے یہ کہہ دے گا کہ یہ خدا کی زمین ہے - اب وہ اس میں باغ بنا لے گا - اس میں اپنا گھر بنا لے گا - وہاں سبزی اگائے گا پھر اس کے ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ زمین پر قبضہ ہوتا جائے گا - پھر آیات آ جائیں گی - جس میں، میں ہندو ہو جاؤں گا اور پھر وہ سب کچھ کرتا جائے گا جب تک کہ اس کی دو تین سو ایکڑ زمین نہیں

بن جاتی۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت پارلیمنٹ میں واضح طور پر عوام verdict دے چکے ہیں کہ ان کو اس طرح کا اسلام نہیں چاہیئے - ہم نے کیا کیاwitness نہیں کیا - جناب ضیاء الحق نے اگر اپنی صدارت کو طوالت دینی تھی تو وہ ریفرنڈم کرواتے ہیں کہ اگر اسلام چاہیئے تو ضیاء الحق کو ووٹ دیں - اسلام اور ضیاء الحق اکٹھے ہو جاتے ہیں - ہم کس کو ووٹ دیں - اگر ہم اسلام کے خلاف ووٹ دیں تو وہاں سے فتویٰ آ جائے گا کہ اس کو لٹکاؤ - اس کو سولی پر چڑھاؤ - اگر ہم اس کو ووٹ دیتے ہیں تو ہم غداری کرتے ہیں کیونکہ اس نے جابرانہ طور پر یہاں قبضہ کیا ہوا تھا - اگر ہم اپنی ۴۲ سالہ تاریخ دیکھتے ہیں تو اس میں پتہ چلتا ہے کہ یہاں کتنے سال جمہوریت رہی - تو کیا قائداعظم نے یہ پاکستان اس لئے بنایا تھا کہ اس میں عوام کی نہ حکمرانی ہو گی اور نہ عوام کے ووٹ کا کوئی تقدس ہو گا اور نہ عوام کا حکمرانی میں کوئی حصہ ہو گا - آپ نے اس عرصہ میں کتنے distortions کئے ہیں - ۴۲ سال میں تقریباً ۳۳ سال تک ڈائریکٹ یہاں آرمی کا رول رہا ہے -indirectly جو یہاں جمہوری حکومتیں رہی ہیں ، ان میں ان کا حصہ رہا ہے -

اسلام کے نام پر تو آپ نے ہمارے ہاں انتہا کی ہوئی ہے - ہماری زمین ہڑپ ، ہماری ہر چیز ہڑپ - اب آپ ہمارے پیچھے پڑے ہوئے ہیں کہ تعلیم میں عربی پڑھائی جائے بسم اللہ - ہمیں شوق ہے ، عربی پڑھایئے - اردو کو ختم کیجئے - پھر ہم یہاں عربی میں تقریر کر لیں گے لیکن ہماری mother tongue کا کیا ہو گا - اس خطے میں جو زبانیں ہیں جن کو constitutional protection تھی ، ان کا کیا ہو گا - وہ کہاں پڑھائی جاتی ہیں- ان کو آپ نے کہاں کہاں validity دی- ان کو کہاں کہاں آپ نے cover دیا - یہاں پر ۸۰ فیصد جو آبادی ہے ہمارے پاکستان کی ، وہ اپنی mother tongue لکھ پڑھ نہیں سکتی ہے -

illitrate ہے - اور اب آپ اس کو عربی پڑھا رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ملک بنا تھا - یہ ایک multinational state بنا تھا - اگر آپ اس کو شریعت بل کے ذریعے change کرنے کی کوشش کریں گے تو اس کے اثرات صرف اس ملک ہی میں نہیں پڑیں گے بلکہ اس سے باہر بھی جائیں گے -

آپ کے پڑوسی ملک ہندوستان میں کیا ہو رہا ہے - آپ کے پڑوسی ملک ہندوستان

میں ۱۵ کروڑ مسلمان بستے ہیں - ان پندرہ کروڑ مسلمانوں کا کیا حشر ہو گا جب کہ بی جے پی جیسی ہندوchauvinist تنظیم نے وہاں حکمرانی قائم کر لی - کیونکہ وہاں secular independent stance رکھنے والے راجیو گاندھی کو تو مار دیا گیا ہے - وہاں تو بڑاconfusion ہے اس وقت - اگر آپ یہ شریعت بل پاس کر کے یہاں کیminorities کو رفع دفع کر رہے ہیں ، یہاں کی minorities کو اور women کو second grade citizen بنا رہے ہیں تو پھر ہندوستان کو کون سی چیز روک سکتی ہے، کون سیagreement روک سکتی کہ وہ اپنے آپ کو ہندو اسٹیٹ declare نہ کر دے - وہاں تو وہmajority میں ہیں، یہی پوزیشن ہے جیسے ہماری یہاں پوزیشن ہے - اگر انہوں نے بھی ہندوستان میں minorities کے ساتھ ایسا سلوک کیا تو پھر کیا آپ ۱۵ کروڑ مسلمانوں کو یہاں آباد کرینگے - مجھے بتائیے کہ ان کو لینے کے لئے کون سا صوبہ تیار ہے - سندھ والوں نے توبہ کر لی ہے - معافی مانگتے ہیں - ہم نے تو پہلے ہی کہہ دیا ہے کہ ہمارا اسلام کے نام پر اور ہمارا پاکستان کے نام پر بیڑہ غرق ہو گیا ہے - 80% of the total property has gone میرے شہروں میں ، میرا وجود نہیں ہے- میں اپنے شہروں میں ہی یتیم ہوں - یعنی تاریخ کا ایک جبر تھا کہ حیدرآباد اور کراچی کے شہر سندھ کا اصل وارث سندھی کیمپوں میں مہاجر تھا - اگر ہم اپنی زمینوں کی طرف دیکھتے ہیں تو ۲۰ سے ۲۵ لاکھ ایکڑ فوجی جرنیلوں کو دے دی گئی ہیں - مجھے بتائیں کہ اتنی زمین کسی اور صوبے نے جرنیلوں اور کرنیلوں کو دی ہے - کیا بین الاقوامی یتیم خانہ اکیلا سندھ ہے کہ ہر چیز ہم میں سے ہی گزرنی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس بل سے آپ اس پورے خطہ کے لئے ایک پرابلم شروع کر رہے ہیں - ادھر آپ نے یہ بل پاس کیا اور ادھر انہوں نے ہندوستان کو ہندو اسٹیٹ declare کرنا ہے - بی جے پی نے اس معاملے میں بڑاgain کیا ہے -

جناب چیئرمین! یہ بات نوٹ کرنے والی ہے - الیکشن کے دوران اور الیکشن سے پہلے ، وہاں اس دن سے جب یہاں fundamentalists نے بل پیش کرنے کی کوشش کی ہے ، یہاں بل discuss کرانے کی کوشش کی ہے، ایک عجیب قسم کی بی جے پی نے ground gain کی ہے- اگر آپ یہاں کریں گے تو پھر ان کو آپ نہیں روک سکتے- اس سے آپ اس خطہ میں بہت بڑا نقصان کرا کر بیٹھیں گے ، جس کا آپ کو شاید اس وقت اندازہ ہی نہیں ہے- میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے آئین میں اتنا اسلام موجود ہے، آپ کی زندگیوں میں اتنا اسلام موجود ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی بل کی ضرورت ہی نہیں ہے - ہاں اگر آپ پوری سوسائٹی کو retrograde کرنا چاہتے ہیں ، آپ نے صرف cofusion create کرنے کا ٹھیکہ اٹھایا ہوا ہے that is something else آئی جے آئی میں جو کھچڑی

ہے وہ تو ہے لیکن اس میں مسلم لیگ واضح اکثریت سے بیٹھی ہوئی ہے ، مجھے بتا دیا جائے کہ مسلم لیگ کی کون سے commitments ہیں جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کہ شریعت اس ملک کا قانون بنے گی -

جناب والا! حدیث جو ہے وہ تو بولی بلائی ہوئی ہے نا- یہ حدیث کوئی لکھی ہوئی کتاب تو نہیں ہے- یہ تو ایسے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس جس سے کوئی بات کی ، اس نے کسی دوسرے سے بات کی اور اس نے پھر کسی دوسرے سے بات کی ، اس طرح سے یہ حدیث بن گئی - اب ہو سکتا ہے کہ اس میں زیر زبر کا بھی فرق ہو لیکن اگر authenticity ہے تو قرآن شریف کی ہے ، آپ اس کے مطابق قانون لائیں -

میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں ۹۵ فیصد لوگ مسلمان آباد ہیں - آپ یہاں اسی ہاؤس میں دیکھ لیں کہ یہاں کتنے لوگ مسلمان بیٹھے ہوئے ہیں کوئی ایک بھی غیر مسلم سینٹ کا ممبر نہیں ہے اس سے زیادہ آپ کو اور کیا چاہیئے - میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اسلام تو کمزور مذہب ہے ہی نہیں ، اسلام توexpand ہو رہا ہے - ۱۴ سو سال سے اس کی اپنی ایک حیثیت ہے ، اس میںextension ضرور آئی ہے ، یہ shrink نہیں ہوا ہے - تو پھر آپ کیوں اس کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں ، آپ اس کو controversial state affair میں لا کر کیوں متنازعہ بنا رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ سیاست ، انتظام اورstate affairs میں بھی فرق کرنا چاہیئے - اس میں بہت بڑی تفریق ہے - یہاں جو وزیر بنتے ہیں اور وزیراعظم بنتا ہے اس پر بہت بڑی ذمہ داری ہے - جب آپ قوم سے مینڈیٹ لے کر آتے ہیں تو پھر آپ کے اوپر ذمہ داری بنتی ہے - آپ معاشرے میں حکمرانی کریں لیکن یہ معاشرے میں بھلائی اور بہتری کے لئے کریں -

ٹھیک ہے جناب ، آپ اس ملک میں اسلام لائیں -parity کریں ، کیا یہ کریں گے؟ آپ مجھے بتائیے کہ کتنے کروڑ انسان اس وقت اس ملک میں تین وقت روٹی نہیں کھا رہے ہیں ، کتنے لاکھ افراد اس ملک میں فٹ پاتھوں پر سوتے ہیں - یا جھونپڑیوں میں رہتے ہیں یا جن کے پاس بجلی نہیں ہے - اسلام تو برابری کی بنیاد پر ہو گا - اسلام تو یہ ہو گا کہ جو اسلام آباد میں بیوروکریٹس کوfacilities ہیں ، وہ سہولتیں آپ مجھے گاؤں دے دیں - وہی سہولت آپ مجھے پختونخواہ کے کسی چھوٹے سے گاؤں میں دے دیں- کسی بے چارے کسان کو دے دیں ، وہی سہولتیں آپ بلوچستان میں بلوچوں اور پٹھانوں کو دیں ، اسلام کیا صرف اس لئے آیا ہے کہ وہ اسلام آباد میں بیٹھا ہے -

ٹھیک ہے جی ، آپ شریعت بل پاس کر لیں ، تو پھر ہم اس کے بعد کہیں گے کہ فوج کو ہٹائیں۔ اسلام میں فوج کہا ہے - اسلام میں تو ہر آدمی مجاہد ہوتا ہے ، سٹینڈنگ آرمی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے ، اسلام میں تو فوج کا تصور ہی نہیں - اگر ہے تو مجھے دکھا دیں - اس مسئلہ کو اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کو ریفر کریں۔ جناب چیئرمین! آپ extra constiutional method کیوںadopt کرتے ہیں - جب کہ اس سے متعلق چھ آرٹیکلز آپ کے آئین میں موجود ہیں کہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کے کیا کیاfunctions ہیں - آپ کیوںexctra constitutional means میں جاتے ہیں ، آپ کیوں نئے نئے dimensions لے کر آتے ہیں - آپ نے انہی وجوہات پر کبھی سوشلزم، کبھی روٹی ، کپڑا اور مکان پر اور کبھی اسلام پر - ان تین چیزوں کو آپ نے اتنا exploit کیا ہے کہ عوام تنگ آ گئے ہیں - اگر مجھے اپنی حکمرانی جاری رکھنی ہے تو میں دین کی وہ آیات دوں گا جو مجھے suit کرتی ہیں -

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات واضح ہونی چاہیئے ، آپ کے سامنے چوائس ہے اگر آپ اسلام لاتے ہیں تو مسلم لیگ کی جو حکومت یہاں بیٹھی ہے میں ان سے ڈیمانڈ کرتا ہوں - میں اس ملک کی مظلوم قوموں کی طرف سے ڈیمانڈ کرتا ہوں کہ آپ اگر اسلامی نظام اس شریعت بل کے ذریعے لا رہے ہیں تو پھر آپ ۱۹۴۰ء کی قرارداد جس کے آپ بالکل پابند ہیں ----- چونکہ لاہور کے اس شہر میں انہوں نے بیٹھ کر کہا تھا کہ مسلم لیگ کی متفقہ رائے ہے کہ یہ ملک اسلامی مملکت ہو گا، اس ملک میں قومیں آباد ہوں گی اور ان کے اپنے اپنے تاریخی حقوق ہوں گے - اور پھر یہ آپ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ آپ اس آئین میں ترمیم کر کے ۱۹۴۰ء کی قرارداد کے مطابق صوبوں کو national sovereign units قرار دیں۔ اس سے ہم پھر نہیں ہٹیں گے - ہم عوام میں جائیں گے۔ بالکل ہم عوام کو گلیوں میں لائیں گے اور ڈیمانڈ کریں گے کہ جو آپ نے ۱۹۴۰ء کا ریزولیوشن adopt کیا تھا اس میں کوئی مغالطہ نہیں تھا، آپ اگر قائداعظم کے وارث ہیں اس کی جماعت کا ایک بہت بڑاstruggle ہے، تو پھر آئیں اور ہمیں وہ نظام دے دیں آپ پہلے وہ نظام لائیں پھر اس کے بعد آپ کی شریعت کو بھی دیکھیں گے کیونکہ پہلے قوموں کے درمیان تحریری (معاہدہ) وہ ہے - پھر آپ کہتے ہیں کہ قومیں نہیں ہیں ، ایک پاکستانی قوم ہے - جناب پاکستانی ایک قوم ہے تو پھر آپ نے حال ہی میں پانی کا معاہدہ کس کے درمیان کیا؟ یہ کس کے درمیان ہوا؟ یہ قوموں کا تاریخی معاہدہ تھا - یہ Indus Basin Treaty Agreement Indus River's tributaries of Eastern and Northern parts سے ہوتی آئی ہیں - اس کا کس کے درمیان تصفیہ کیا؟ یہ کیوں وزیراعلی سندھ نے آ

کر سائن کیا؟ اگر آپ ایک قوم ہیں تو پھر کیوں نہ وزیراعظم نواز شریف صاحب نے اس کو سائن کر دیا؟ نہیں جناب نہیں آپ حقیقت کو نہ جھٹلائیں ، آپ الگ الگ قومیں ہیں - ان کے اپنے تاریخی حقوق ہیں ، ان کی تاریخی سرزمین ہے - آپ دیکھیں کہ جو تاریخی تصفیہ آپ نے watres پر کیا ہے اگر اس معاہدہ یا انڈس فیکٹر کو دیکھا جائے تو it is the greatest factor بہت ہی بڑا integrating factor ہو سکتا ہے ، لیکن اس میں بھی اعتراضات ہیں یہ اگر integrating factor ہو سکتا ہے تو یہ disintegrating factor بھی ہو سکتا ہے - ہم اس سے خوش نہیں ہیں- یہ بات میں واضح کرنا چاہتا ہوں یہ جو آپ نے water accord کیا ہے - یہ جو آپ نے ربر اسٹمپ اسمبلی سے وہاں سائن کروا لیا ہے- اسمبلی نے نہیں کیا ہے میرے خیال سے کسی کو یہاں، کسی کو وہاں جوتے مار کر بھگا دیا ہے اور وہاں جو آپ نے چیف منسٹر بٹھا رکھا ہے وہ بہت بڑا خطرناک آدمی ہے تو انہوں نے کن بنیادوں پر سائن کیا - کس بنیاد پر آپ نے قوموں کے یہ تاریخی حقوق کو بغیر قوموں کی approval لئے کیا؟ یہ بات ہم ماننے کے لئے تیار ہیں مخالفت برائے مخالفت نہیں کریں گے ہم ، کہ آپ کی حکومت نے ایک کام ضرور سرانجام دیا کہ CCI کی میٹنگ بلائی یہ ایک اچھا قدم تھا کہ آپ نے کم از کم CCI کی میٹنگ بلائی تو ضرور--------

جناب چیئرمین : کتنا وقت اور لیں گے جتوئی صاحب -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب ابھی تو میں نے شروع ہی نہیں کیا ہے-

جناب چیئرمین : نہیں (ختم کرنے کی کوشش کریں) میرے خیال میں کافی وقت ہو گیا ہے-

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب میں ابھی ختم کر رہا ہوں - ابھی آپ disturb نہ کریں - ------

جناب چیئرمین : جتوئی صاحب! آپ ذرا بل کی طرف آئیں مہربانی کریں -

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ جو یہ نئے dimensions لے کر آتے ہیں آپ کو یہ مدنظر رکھنا پڑے گا کہ یہ multi-national state ہے - اس کو آپ چلا بھی اسی طریقے سے سکتے ہیں - اگر چلانا ہے تو ، اگر آپ نے اس سے زیادہ آگے بڑھنے کی کوشش کی تو آپ کو blockades آئیں

گے - ون یونٹ بھی آپ نے اپنا کر دیکھ لیا تھا - آج (ہمارا) جو حشر ہے وہ انہی فیصلوں کی وجہ سے ہے جو آپ نے یہاں کیا - جو آپ نے ایوانوں سے بلڈوز کرکے پاس کرایا - میں سمجھتا ہوں کہ ایک تصور ہوتا ہے جمہوریت میں تصور ہوتا ہے اداروں کا ، جمہوری معاشرے میں تصور ہوتا ہے اداروں کا ، اور وہ اس کے ادارے ہوتے ہیں sovereign parliament عوام کی جہاں نمائندگی کی جاتی ہے- ہمیں یہاں بھیجا ہی اس لئے گیا ہے کہ یہاں آکر نمائندگی کریں - ہم کوئی ایسی چیز پاس نہیں ہونے دیں گے جو عوام کی نمائندگی نہ کرے، ترجمانی نہ کرے - جو anti-people چیزیں ہوں -

میں آپ کو یہ واضح بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کو موازنہ کرنا پڑے گا، آپ دو ، تین یا چار فیصد سے ڈر کر یہ چیزیں نہ کریں - ۹۴ ، ۹۵ فیصد لوگوں کے پاس جائیں وہ کیا چاہتے ہیں - آپ ریفرنڈم کراکر دیکھ لیں- میں اس کی آپ کو دعوت دیتا ہوں - میں انہی وزراء صاحبان سے پوچھتا ہوں کہ کتنی عورتیں صبح سے لے کر شام تک وفد کی صورت میں آپ کے پاس آتی ہیں- کتنے فورمز انہوں نے بنائے ہوئے ہیں کہ ہماری ترجمانی وہاں نہیں ہے- ایک لیڈی ممبر یہاں ہمارے ساتھ موجود ہے میں اس کو اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنا

not as our Deputy Chairman and not as a Muslim Leaguer

دیکھیں، کل یہاں پر جتنے بولے ان کی تقاریر دیکھ لیں ، سب نے کہا کہ بل سے ہم متفق تو نہیں لیکن ہم کیا کریں کہ پارٹی کا فیصلہ ہے - تو جب آپ کی پارٹی کے اندر بھی مخالفت ہے تو کیا بات ہے کہ پھر آپ اس طرح کی چیز کو کیوں لا رہے ہیں بلڈوز کرتے ہوئے -

جناب یہ میں عرض آپ کو کرتا ہوں کہ یہ آپ کے پورے ریجن کو لے ڈوبے گی - خدارا آپ نہ کریں اس طرح ، آیئے ہم آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں ، آپ کی اس سے جان چھڑانے کے لئے مدد کرنا چاہتے ہیں - ہم جانتے ہیں کہ آپ کے اوپر بہت بڑا دباؤ ہے تو پھر آپ ریفرنڈم کروالیں - آپ عوام کی طرف رجوع کریں - اگر عوام چاہتے ہیں کہ یہ شریعت ہو تو پھر ٹھیک ہے ، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے - لیکن یہاں جو نمائندے بیٹھے ہیں ان کو بھی آپ کو consider کرنا پڑے گا -

جناب اس کے بعد بل میں تعلیم کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اسلامائیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے ؟ میڈیکل اور انجینئرنگ میں جب آپ ان کو subjects دیں گے مزید دو تین

subjects اس بل کے تحت آپ کو دینے ہوں گے کونسی ٹیکنالوجی آپ aguire کریں گے -

پھر آپ نے ایک اور چیز سوچی ہے کہ یہاں پر اقلیتیں (غیر مسلم) بھی رہتی ہیں جو آپ کے اسی تعلیمی سسٹم کے تحت تعلیم حاصل کرتی ہیں ، افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وزیر تعلیم یہاں نہیں ہیں انہوں نے کہا تھا کہ ہم اس سارے ایجوکیشن سسٹم کی اوورہالنگ کریں گے upgrade کریں گے - ہم اس کو بین الاقوامی معیار تک لے کر آئیں گے - تو آپ نے کیا فیصلہ کیا ہے کہ جو غیر مسلم رہتے ہیں ان کا علیحدہ تعلیمی نظام ہوگا- یہ دو دو تعلیمی نظام آپ رائج کریں گے - جس طرح آپ نے ووٹنگ میں علیحدہ سسٹم کیا ہے اسی طرح تعلیم کا بھی ہوگا ؟ یہ کسی طرح ممکن ہے ؟

جناب آپ نے ہیلتھ کے بارے میں بھی کہا کہ اس میں بھی اسلامائزیشن کریں گے- جناب آپ سعودی عرب میں نہیں رہے- خدارا سوچیئے سارے لوگ امیر نہیں ہیں- آپ کی اقتصادی حالت یہ ہے کہ امریکہ ناراض ہو گیا تو آپ کی حالت worst ہوگئی ، اقتصادی لحاظ سے آپ ختم ہو چکے ہیں - اگر اسلام کی بات کرتے ہیں تو آپ کو معاشرے کو parity کی بنیاد پر لانا پڑے گا - آپ کس طرح لیڈی مریض کو منع کریں گے کہ وہ male سے علاج نہ کرائے - کس طرح سے آپ male students کو منع کریں گے کہ lady teacher سے تعلیم نہ لے- ہم جس سوسائٹی میں رہ رہے ہیں، جس سوسائٹی میں ہمارا وجود ہے - ۸۰ فیصدی آپ کی آبادی جو دیہاتوں میں رہتی ہے ان کے لئے میل ڈاکٹر میسر نہیں تو female ڈاکٹر آپ ان کے لئے کہاں سے لائیں گے -

جناب چیئرمین ! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آئی ایم ایف ، ورلڈ بینک جس کے ہاتھوں گروی ہو چکے ہیں - ۱۵ نومبر ۱۹۸۸ء کو کنیئرٹیکر گورنمنٹ دستخط کرتی ہے آئی ایم ایف کی ڈیل پر - ۱۶ نومبر کو انتخابات ہوتے ہیں - آپ نے یہ جو آئی ایم ایف کی ڈیل کی ہے آپ نے جو انٹرنیشنل ایجنیز سے یہ سب چیزیں منگوائی ہیں، آپ کس طرح اس کو fulfil کریں گے - سود کو دیکھیں تو سود کے لئے قرآن مجید میں موجود ہے کہ جو سود لیتا ہے اور سود دیتا ہے وہ مرے ہوئے ماں باپ کا گوشت کھاتا ہے - سود حرام ہے - یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کتنے ماں باپ کا گوشت کھاتے ہیں سود لے کر اور سود دے کر - ہم کم از کم آن ریکارڈ یہ بات رکھنا چاہتے ہیں اس پارلیمنٹ کے ذریعے کہ پاکستانی عوام کے نمائندوں یعنی ہم نے اس بل کی مخالفت کی کیونکہ یہ بل کسی بھی طرح قرآن کے مطابق نہیں ہے - کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ اس ملک کے ۷۳ء کے آئین میں پہلے ہی سے اسلام

موجود ہے -

پھر اس کے علاوہ جناب - obscenityکون سی obscenity ٹی وی پر آپ برقعہ پہنا کر خبرنامے میں لے کر آئیں گے - میرے دوست اقبال حیدر صاحب نے یہاں اسلام آباد کا واقعہ بتایا کہ اسلام آباد میں musical party تھی، اس میں چند مولانا حضرات آ گئے کہ یہ بند کرو - آپ نے اس ملک کے عوام کی تمام entertainment ختم کرنی ہے - آپ نے عورتوں کو منع کرنا ہے کہ تم شاپنگ سینٹرز میں شاپنگ کرنے نہ جاؤ - اگر جاؤ تو اپنے آپ کو بوری میں بند کر کے جاؤ- جناب میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اس طرح کی چیزیں کریں گے تو ویسے بھی رائج نہیں ہوں گی قطعاً رائج نہیں ہوں گی - آپ کو شوق ہے تو آپ کر لیں -

اس کے علاوہ جناب چیئرمین ! بیت المال - شاہ صاحب نے بھی کل یہی بات کی کہ جی آپ کیا کرنا چاہتے ہیں ؟ بیت المال کا ایک تصور ہے - ایک خزانہ ہے - اب ہم نے جو witness کیا ہے، اس ملک کے بیت المال کا جو حشر ہم نے دیکھا ہے - کبھی دیکھتے ہیں کہ وزیر قانون پھنسا ہوا ہے ۲۸ لاکھ کے چندے میں - گورنمنٹ کا فنڈ اپنے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کروا کر بیٹھا ہوا ہے - کبھی دیکھتے ہیں کہ پانچ پانچ روپے کی دستاویز پر بینکوں سے کروڑوں روپے کا قرض لیا جاتا ہے - کہیں ایسا تو نہیں کہ کسی مخصوص طبقے کی الیکشن compaign کے لئے یہ بیت المال استعمال کیا جائے - میں سمجھتا ہوں کہ قرآن کے مطابق جو چیزیں ہیں وہ آپ لائیں -

Protection of life, liberty and property. یہ پہلے ہی سے آئین میں موجود ہے جناب - بہت protection ہے ویسے بھی خدا کی مہربانی سے اسلام آباد تک تو پہنچ گئی ہے protection اسلام آباد میں بھی ہم نے سنا ہے کہ گھروں کا صفایا ہونا شروع ہو گیا ہے - ڈاکو آگئے ہیں - کچھ تو ہم نے ایم این ایز کی صورت میں بھیج دیئے تھے وہاں سے یہاں پر مرض آہستہ آہستہ آگے آرہا ہے - آپ کو یہ دیکھنا ہے کہ لاء اینڈ آرڈر ہو ، شہریوں کی پراپرٹی اور لائف کی protection ہو وہ حکومت ٹیکس وصول کرنے کی اہل ہوتی ہے جو عوام کو پروٹیکشن دے سکے - اس وقت عوام کی حالت یہ ہے کہ ہمیں پتہ نہیں کہ ہم گھر سے نکلنے کے بعد واپس آ بھی سکیں گے کہ نہیں - میں سمجھتا ہوں کہ آپ کسی شریعت کے ذریعے کوئی پروٹیکشن نہیں دے سکتے - آپ کو اس کے لئے ایک طریقہ adopt کرنا پڑے گا - وہ سیدھا سیدھا لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے - انتظام کا مسئلہ ہے - وہ آپ

انظام کے طور پر چلائیں -

پارلیمنٹ کو آپ نے یہاں پر تحفظ دیا ہے کہ supremacy of parliament برقرار رکھی جائے گی - لیکن ساتھ ساتھ آپ نے ایک vague چیز چھوڑی ہوئی ہے وہ ہے کورٹ کی انٹرپریٹیشن کی - اگر آپ نے مبہم رہنے دیا کہ کوئی بھی کورٹ انٹرپریٹیشن کر سکتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں یہ خدشہ ہے کہ کل یہ fundamentals اسی کو base بناتے ہوئے ایسی interpretations کریں گے جس سے آپ کی پارلیمنٹ کی supremacy بھی ختم ، عوام کی حکمرانی بھی ختم ، آپ بالکل ان کے سامنے یرغمال بن جائیں گے اور آپ بالکل ان کے سامنے مجبور ہو جائیں گے اور جب آپ ان کی interpretation کی مخالفت کریں گے تو وہ کہیں گے کہ یہ قرآن اور خدا کی مخالفت کر رہے ہیں - لہٰذا اس کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے - بہرحال چونکہ ہم نے اس شریعت بل کو مکمل طور پر مسترد کیا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ نہ میں اس میں ترامیم دوں گا اور نہ اس پر مزید بات کروں گا - میں نے اپنی رائے دے دی - میں آخر میں آپ سب کا شکر گزار ہوں اور آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ مہربانی کرکے اس بل کو واپس لیا جائے - شکریہ !

جناب چیئرمین : شکریہ جی - جی جناب امیر حسین صاحب -

چوہدری امیر حسین : جناب والا! میں یہ ریکوئسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ تیسرا دن آج ہو گیا ہے ، پہلی خواندگی شروع ہے ، تو میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ

after taking sense of the House

میں جناب ۲۰۲ کے تحت یہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ بحث unduly protracted ہو گی اور لمبی بھی ہو گی اور بہت سی باتوں کی repetition بھی ہو رہی ہے - اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر فاضل ممبر کو بولنے کا حق ہے اور بولنا بھی چاہیئے - اور اس سے ہم انشاء اللہ استفادہ بھی کریں گے - تو آج پہلی خواندگی ہے - اگر ہم ہاؤس کی sense لے کر اس نتیجے پر پہنچتے ہیں تو پھر میں ۲۰۲ (۱) کے تحت جناب یہ تحریک پیش کرنا چاہتا ہوں-

Sir, I beg to move that under Rule 202.........

(مداخلت)

Mr. Chairman: You do not have to formally move the motion.

اس وقت میرے پاس کوئی اٹھارہ حضرات کی فہرست ہے - اس میں سے جتوئی صاحب کی تقریر ہو چکی ہے - باقی تقریباً سترہ افراد ہیں - آپ کی بات صحیح ہے کہ کافی لمبا ہو گیا ہے -= اس لئے اگر تھوڑی بہت لمٹ کر دی جائے تا کہ ہر ایک کو موقع بھی مل جائے۔ تو گھکی صاحب آپ کا کیا خیال ہے؟

جناب منظور احمد گھکی : میں جناب والا! یہ کہنا چاہوں گا - پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں - صبح بھی یہ رولز relax ہوئے ہیں اور پرائیوٹ ممبرز ڈے بھی چلے جاتے ہیں - ابھی کافی ممبران کو بولنا ہے - اتنی جلدی ان کو کیا ہے - کم از کم ایک دو دن تو دے دیں -

جناب چیئرمین : ابھی ان سے پوچھتے ہیں -

چوہدری امیر حسین : جناب میں گزارش کرتا ہوں - جناب والا! طے یہ ہوا تھا کہ پارٹی لیڈرز کے لئے کوئی لمٹ نہیں ہو گی -

(مداخلت)

اخونزادہ بہرہ ور سعید: پوائنٹ آف آرڈر جناب -

جناب چیئرمین : ایک منٹ - ان کی بات سن لیں - پھر آپ کی بھی سنتے ہیں - جی -

چوہدری امیر حسین : ہماری طرف سے کوئی interruption نہیں ہوئی ہے- ہر ایک نے اپنا نکتہ نظر بیان کیا - بلا وجہ کوئی مداخلت بھی نہیں ہوئی - تو it is upto the House میں نے ایک request کی ہے - آپ ایوان کی رائے لے لیں -

جناب چیئرمین : جی ڈاکٹر بشارت الہٰی صاحب آپ کا خیال ہے؟

ڈاکٹر بشارت الٰہی : جی وزیر صاحب کہہ رہے تھے کہ ایوان نے یہ فیصلہ کیا تھا میں نے کہا normally it is the House who decides لیکن اس قسم کا کوئی فیصلہ ہوا نہیں ابھی تک -

جناب چیئرمین : تو کیا خیال ہے آپ کا -?What do you propose کوئی لمٹ کر دی جائے؟

ڈاکٹر بشارت الٰہی : اگر آپ نے سب کو موقع دیا ہے -
for any length of time I think it will be very unfair to limit the speakers who come.
اب جو آ رہے ہیں اگر آپ ان کے لئے لمٹ کر دیں گے -
That is not fair.

جناب چیئرمین : جی عباس شاہ صاحب -

سید عباس شاہ : کچھ حد تک limitation ہونی چاہیئے - کیونکہ پھر کافی لمبا بھی ہو جاتا ہے -

جناب چیئرمین : ۲۰۲ کا منشا یہی ہے - جی جناب بہرہ ور سعید صاحب -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میں جناب یہ عرض کروں گا کہ واقعی یہ تیسرا دن ہے وزیر صاحب نے صحیح فرمایا ہے- لیکن آپ نے تو ان لوگوں سے پوچھا جو تقریر کر چکے ہیں -

جناب چیئرمین : جی صحیح ہے یہ بات -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : اپنی مرضی کے مطابق وہ اپنا وقت لے چکے ہیں - اب جب ہماری باری آئی ہے.....میں اس حق میں نہیں ہوں کہ کوئی ٹائم لمٹ ہو - یہ بہت اہم بل ہے - اس پر ہمیں چاہے کل صبح تک بیٹھنا پڑے ، ہم اس کے لئے تیار ہیں - مگر ہمیں پورا موقع ملنا چاہیئے -

جناب چیئرمین : ان کی ایک تجویز ہے اس وقت ساری پارٹیوں کی یہاں نمائندگی ہو رہی ہے - اس لئے پارٹی لیڈر کے ذریعہ سے یہاں ان کا نکتہ نظر آ جائے گا اگر اس کو بغیر پابندی کے وقت دے دیا جائے - دیگر حضرات جو ہیں ان کے لئے کچھ وقت کی پابندی لگا دی جائے -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : یہاں جناب پارٹیوں کے لیڈر بول چکے ہیں- سوال پارٹیوں کے لیڈروں کا نہیں ہے بلکہ ضرورت اس امر کی ہے جس طرح سب کو پہلے بغیر پابندی کے وقت ملا ہے ، اسی طرح دوسرے دوستوں کو بھی موقع دیا جائے - اب کیا ضرورت پڑ گئی ہے کہ ہمارے لئے time limit رکھی جائے-

جناب چیئرمین : مشکل یہ ہو رہی ہے------

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب والا! یہاں ایسے سوالات پیدا ہوتے ہیں جو بھی مقرر تقریر کرتا ہے اس کی تقریر سے نئے سوالات پیدا ہوتے ہیں، ان کا ہمیں جواب دینا پڑتا ہے - وزیر صاحب اگر چاہتے ہیں کہ ہم ان کا جواب نہ دیں تو پھر ٹھیک ہے -

جناب چیئرمین : مشکل یہ پیش آ رہی ہے کہ غالباً بجٹ سیشن جو ہے وہ ۳۰ تاریخ کے لگ بھگ شروع ہو جائے گا - اس کے بعد وزراء صاحبان اور حکومت کی توجہ بھی بجٹ کی طرف ہو جائے گی - اس لئے میرا خیال ہے کہ ہمیں یہ دقت پیش آئے گی آج ۲۷ تاریخ ہو گئی ہے - جس کا مقصد یہ ہے کہ ۲۸ ، ۲۹ اور ۳۰ تین دن باقی ہیں ----

چوہدری امیر حسین : ۳۰ کو بھی صبح کیبنٹ میٹنگ ہو گی اس لئے ۳۰ کو بھی اجلاس مشکل ہو گا- ہمارے لئے یہ مشکل ہے - اخونزادہ صاحب، آپ کی کیا تجویز ہے -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جی، میری یہی تجویز ہے کہ کوئی لمٹ نہیں ہونی چاہیئے-

جناب چیئرمین : جی، میرا خیال ہے کہ جو نہیں بولے ہیں ان سے پوچھ لیتے ہیں - جی پروفیسر خورشید صاحب -

ایک معزز رکن : جی وہ بول چکے ہیں -

جناب چیئرمین : نہیں ، ابھی انہوں نے بولنا ہے - (پروفیسر خورشید صاحب سے مخاطب ہو کر) آپ کا کیا خیال ہے -

پروفیسر خورشید احمد : میرا خیال ہے کہ آپ دو سیشن کیا کریں اور اراکین کی تقریروں پر لمٹ نہ لگائیں -

جناب چیئرمین : اچھا جی - جناب شہزاد گل صاحب -

جناب شہزاد گل : جناب والا! وزیر صاحب کل بھی سارا دن یہاں بیٹھے رہے اور انہوں نے یہ اعتراض نہیں کیا تھا - انہیں چاہیئے تھا کہ وہ کل اس پر اعتراض کرتے تا کہ ایک طرح کی پالیسی اختیار کی جاتی - جناب والا! اس پر تمام ممبران بولنے کا حق رکھتے ہیں - کل تک تو کسی کے بولنے پر کوئی پابندی نہیں تھی ، اور آج باقی ممبران پر قدغن لگائی جا رہی ہے - اگر ان کو تقریر سے روکا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے ساتھ بڑی زیادتی ہو گی - یہ کوئی اتنی repetition نہیں کریں گے - لیکن بات اتنی ہے کہ ان سب کو موقع ملنا چاہیئے کہ وہ وقت کی پابندی کے بغیر بول سکیں - ہمیں بھی احساس ہے کہ جتنا کم سے کم وقت ہو سکے وہ ہم لیں - لیکن اگر وقت کی پابندی لگائی جائے تو یہ ناانصافی ہو گی -

جناب چیئرمین : قاضی حسین احمد صاحب -

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین! میں تو سمجھتا ہوں کہ کام کی باتیں جو ہیں یہ تو پندرہ منٹ میں ہو جاتی ہیں اور اگر کوئی irrelevant بولنا چاہے تو اس کے لئے تو پانچ گھنٹے بھی کم ہیں - اگر سارے ملک کی باتیں کرنی ہوں اور جس جس کے خلاف بغض ہو وہ یہاں نکالنا ہو اور اس بغض کو شریعت بل کے ذریعے نکالنا ہو تو اس کے لئے تو پانچ گھنٹے بھی کم ہوں گے - لیکن اگر کسی نے relevantبات کرنی ہے اور شریعت بل پر کرنی ہے تو میرا خیال ہے کہ آدھ گھنٹہ اور پندرہ منٹ میں بھی بات ہو سکتی ہے -

جناب چیئرمین : جناب کھوسو صاحب -

جناب سہراب خان کھوسو : جناب والا! یہ اسلامی ملک ہے ، ہم یہاں ان باتوں میں وقت ضائع کر رہے ہیں ، ضرورت اس بات کی ہے کہ جلدی سے شریعت بل پاس کریں ، میں تو سمجھتا ہوں کہ اس پر کسی کو نہیں بولنا چاہیئے -

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے کہ جیسے قاضی صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ آدھا گھنٹہ یا پندرہ منٹ ٹھیک ہیں اس سے زیادہ نہیں بولنا چاہیئے - I think, that is reasonable. جی جبار صاحب -

ایک معزز رکن : یہ کیا آپ کی کوئی رولنگ ہے -

جناب چیئرمین : یہ رولنگ نہیں ہے -

اخونزادہ بہرہ ور سعید : چاہے کوئی پانچ منٹ بولے مگر ہم قاضی صاحب کی بات کے ہرگز پابند نہیں ہیں -

میر عبدالجبار : جناب والا! یہاں ہم کروڑوں عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں اور یہ بہت نازک مسئلہ ہے جو اس وقت زیر بحث ہے جس کا تعلق اللہ اور اللہ کے رسول کے قانون سے ہے - میں چاہتا ہوں کہ آپ یقیناً ان حضرات کو بولنے دیں اور جو صاحب جتنا بولنا چاہیں بولیں وقت کی پابندی نہ لگائیں -

جناب چیئرمین : یہ ٹھیک ہے کہ وقت کی پابندی نہ لگائی جائے - میں اتفاق کرتا ہوں - لیکن اس کے لئے پہلی ضرورت یہ ہے کہ Please now speak on the Bill. یعنی یہ نہ ہو کہ جیسے کہ قاضی صاحب نے فرمایا ہے کہ سارے پاکستان کے جھگڑے ادھر ہی نمٹانے شروع کر دیئے جائیں ، میرا خیال ہے کہ آپ بل پر بولیں ، اس لئے فی الحال درخواست کی جاتی ہے - Try to be brief and to the point. اور پھر دیکھتے ہیں کہ گھنٹے کے بعد یا دو گھنٹے کے بعد کیا صورت نکلتی ہے - We can review the situation.

چوہدری امیر حسین : جناب والا! میں ایک اور درخواست کرنا چاہتا ہوں -

جناب والا! یہ درست بات ہے کہ relevantبولنا چاہیئے اور سب دوست relevantہی بولے ہیں- میری تجویز ہے کہ وقت کی لمٹ مقرر نہ کی جائے اور اگر آج لیٹ بیٹھ لیا جائے تو بہتر ہو گا - کیونکہ ۲۰ تاریخ کو بجٹ سیشن شروع ہو گا اور ۳۰ کو ہی صبح کیبنٹ میٹنگ بھی ہے - ویسے بھی جب پہلے دن بحث شروع ہوئی تھی تو کچھ دوستوں نے فرمایا تھا کہ آج تو کوئی لمٹ نہیں ہے، اس وقت جناب ہی preside فرما رہے تھے - شاید اعجاز جتوئی صاحب نے کوئی بات کی تھی تو آپ نے فرمایا تھا کہ کل کا فیصلہ کل کے مطابق ہی کریں گے -

جناب چیئرمین : وہی تو میں نے کہا ہے -

چوہدری امیر حسین : اس لئے جناب والا! میری درخواست ہے کہ اس وقت کوئی وقت کی پابندی مقرر نہ کی جائے لیکن اتنا ہو جائے کہ اگر آج first reading پاس ہو جائے ------

جناب چیئرمین : جی ، یہ کوشش کرتے ہیں لیکن requestیہی ہے کہ فی الحال آپ مہربانی کر کے یہ کوشش کریں کہ تقریر اختصار سے ہو اور بل پر بات کریں - بل پر بات ضرور کریں لیکن پاکستان کی تاریخ ، پاکستان کا جغرافیہ ، پاکستان کی معاشی مشکلات ، پاکستان کی اقتصادی مشکلات کو زیر بحث نہ لایا جائے ان سارے مسائل کو بعد میں دیکھیں گے -

Syed Abdullah Shah: They are part of the Bill and we cannot leave it.

چوہدری امیر حسین : میرا خیال ہے کہ ہاؤس کی یہconsensus ہے کہ اس وقت کوئی لمٹ مقرر نہ کی جائے لیکن میری درخواست ہے کہ آج First Readingختم ہونی چاہیئے -

جناب چیئرمین : دیکھتے ہیں جی - جی خلیل الرحمان صاحب-- absentاب جو absent ہے اسے دوبارہ نہیں بلایا جائے گا -

چوہدری امیر حسین : جناب والا! فرض کریں کہ اگر repetition ہوتی ہے

یا غیر متعلقہ باتیں کی جاتی ہیں تو پھر میری درخواست ہے کہ جناب اپنا اختیار استعمال کریں۔

جناب چیئرمین : کیا مجھے اس کی اجازت ہے اگر کوئی ممبر repetition کرتا ہے تو میں اسے اس سے روک سکوں ۔

Not only you will not repeat yourself but also not repeat the arguments of the other members.

جی جناب بہرہ ور سعید صاحب ۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب والا! یہاں کافی دوستوں نے ایسی باتیں کی ہیں جن کا اس بل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں تھا ۔ بلکہ اس ہاؤس سے متعلقہ اراکین اور سیاست سے تھا ۔ ان باتوں کے بھی ہمیں تھوڑے تھوڑے جوابات دینے ہوں گے ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے جی ، پانچ دس منٹ میں وہ بھی ہو جائے گا ۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید : پہلے ہم ان کا جواب دیں گے اور اس کے بعد بل پر بات کریں گے ۔

جناب چیئرمین : جی ، جناب لالیکا صاحب ۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب والا! میری التماس ہے کہ جب یہ بل پیش ہوا تو میں جمعرات اور جمعہ کو ناگہانی وجوہات کی بنا پر ایوان میں موجود نہیں تھا ۔ ہفتہ اور اتوار ۲۵ اور ۲۶ تاریخ کو بھی میں یہاں موجود نہیں تھا ۔ اس لئے میں نے درخواست کی ہے کہ ازراہ کرم مجھے بھی ۵/۱۰ منٹ دیئے جائیں ۔ بے شک سب ممبران کے بعد مجھے موقع دے دیا جائے ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے مگر پانچ منٹ ، آپ کے لئے خصوصی پانچ منٹ ۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر : جن کے نام پہلے پکارے جا چکے ہیں ان کو اب موقع نہیں ملنا چاہیئے ۔

(مداخلت)

جناب عالم علی لالیکا : جناب والا! ان کا اعتراض بجا ہے لیکن میری مجبوری اپنی جگہ پر ہے کہ میں ہاؤس میں موجود ہی نہیں رہا ہوں - ۲۵/۲۶ تاریخ کو یہاں موجود نہیں تھا-

جناب گلزار احمد حان : جناب والا! میں عرض کروں گا کہ مجھے بھی پانچ منٹ دیئے جائیں -

جناب چیئرمین : آپ کو پانچ منٹ چاہیئں -

جناب گلزار احمد خان : جی ہاں -

جناب چیئرمین : آپ کو پانچ منٹ مل جائیں گے - جس کا نام پہلے بولا جا چکا ہے اس کو موقع نہیں ملے گا - بہرحال خلیل الرحمان صاحبabsentشہزاد گل صاحب ، جی آپ تقریباً کتنا وقت لیں گے -

جناب شہزاد گل : ۱۵/۲۰ منٹ تو ہوں گے - البتہ آدھے گھنٹے سے زیادہ وقت نہیں لوں گا-

جناب چیئرمین : آج تو قاضی صاحب نے معیار مقرر کر دیا ہے اب دیکھتے ہیں کہ آج اس معیار پر کون پوار اترتا ہے -

جناب شہزاد گل : جی بالکل آدھ گھنٹے سے کم وقت لوں گا اس سے زیادہ نہیں لوں گا -

جناب چیئرمین : آج دیکھتے ہیں کہ جو معیار قاضی صاحب نے مقرر کیا ہے اس پر کون کون پورا اترتا ہے - چلئے جناب ، آپ شروع کیجئے - کوشش کریں کہ دس منٹ میں آپ کی بات مکمل ہو جائے - قاضی صاحب نے کہا ہے کہ پندرہ منٹ میں اپنی بات

مکمل ہو سکتی ہے -

جناب شہزاد گل : بسم اللہ الرحمن الرحیم - محترم چیئرمین صاحب! آج شریعت بل پر اظہار خیال کرتے ہوئے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ملک پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا اور یہاں پر مسلمانوں کی غالب اکثریت ہے - تحریک آزادی کے دوران نعرے لگتے تھے کہ پاکستان کا مطلب کیا - لا الہ الا اللہ - لیکن قریباً چوالیس سال ہونے کو ہیں کہ اس طویل عرصے میں یہاں پر اسلامی نظام یا اسلامی قوانین کا نفاذ نہیں کیا گیا - درحقیقت سابقہ حکمران اسلامی نظام کے نفاذ میں سنجیدہ نہ تھے یا مخلص نہ تھے- کہا گیا کہ قراردادمقاصد پاس کی گئی تھی لیکن وہ محض ایک قرارداد تھی - اسے اس وقت آئین کا حصہ نہیں بنایا گیا تھا اور نہ ہی اسے ایک قانون کی شکل میں لایا گیا تھا -

جناب والا! قرارداد مقاصد تو پاس ہو گئی لیکن اس وقت اسلامی قانون یا اسلامی نظام کیسے نافذ ہو سکتا تھا جبکہ اس وقت پاکستان کا وزیر قانون ایک غیر مسلم جوگندر ناتھ منڈل تھا ، وہ پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ میں کیسے مخلص ہو سکتا تھا - دراصل اس سے اسلامی نظام کے نفاذ کی توقع نہیں ہو سکتی تھی اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ اگر بات بگڑی ہے تو اپنوں سے بگڑی ہے - درحقیقت اسلام جو ہے یہ غیر متنازعہ ہے - ہم سب مسلمان ہیں ، اسلام کے نظام پر کوئی جھگڑا نہیں ہے اور نہ ہی اسلام کے نفاذ پر کوئی جھگڑا ہے - بات دراصل یہ ہے کہ قرآن میں تو ہے - ان الدین عنداللہ الاسلام - اسلام جو ہے وہ دین ہے اور دین جو ہے وہ code of life ہے - دین کو بعد میں شریعت میں تبدیل کر دیا گیا- شریعت کا لفظ میری معلومات کے مطابق قرآن میں کہیں نہیں ہے- لیکن اس مفہوم میں یہ آرہا ہے- اس سینس میں نہیں ہے کہ دین کو شریعت میں تبدیل کر دیا گیا اور پھر بعد میں قرآن و سنت میں درج احکام الہٰی کی تشریح اور توضیح پر اختلافات پیدا ہوئے - نہ صرف علماء و فقہا کے درمیان بلکہ صحابہ اور تابعین کے درمیان بھی اختلافات پیدا ہوئے اور ان اختلافات میں مسلمانوں کو مختلف نظریات کے حامل گروپوں میں تقسیم کیا گیا اور وہ اختلافات ایسے شدت اختیار کر گئے کہ آج تک چلے آ رہے ہیں اور (اس بنا پر) مختلف فرقے بن گئے اور وہ اپنے اپنے نظریات پر ایسے قائم ہیں کہ ایک دوسرے کے پیچھے نماز تک نہیں پڑھتے اور ایک دوسرے کو کافر کہہ چکے ہیں- اسلام اب صرف عبادات کا نام رہ گیا ہے اس میں وہ جو دین کا تصور تھا وہ ختم ہو گیا ہے -

جناب والا! موجودہ بل شریعت کے نفاذ کے نام پر آیا ہے اور اس میں یہ ہے کہ

قرآن و سنت کو سپریم لاء قرار دیا جائے - بات دراصل یہ ہے کہ اگر قرآن و سنت کو سپریم لاء قرار دیا جائے تو پھر یہ مسئلہ دنیوی معاملوں میں عدالتوں میں ہمیشہ متنازعہ رہے گا کہ کونسی فقہ کو اور کون سی تشریح کو کس فرقے کی interpretation کو عدالت نافذ کرے ، عدالت follow کرے - اس سے یہی ہو گا کہ کون سی فقہ کون سی شریعت- بہتر یہ ہوتا کہ قرآن و سنت کو source of law قرار دیا جاتا اور قرآن و سنت سے احکام الہٰی کے علاوہ دنیاوی معاملات میں رہنمائی حاصل کی جاتی اور جملہ فیصلے جو تھے وہ قرآن و سنت کی رہنمائی میں ان سے مدد لے کر کئے جاتے تو مشکلات اور تنازعات بھی نہ ہوتے اور یہ کام جو تھا اس سے اس قسم کے جھگڑے اور تنازعات پیدا نہ ہوتے -

جناب والا! موجودہ شریعت بل جو ہے اس میں مختلف قوانین کے بنائے جانے کا ذکر ہے لیکن اس میں اسلامی نظام کے نفاذ کا ذکر نہیں ہے ایک اسلامی نظام ہے، نظام حکومت، اور ایک "اسلامی قوانین" ہیں تو اس میں اسلامی نظام کے نفاذ کا کوئی ذکر نہیں ہے اور قوانین بنانے سے اسلام نافذ نہیں ہو جاتا جو بنیادی حقوق ہیں اور جن کے متعلق قوانین بنانے کا اس شریعت بل میں ذکر ہے وہ بنیادی حقوق جو ہیں وہ پہلے ہی سے آئین میں موجود ہیں ان کا ذکر پہلے کئی بار ہو چکا ہے- میں دوبارہ نہیں دہراتا لیکن اس موجودہ بل میں 9 سے 17 تک دفعات جو ہیں یہ بالکل بے معنی ہو کر رہ جاتی ہیں کیونکہ یہ بنیادی حقوق تھے تو چاہیئے تھا کہ آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے ان کے enforcement کے لئے قوانین بنا دیئے جاتے اور ان پر عمل کیا جاتا تو موجودہ شریعت بل میں یہ قوانین نافذ کرنے کے لئے کوئی ضرورت باقی نہ رہتی-

جناب والا! کہا جاتا ہے کہ اس بل میں تعلیم کو اسلامی بنایا جائیگا- ملک کی اقتصادیات کو اسلام کے سانچے میں ڈھالا جائے گا- ان کے لئے قوانین بنائے جائیں گے اور ان کے لئے کمیشن بنایا جائے گا جناب والا! جب بھی بات کمیشن کی طرف جاتی ہے تو وہ مسئلہ کھٹائی میں پڑ جاتا ہے اور پھر وہ کام ہر گز نہیں ہوتا- بذات خود کمشن کا بنایا جانا یہ رشوت کی طرف ایک قدم ہے- اس کمیشن میں کسی خاص منظور نظر شخص کو رکھا جائے گا یا ریٹائرڈ اشخاص کو لایا جائے گا- ان کو بٹھایا جائے گا- علماء کو بٹھایا جائے گا ان کو پیسے دیئے جائینگے تو یہ ایک قسم کی رشوت ہے- اقربا پروری کے برابر ہے- کسی کمیشن کے تقرر کی

ضرورت نہیں ہے۔ اگر تعلیمی نظام کو اسلامی بنا ہے اگر اقتصادیات کو اسلامی سانچے میں ڈھالنا ہے تو اسلامی نظریاتی کونسل جس کے ذمے یہ کام ہے کہ ملک کے جملہ قوانین کو اسلام کے مطابق بنائے ان کا جائزہ لے، ان میں مختلف قسم کی ترامیم اور تجاویز پیش کرے تاکہ وہ اسلام کے مطابق ہو جائیں۔ لہٰذا اسلامی نظریاتی کونسل کی موجودگی میں کوئی کمیشن بنانے کی ضرورت نہیں رہتی اور آج کل کتنے اقتصادی بحرانوں میں ملک چل رہا ہے، علیحدہ کمیشن ہوں گے پھر ان کی میٹنگیں ہوں گی، لوگوں کی تنخواہیں ہونگی، کیا کیا ہوگا، تو یہ ایک ضیاع ہے کسی کمیشن کی ضرورت نہیں ہے اگر کرنا ہے تواسلامی نظریاتی کونسل کے ذریعے یہ کام ہو سکتا ہے۔

جناب والا! قرآن میں دی گئی حدود ہیں حدود کے متعلق پہلے ہی قوانین نافذ ہو چکے ہیں لیکن اس موجودہ معاشرے میں جس میں اتنی خرابیاں آچکی ہیں آپ کو علم ہے سب کو علم ہے کہ آج تک حد کے تحت کسی کو سزا نہیں دی جا سکی ہے کیونکہ حد کے مطابق شہادت پیدا نہیں کی جا سکتی اور سزائیں تعزیر کے تحت دی جاتی ہیں - قرآن و سنت کو سپریم لاء تسلیم کر لیا جائے تو پھر تعزیر میں سزا نہیں دی جا سکتی پھر تعزیر میں 14 سال اور 10 سال اور قید بامشقت جرمانہ اور یہ سزائیں پھر کہاں سے آئینگی۔ پھر مجرم جو ہیں وہ مزے سے پھریں گے کوئی شہادت ہوگی نہیں اور اس ملک میں معاشرے میں اتنی خرابیاں پیدا ہونگی کہ جرائم کو کنٹرول کرنا بہت مشکل ہوجائے گا اور ایک قسم کی anarchy ہو جائے گی۔ جناب والا! جہاں تک سول قوانین کا تعلق ہے - صوبہ سرحد میں 1935ء میں پرسنل لاء شریعت ایکٹ جو تھا وہ نافذ ہوچکا تھا اور پرسنل لاء کے متعلق جتنے قوانین وراثت تھے marriage and divorce laws جتنے ہیں وہ سب پرسنل لاء کے مطابق اسلام کے مطابق چل رہے تھے پنجاب میں بھی 1948ء میں پرسنل لاء Shariat Application Act نافذ ہوا جب مغربی پاکستان بنا تو پھر مغربی پاکستان پرسنل لاء Shariat Application ایکٹ 1972 میں نافذ ہوا پرسنل لاء کے متعلق سارے قوانین تو پہلے سے موجود ہیں اور حدود قوانین بھی آگئے ہیں تو پھر شریعت کے نفاذ کے ایکٹ کی کیا ضرورت رہ جاتی ہے۔

جناب والا! ایک دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ آپ جانتے ہیں کہ آئین جو ہے یہ بذات خود ایک لاء ہے۔ Constitution is also a law اب یہ لاء ہے اور قرآن و سنت کو ہم سپریم لاء قرار دیتے ہیں تو اس سے قرآن و سنت ایک طرف اور آئین دوسری طرف۔ اس سے ایک تضاد پیدا ہوجاتا ہے اگر قرآن و سنت سپریم لاء ہو تو پھر آئین کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے اگر آئین سپریم لاء ہو تو قرآن و سنت کو سپریم لاء قرار دینے سے سپریم

لاء نہیں بن جاتا موجودہ بل میں آئین کو سپریم لاء کے طور پر تحفظ دیا گیا ہے- چار پانچ سیکشن ہیں سیکشن 3 میں minorities کے حقوق کو تحفظ دیا گیا ہے minorities کو جو حقوق آئین میں دیئے گئے ہیں ان پر اس کا نفاذ نہیں ہو گا- اسی طرح سیکشن 4 میں بھی ہے-

"Where two or more interpretations are equally possible, the interpretation which advances the Principles of Policy and Islamic Provisions in the Constitution....."

تو اس میں Constituiton کا جو حوالہ دیا گیا ہے کہ Constitution میں جو principles of policy ہیں، وہ اصول جو ہیں وہ follow ہوں گے- قرآن اور سنت کے اصول نہیں، Constitution میں جو اصول دیئے گئے ہیں- اسی طرح سیکشن 21 میں بھی ہے-

"as the case may be, and no law shall be made or be deemed to have been made unless it is made in the manner laid down in the Constitution."

جو طریقہ کار آئین میں دیا گیا ہے، قانون اسی طریقے سے بنے گا- میں عرض کرتا ہوں کہ مطلب یہ ہے کہ اس بل میں آئین کا جس طرح ذکرکیا گیا ہے وہ قرآن و سنت کی supremacy سے بالا تر ہے- آئین جو ہے وہ بالا تر ہے- تو ہم صرف قرآن و سنت کو قوانین بنانے کے لئے supreme law کا درجہ دے رہے ہیں ویسے وہ سپریم لاء اس بل کے ذریعہ سے نہیں بنتا-

جناب والا! قرآن و سنت میں ، جہاں تک میں نے مطالعہ کیا ہے اس میں نظام حکومت کے متعلق کوئی واضح حکم نہیں ہے- خلفائے راشدین کا زمانہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آتا ہے- چاروں خلفائے راشدین مختلف طریقوں سے منتخب ہوئے ہیں- حضرت ابوبکرؓ (کے ہاتھ) پر تو حضرت عمرؓ اور حضرت ابوعبیدہؓ نے بیعت کی- وہاں انصار جمع تھے - انہوں نے کہا کہ آپ میں سے کوئی خلیفہ نہیں بن سکتا کیونکہ موجودہ حالات میں قریش قبائل کسی ایسے دوسرے شخص کو خلیفہ تسلیم نہیں کرینگے جو قریش قبیلہ سے تعلق نہ رکھتا ہو اس کے بغیر وہ کسی کو خلیفہ تسلم نہیں کرینگے- اس طرح وہ خلیفہ بن گئے- حضرت عمرؓ کو انہوں نے نامزد کیا - حضرت عمرنے اپنی وفات کے وقت چھ، سات، آٹھ نام تجویز

گئے، کہ ان میں سے کسی کو خلیفہ بنا لو۔ تو اس طرح حضرت عثمانؓ خلیفہ بن گئے اور حضرت علیؓ نے خانہ جنگی کے دوران میں، ہنگامی حالات میں خلافت سنبھالی - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی واضح طریقہ انتخاب نہیں تھا کہ حکومت کا نظام پارلیمانی ہوگا یا صدارتی ہوگا۔ unilateral ہوگا۔ bilateral ہوگا۔ اس کا اس میں کوئی ذکر نہیں ہے تو اس سے ہم کیا رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا میں 46 اسلامی ممالک ہیں کسی نے بھی اسلامی نظام جس کو صحیح معنوں میں اسلامی نظام کہا جاتا ہے، جو ہم کتابوں میں پڑھتے ہیں وہ اسلامی نظام آج دنیا کے کسی بھی مسلمان ملک میں نافذ نہیں ہے۔

جناب والا! خلفائے راشدین کے بعد تو بادشاہت آگئی تھی۔ بادشاہ جو تھا وہ ظل سبحانی بن گیا، خدا کا سایہ بنا۔ تو آیا ہم اسلامی نظام نافذ کر کے یہاں کسی بادشاہ کو لا رہے ہیں۔ کسی ظل سبحانی کو لا رہے ہیں۔ کس کو لا رہے ہیں۔ جناب والا! در حقیقت بات ہے کہ قرآن میں حکم ہے کہ (ادخلو فی السلم الکافة) اسلام میں داخل ہو تو پھر پورے کے پورے داخل ہو۔ صرف ایک قانون بنانے سے معاشرہ اسلامی نہیں بن سکتا جب تک کہ سارے نظام کو اسلام کے رنگ میں نہ لے آئیں - جو کہ موجودہ حالات میں ناممکن ہے - لہٰذا اس طرح سے ہم قرآن کے حکم کی خلاف ورزی کریں گے۔ اگر ہم ایک چیز میں اسلام لاتے ہیں اور دوسری چیز میں نہیں لاتے ہیں۔ تو یہ جو ہے یہ اسلام کے ساتھ مذاق ہو گا۔

جناب والا! جو مسودہ قانون یہاں ابتدا میں پیش ہوا تھا، اس میں تھا کہ قرآن و سنت کی تشریح کسی خاص مسلمان فرقے سے تعلق رکھنے والے شخص کے معاملے میں اس فقہ کے علماء نے جو قرآن و سنت کی تشریح کی ہے، وہ follow کی جائے گی یعنی یہ تھا کہ

in interpreting the Shariat with repect to the personal law of any Muslim sect, the expression 'Quran and Sunnah' shall mean the Quran and Sunnah as interpreted by that sect

لیکن موجودہ اسمبلی سے پاس شدہ بل جو ہمارے پاس آیا ہے، اس میں سے یہ حذف کر دیا گیا ہے۔ اب یہ ہے کہ ایک کیس عدالت میں جائے گا تو وہاں پر ایک عدالت کو خصوصی اختیارات discretionary powers اتنی دی گئی ہیں کہ پھر عدالت Interpret کرے گی کہ کون سا لاء اس پر apply کرتا ہے، اس کے متعلق کون سی فقہ کی تشریح وہ تسلیم کرتا ہے۔ لہٰذا اس سے تنازعات پیدا ہوں گے، جھگڑے پیدا ہوں گے، مشکلات پیدا ہوں گی اور اس طرح سے کوئی راستہ نہیں نکلے گا جس سے کہ یہ مقصد جو ہے حاصل ہو سکے۔

جناب والا! بہت سارے دوستوں نے کہا ہے کہ یہاں سینٹ نے پہلے شریعت بل پاس کیا تھا - یہ ٹھیک ہے - لیکن جہاں تک میں نے اسے پڑھا ہے اس شریعت بل میں کچھ ایسیprovisions تھیں کہ جن سے ملک میں خانہ جنگی جیسی صورت پیدا ہو سکتی تھی، اس ملک میںtheocraticنظام قائم ہو سکتا تھا۔ حالانکہ اسلام میںtheocracyقطعاً نہیں ہے۔ ملائیت کا نظام اس سے رائج ہوتا تھا مزید یہ کہ مولانا فضل الرحمان گروپ اس وقت اس بل کو شرارت بل کہتا تھا اور آج وہ اس بل کے پیچھے لگے ہوئے ہیں کہ وہ بل نافذ کرو۔ اور کہتے ہیں اگر وہ بل نافذ نہیں کرتے ہو تو میں موجودہ بل کا بائیکاٹ کرتا ہوں۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر بات بگڑی ہے تو انہی لوگوں سے بگڑی ہے۔ ان کے آپس کے جو اختلافات ہیں، وہ اسلام کو بھی غرق کر رہے ہیں اور یہ خود بھی غرق ہو رہے ہیں اور ہم سب کو بھی غرق کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : جناب آپ وائنڈ اپ کریں۔

جناب شہزاد گل : جناب والا! میں گزارش کر رہا ہوں کہ کسی ممبر نے یہاں پر کہا ہے کہ اسلام کے نام پر ریفرنڈم کروائیں۔ جہاں تک ریفرنڈم کا تعلق ہے وہ اس ملک میں ایک بار ہو چکا ہے ، اس میں اس وقت کے حکمران نے کہا کہ کیا آپ لوگ اسلام چاہتے ہیں اور اگر چاہتے ہیں تو میں پانچ سال کے لئے صدر ہوں گا - ایسا ریفرنڈم اسلام کے نام پر نہیں ہونا چاہیئے تھا - ہمیں چاہیئے کہ اس پر سوچیں۔ اگر ہم اسلامی نظام لانے میں مخلص ہیں تو ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ہم ریفرنڈم کروائیں۔ جناب والا! ہمیں چاہیئے کہ ہم اس بل میں ایسی ترامیم کریں اور اس بل کو ایسے سانچے میں ڈھالیں کہ وہ اسلام کے مطابق بن سکے اور آئندہ یہ کام آ سکے۔

جناب والا! یہاں اسی طرح سے اسلام کے نام پر جو نظام صلوٰۃ جاری ہوا تھا، اس کا کیا حشر ہوا۔ اسلام کے نام پر زکوٰۃ اور عشر کا نظام نافذ ہے۔ جناب والا! آپ یقین کریں کہ جتنی رشوت، جتنی اقربا پروری، جتنی بددیانتی ، عشر اور زکوٰۃ میں اس ملک میں ہو رہی ہے، اتنی کسی محکمے میں بھی نہیں ہو رہی ہے۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ عدالتوں میں ایک حلف رکھا ہوا ہوتا ہے کہ میں خدا کو حاضر وناظر جان کر گواہی دیتا ہوں کہ سچی گواہی دوں گا اور اگر میں نے جھوٹی گواہی دی تو مجھ پر خدا اور رسول کا قہر اور لعنت ہو لیکن جب کیس شروع ہوتا ہے تو ابتدا اس سے ہوتی ہے اور وہ وہی کچھ بولتا ہے جو اس کو وکیل نے سکھایا ہوتا ہے یا اس کے فریق نے اسے بتایا ہوتا ہے۔ جناب والا! اس ملک میں ابھی تک عائلی قوانین نافذ ہیں جو کہ سراسر اسلام کے خلاف ہیں اس لئے میں عرض

کرتا ہوں کہ اس شریعت بل کے پاس کرنے سے یہ ساری خرابیاں جو ہیں یہ ختم نہیں ہو جائیں گی بلکہ یہ اور بھی مضبوط ہوں گی۔ جناب والا! اسلامی نظام کے نفاذ میں جو اہم فیکٹر ہے وہ یہ ہے کہ ملک میں لوگوں کے درمیان مساویانہ حقوق ہوں۔ دولت کی تقسیم ہو۔ موجودہ وقت میں جو امیر ہے وہ امیر تر ہو رہا ہے اور غریب جو ہے وہ غریب تر ہو رہا ہے۔ اس سے امیر اور غریب کے درمیان جو خلیج ہے وہ اتنی وسیع ہو گئی ہے کہ اس کا آپس میں ایک دوسرے کے قریب لانا جو ہے وہ بہت مشکل بات بن گئی ہے ۔ جناب والا! جب تک غریب عوام کو، ملک کی آمدنی میں، ملکی وسائل میں شریک نہیں کیا جاتا، ان کو تحفظ نہیں دیا جاتا۔ ان کے حقوق کا پاس نہیں کیا جاتا اس وقت تک آپ کوئی بھی نظام رائج کر لیں وہ کامیاب نہیں ہو گا اور نہ چل سکے گا ۔ اسی لئے اس وقت اس ملک میں خوشحالی نہیں آ سکے گی، اس ملک میں امن و امان قائم نہیں ہو گا اگر ہم نے اسلامی نظام لانا ہے تو نفرت اور دشمنی کی سیاست کو ختم کرنا ہو گا تب یہ ملک ترقی کر سکے گا۔

جناب عالی! ایک اہم مسئلہ صوبائی خودمختاری کا ہے۔ جب صوبے خودمختار نہیں ہوں گے وہ اپنے وسائل کے مالک نہیں ہوں گے جب تک وہ ترقی نہیں کریں گے تو ملک کا وفاق بھی ترقی نہیں کر سکتا۔ لہذا اسلام کسی کا حق نہیں مارتا، بلکہ وہ کہتا ہے کہ ہر ایک کو اس کا حق دو ۔ لہذا پسماندہ طبقوں کے تحفظ کے لئے صوبائی خودمختاری بہت ضروری ہے۔ قائداعظم کی تقریر 12 اگست 47ء جس کا حوالہ دیا گیا، پاکستان بننے کے بعد غیر مسلم اور مسلم نہیں بلکہ ہم سب پاکستانی اور پاکستان کے شہری ہوں گے ۔ جناب والا! جہاں تک میں سمجھتا ہوں اور میں نے پڑھا ہے۔ یہی سیکولرازم ہے۔ مذہب کے نام پر کسی کے ساتھ تفریق اور تمیز سے کام نہ لیا جائے۔ مذہب کو بیچ میں نہ لایا جائے تب جا کر ملک ترقی کر سکے گا ۔ اور یہی سیکولرازم ہے ہم کہتے ہیں کہ قائداعظم نے سیکولر نظریات کا حوالہ دیا تھا لیکن وہ انکاری ہیں۔ جناب والا! میں آخر میں گزارش کرتا ہوں کہ ان سب خامیوں اور کوتاہیوں کے باوجود موجودہ حکومت نے ایک شریعت بل پیش کر کے ایک مثبت قدم آگے کے لئے اٹھایا ہے۔ اب یہ ہم سب کا فرض ہے کہ اسے بہتر بنائیں۔ اس میں ترمیم کریں اور اپنے خیالات و حالات کے مطابق اسے اچھے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کریں تو تبھی یہ قانون قابل عمل ہو سکے گا، اور کچھ بہتری کی امید پیدا ہو سکے گی۔ جب تک ہم موجودہ معاشرے کی اصلاح نہیں کریں گے اس میں اتنی خرابیاں ہیں جو جڑیں پکڑ چکی ہیں ۔ جب تک موجودہ معاشرے کی خرابیوں کو دور کرنے کے لئے عملی اقدامات نہیں کریں گے تو صرف بل پاس کرنے سے یہاں نہ اسلام آ سکے گا اور نہ اسلام ترقی کر سکے گا۔ جناب والا! فرمان الہیٰ ہے اللہ کے نزدیک توافضل اور برکت والا وہ ہے جو متقی ہے لہذا ہمیں اس ملک میں اس معاشرے میں صفائی کے لئے، بہتری اور تقویٰ کے لئے، ایسے اقدامات کرنے چاہیئیں کہ اس سے خرابی دور ہو اور جب ہم ابتدا کریں گے تو تب ہی یہ ملک اسلامی جمہوری اور فلاحی مملکت بن سکے گا ورنہ صرف شریعت بل لانے ، اسے پاس کرانے سے یہ معاشرہ نہ اسلامی بن سکتا ہے اور نہ اس ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ سے کچھ فائدہ حاصل ہو سکے گا۔ شکریہ!

جناب چیئرمین : شکریہ جناب محمود احمد منٹو صاحب (غیر حاضر) جناب عبدالرحمان جمالی صاحب (غیرحاضر) جناب امیر عبداللہ روکڑی صاحب (غیر حاضر)- قاضی حسین احمد-

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین صاحب ! شریعت بل کی جو ضرورت ہے وہ بل کے ابتدائیہ میں واضح کر دی گئی ہے - یہ قراردادِمقاصد کا تقاضا ہے- یہ آئین کا تقاضا اور اس بات پر یہاں پر اختلاف اور تنازعہ کیا گیا کہ کیا پاکستان کی تخلیق کا تقاضا ہے یا نہیں لیکن میں صرف ایک بات پوچھتا ہوں کہ مدراس اور یو پی سی پی کے مسلمانوں نے پاکستان کے لئے کیوں جدوجہد کی- ان کا کونسا اقتصادی مفاد پاکستان کی تخلیق کے ساتھ تھا ؟ ظاہر ہے ان کو معلوم تھا کہ وہ ہندو اکثریت میں پیچھے رہ جائیں گے- ان کا ظلم سہنا پڑے گا- وہ تمام کے تمام لوگ جو ہندوستان میں تھے یہ توقع نہ تھی کہ تمام کے تمام لوگ پاکستان کی طرف ہجرت کر جائیں گے - لیکن ان کو اس بات سے عشق تھا، محبت تھی کہ ان کی قربانیوں کے طفیل دنیا کے نقشے پر ایسا ملک وجود میں آجائے گا جو انسانیت کے لئے نمونہ ہو گا - عدل اور انصاف کا نمونہ ہوگا- ہم کہاں تک اس میں کامیاب ہو سکے ہیں- یہ دوسری بات ہے کہ وہ جو لوگوں کی تمناؤں ، تصورات اور آرزوں کے مطابق ایک مثالی ریاست تھی اس میں ہم کامیاب ہوئے ہیں یا نہیں ہوئے ہیں لیکن بہرحال برصغیر ہندو پاک کے مسلمان نے مشترکہ جدوجہد کے ذریعے سے یہ ملک بنایا ہے اور اسی لئے بنایا ہے کہ اس کو ایک مثالی اسلامی ریاست بنا دیا جائے اور اس میں ان لوگوں کا بھی جو اقلیتی صوبوں میں رہتے تھے (ان علاقوں کے لوگوں کا) اتنا ہی ہاتھ تھا جتنا اکثریتی صوبوں کے مسلمانوں کا ہاتھ تھا-

جناب والا! یہ شریعت بل کیا وہ سارے تقاضے پورے کر دے گا جن کے لئے یہ ملک وجود میں آیا ہے اس سلسلے میں مجھے بھی ان لوگوں سے اتفاق ہے کہ ایک اس شریعت بل سے سارا اسلامی نظام قائم نہیں ہو سکے گا- اس میں بہت ساری سفارشات دی گئی ہیں اور بہت سارے اقدام تجویز کئے گئے ہیں- میں سمجھتا ہوں کہ اگر انتظامیہ، مقننہ، عدلیہ اور ملک کی سیاسی لیڈر شپ یہ تمام واقعی مل جل کر عزم کر لیں کہ ان تمام مقاصد کو پورا کرنا ہے اور اس کو حاصل کرنا ہے، یہ بل سے حاصل نہیں ہوں گے، اس قانون سے حاصل نہیں ہوں گے - لیکن اگر سب لوگ واقعی یہ ارادہ کرلیں اور یہ عزم کر لیں کہ اس ملک کو ایک اسلامی مثالی ریاست میں تبدیل کرنے کے ارادے ہیں اور ان کی نشاندہی بھی یہاں کی گئی ہے جن کے لئے سفارشات تجویز کی گئی ہیں اس کے مطابق ہم قانون سازی بھی کریں ، آئین میں بھی تبدیلی کریں- اس کے مطابق ہم انتظامی تبدیلی بھی کریں اور معاشرتی

اصلاح بھی کریں- اور اس ملک کو ایک حقیقی عادلانہ ریاست میں تبدیل کر دیں یہ تب ممکن ہے صرف اس بل پر ممکن نہیں ہے-

اس بل میں بہت ساری خامیاں ہیں اور ان خامیوں کی نشاندہی وقتاً فوقتاً کی بھی گئی ہے، پریس میں بھی آئی ہیں، یہاں بھی بہت سارے لوگوں نے متوجہ بھی کیا ہے لیکن بحیثیت مجموعی یہ خیر کی طرف ایک قدم ہے اور خیر کے راستے پر پہلے قدم کے طور پر ہم نے اس کو قبول کیا ہے- ہم نے اس میں اس موقع پر اس لئے اس میں کوئی ترمیم بھی دینی مناسب نہیں سمجھی کہ ہم اسے التوا میں نہیں ڈالنا چاہتے - اگر یہاں سے ایک ترمیم ہوگی پھر مشترکہ اجلاس بلایا جائے گا پھر کھٹائی میں پڑے گا- اس کے بجائے ہم یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ بھی کوئی قدم اس کی طرف اٹھتا ہے وہ قدم اٹھ جائے- اور اس کے ساتھ جو دوسرے ضروری اقدامات ہیں وہ بھی کر لئے جائیں-

جناب والا ! شریعت کے حوالے سے چند اعتراضات لوگوں کی طرف سے آتے رہے ہیں اس میں سے پہلا اعتراض یہ ہے کہ شریعت اگر ہم نے نافذ کر دی تو ملک کا سارا دستوری اور آئینی ڈھانچہ دھڑام سے گر جائے گا - سیاسی پارٹیاں نہیں رہیں گی، پارلیمنٹس نہیں رہیں گی، انتخابات معطل ہو جائیں گے- اور ملک جس سیاسی ڈھانچے پر بنا ہے اور کھڑا ہے وہ آئینی ڈھانچہ نہیں رہے گا- جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ جو بھی قانون ہوگا وہ آئین کے تحت ہوگا آئین کے اوپر نہیں ہوگا- اس لئے اس بات کو بڑی خوشدلی کے ساتھ قومی اسمبلی میں بحث کے دوران قبول کر لیا گیا کہ قرآن و سنت کی supremacy یا شریعت کا سپریم لاء ہونے کا مطلب یہ نہیں ہو گا کہ ملک کا جو آئینی ڈھانچہ ہے اور جو سسٹم ہے وہ ختم ہو جائے گا- شریعت کے یا اس بل کے حوالے سے، اسے چیلنج نہیں کیا جائے گا- اس پر اب کوئی دو آرا نہیں ہیں - اس لئے ایسے یہاں پھر متنازعہ بنانا اور اس تنازعہ کو اٹھانا یہ غیر متعلقہ ہے- کیونکہ بل میں بات آ گئی ہے کہ یہاں پر جو دو ایوانی مقننہ ہے، فیڈرل پارلیمانی سسٹم ہے، ملٹی پارٹی سسٹم ہے، اس تمام سسٹم کو چیلنج نہیں کیا جائے گا، شریعت بل کے حوالے سے وہ constitutional obligations ہیں ہماری اور یہ بل اسے ختم نہیں کر سکتا-

دوسری ایک controversy ملک میں عورتوں کے حقوق کے بارے میں ہوتی ہے ، شریعت بل کے حوالے سے- جناب والا! جس طرح میرے دوستوں نے خود اعتراف کیا ہے کہ قرآن کریم تو کوئی قدغن نہیں لگاتا، اسلامی قانون تو کوئی قدغن نہیں لگاتا- اسلام تو کوئی

متنازعہ چیز نہیں ہے۔ شریعت بل میں اور کچھ نہیں کہا گیا ہے صرف یہی کہا گیا ہے کہ قرآن و سنت کے مطابق نظام نافذ کر دیا جائے۔ اس میں کہیں بھی نہیں لکھا کہ کسی عورت کو یہ کرنا پڑے گا، یہ نہیں کرنا پڑے گا۔ شریعت اسلام نے اس کو جو حقوق و فرائض متعین کئے ہیں وہ حقوق و فرائض اسے ملیں گے۔ وہ حقوق و فرائض کیا ہیں۔ وہ عادلانہ ہیں۔ جناب والا! اسلام ہی نے عورت کو عزت دی ہے۔ اسلام ہی نے خاتون کو احترام دیا ہے۔ اسلام نے اسے سٹیٹس دیا ہے۔ عورت رہتے ہوئے، اسے عورت اور خاتون سمجھتے ہوئے اسے سٹیٹس دیا ہے ۔ اسے اس پر مجبور نہیں کیا ہے کہ وہ مرد بن جائے حقوق حاصل کرنے کے لئے۔ اسے اس پر مجبور نہیں کیا کہ وہ تمام بوجھ اٹھائے جس کے لئے مرد پیدا کیا گیا ہے اور وہ تمام بوجھ اٹھانے کے بعد اسے equal status ملے گا، نہیں - عورت سمجھتے ہوئے، اس کی خصوصی اہمیت سمجھتے ہوئے، اسے حقوق دیئے گئے ہیں اور یہ بنیادی بات قرآن کریم نے خود واضح کر دی ہے کہ عورت کوئی کمتر مخلوق نہیں ہے - وہ برابر کی مخلوق ہے اور وہ انسانیت کا برابر کا حصہ ہے۔ ایک دوسرے سے تمہیں پیدا کیا گیا ہے اور اس طریقے سے عورت کے سٹیٹس کو متعین کر دیا گیا، کہ تم ایک دوسرے سے ہو اس لئے میں سمجھتا ہوں جناب والا ! کہ اگر کسی مجلس میں خاتون بیٹھی ہوئی ہے تو وہ کسی کی بیٹی ہے، کسی کی ماں ہے۔ وہ مردوں کی طرف سے بات کر سکتی ہے نمائندگی کر سکتی ہے۔ اگر کسی مجلس میں مرد بیٹھے ہوئے ہیں تو وہ کسی عورت کے باپ ہیں،اس کے بیٹے ہیں، وہ خواتین کی طرف سے بات کر سکتے ہیں۔ اور یہ جو تفرقہ پیدا کر دیا گیا ہے کہ عورت اور مرد کے درمیان کوئی جنگ ہے۔ یہ جنگ اور کشمکش والی صورت اسلام نے تسلیم نہیں کی۔ اسلام نے تو ان کے درمیان محبت کا ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالی نے مرد اور عورت کے درمیان محبت پیدا کی ہے۔ الفت پیدا کی ہے۔ محبت اور الفت کے رشتوں سے مرد و عورت کواللہ تعالی نے اس طرح جوڑ دیا ہے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ زیادہ محبت کرتے ہیں بہ نسبت اپنی جنس کے۔ مرد،مرد سے اتنی محبت نہیں کرتا جتنی عورت سے کرتا ہے عورت، عورت سے اتنی محبت نہیں کرتی جتنی مرد سے کرتی ہے۔ اس مقدس رشتے کو، ماں بیٹے کے رشتے کو، باپ بیٹی کے رشتے کو، میاں بیوی کے رشتے کو، بہن بھائی کے رشتے کو، مغرب نے تباہ کر دیا ہے۔ مغربی سوسائٹی میں یہ مقدس رشتے نہیں رہے وہاں پر وہ ڈوبتی ہوئی کشتی ہے - اب وہ ڈوبتی ہوئی کشتی، جس میں کوئی خاندان نہیں رہا۔ جس میں کوئی bonds نہیں رہے، لوگوں کے درمیان رشتوں کے بارے میں اور اس کے نتیجے میں وہاں ہپی ازم ہے، اس کے نتیجے میں خود ان کے مفکرین پریشان ہیں کہ ہم کس طرف جا رہے ہیں۔ اپنے معاشرے کو سنبھالنے کے مصنوعی طریقے اختیار کر رہے ہیں۔ لیکن جناب چیئرمین! مصنوعی طریقوں سے معاشرہ قائم نہیں رہ سکے گا۔ اس کے لئے وہی فطری طریقوں کی ضرورت ہے۔ جس کے ذریعے اسلام نے، لوگوں کے جتنے بھی آپس میں

تعلقات ہیں ان کے لئے ایک معیار دے دیا ہے۔

جناب والا! اسلامی نظام اور شریعت کا نفاذ کسی ملا ازم کا تقاضا نہیں ہے۔ یہ کسی fundamentalist کا تقاضا نہیں ہے - یہ بحیثیت مسلمان کے کسی fundamentalist کے نہیں۔ کوئی کسی ملا کی حیثیت کے نہیں، بحثیت مسلمان کے، قرآن کریم کو جو ہم سب مانتے ہیں۔ جس سے کوئی بھی اس ایوان میں انکار نہیں کرتا۔ اس کاتقاضا ہے حکم صرف اللہ کا حق ہے۔ اس کا تقاضا ہے (آیت قرآن کریم) جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق وحی کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہی کافر ہیں، وہی فاسق ہیں، وہی ظالم ہیں - اور سنت کے بارے میں یہاں جو تنازعہ پیدا کر دیا گیا ہے۔ خود قرآن کریم میں اللہ نے فرمایا ہے وہ اپنی خواہش نفس سے بات نہیں کرتا - جو اس کو بتایا جاتا ہے وہی بات کرتا ہے قرآن کریم ہی کے مطابق سنت کی حجت ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہا گیا کہ خدا کی قسم، تیرے رب کی قسم یہ لوگ مومن نہیں ہیں جب تک اپنے تمام معاملات میں تمہیں حکم اور فیصلہ کرنے والا تسلیم نہ کر لیں اور پھر سر تسلیم خم نہ کر دیں جو تمہارا فیصلہ ہے اس کے سامنے اور خوشدلی کے ساتھ اسے قبول نہ کریں تو وہ مومن نہیں ہیں۔ قرآن کریم یہ کہتا ہے۔ کوئی ملا نہیں کہتا کوئی fundamentalist نہیں کہتا۔ (یہ بحثیت مسلمان کے، قرآن کو ماننے والے کے) پھر جناب والا! یہاں پر اقلیتوں کے حقوق کا ذکر کیا گیا ہے۔ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ آئین میں بھی دے دیا گیا۔ بحثیت مسلمان کے بھی ہمارا فرض ہے۔ شریعت نے اسلام نے بحثیت مسلمان کے ہمارا فرض قرار دیا ہے کہ جو غیر مسلم معاشرے میں ہمارے ساتھ رہتے ہیں ان کی جان و مال و آبرو اسی طرح مقدس اور محترم ہے جس طرح ایک مسلمان کی جان و مال اور آبرو محترم ہے۔

اسی طرح جناب والا! یہاں پر علاقائی حقوق کا ذکر کیا گیا ہے جو irrelevant ہے۔ کوئی شریعت کسی علاقے کے حقوق نہیں چھینتی۔ کوئی شریعت کسی کو اس کے حق سے محروم نہیں کرتی۔ کسی شریعت نے نہیں کہا کہ آپ ایک علاقے کی زمین دوسرے علاقے کے جرنیل کو دے دیں۔ کیوں شریعت کو اس میں ملوث کرتے ہیں۔ آپ کے دوسرے مسائل ہیں ان کے لئے دوسرا سٹیج ہے۔ ان کے لئے دوسری جگہ ہے۔ ان کے لئے دوسرا ریفرنس اور دوسرا حوالہ ہو سکتا ہے۔ اس حوالے سے آپ اپنی بات کریں، شریعت کو کیوں متنازعہ بناتے ہیں۔ ان حقوق کا آپ اس طریقے سے ذکر کریں جو اس کا proper forum ہے۔ جو اس کے لئے proper اور مناسب حوالہ ہے۔ جو اس کے لئے proper دلیل ہے - اگر اس طریقے سے کریں گے تو آپ لوگوں کے دلوں میں اپنے لئے جگہ پیدا کریں گے - اپنے ہمنوا پیدا

کریں گے - آپ ایسے طریقے سے اپنے حقوق کا ذکر کرتے ہیں جس کا کوئی تعلق نہ ہو اور آپ لوگوں کو ناراض کرتے ہیں- انکی دل آزاری کرتے ہیں- اس طریقے سے آپ اپنے cause کو نقصان پہنچا رہے ہیں- لوگوں کے حقوق ہیں - علاقائی حقوق ہیں- ایک علاقے میں کسی کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، اسلام عدل چاہتا ہے، اسلام انصاف چاہتا ہے، انصاف و عدل کے حوالے سے آپ اپنی بات کر سکتے ہیں - انصاف اور اسلام اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ یہاں پر زبردست کو اوپر اٹھایا جائے- عادلانہ نظام میں کمزور اور زیردست کو اوپر اٹھایا جاتا ہے- جو معاشرے میں مضبوط ہے اس پر قدغن لگتی ہے جو کمزور ہے اسے اوپر اٹھانے کی کوشش کی جاتی ہے-

جناب والا ! میں نے چونکہ خود ہی یہ کہا تھا کہ مختصر وقت میں باتیں ہو سکتی ہیں اس لئے میں دو تین باتیں ہی مزید کروں گا - یہاں controversy اٹھائی گئی ہے سپریم لاء اور سپریم سروس آف لاء کی- اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ اس بل کے الفاظ میں یہ ہے کہ شریعت جو کہ قرآن و سنت کے injunctions کا نام ہے وہ supreme law ہے اگر اس کو ہم source of law کہتے ہیں تو اس کے نتیجے میں کیا تبدیلی آتی ہے ہم نے پہلے بھی دیکھا کہ آئین میں بھی اس پر اصرار کیا گیا کہ یہ source of law ہے اور نہیں ہے اس کے نتیجے میں جب بات عدالتوں میں جاتی ہے تو وہاں کہتے ہیں کہ جی یہ تو surce of law کہا گیا ہے law تو نہیں ہے، قانون تو نہیں ہے اس میں source of law نہیں ہے source of law ہونے پر اور law سے اس کو نکال کر source of law ہونے پر اصل اعتراض وہی لوگ کرتے ہیں جو نہیں چاہتے کہ قرآن اور سنت میں کہیں بھی کوئی نصوص ہوں اور قوانین موجود ہوں اور ان قوانین کے بارے میں کسی عدالت میں بات آ جائے- وہ نہیں چاہتے کہ وہ قوانین وہاں نافذ ہوں اس طریقے سے اگر ان کو law کہا جائے گا تو ہم ان قرآن و سنت کے نصوص کو law بناتے ہیں اگر ان کو source of law بنایا جائے گا تو قرآن و سنت کے ان نصوص کے مطابق پھر ہم law بنائیں گے تو وہ laws بنیں گے اگر ان کو law نہیں بنائیں گے تو وہ law نہیں ہو گا لیکن اگر ہم اس کو laws کہیں گے تو اس کے نتیجے میں وہ قوانین بن جائیں گے جو نصوص ثابت ہو جائیں کہ یہ قرآن و سنت سے نصوص ہیں-

یہ کہا گیا ہے کہ پھر اس کے بعد اجتہاد کا دروازہ بند ہو جاتا ہے- جناب والا! اجتہاد کا دروازہ کیسے بند ہوتا ہے- اجتہاد کس چیز کا نام ہے- اجتہاد تو اس بات کا نام ہے کہ قرآن و سنت میں واضح طور پر صراحتاً اگر کسی حکم کا ذکر نہ ہو تو اس کو وہاں سے

مستنبط کیا جا سکتا ہے قرآن و سنت سے یہ اجتہاد ہے اس کے مجموعی مزاج کو دیکھ کر اس سے استنباط کا نام پھر اجتہاد ہے تو اگر قرآن و سنت میں کہیں کوئی بالکل واضح نص کے طور پر کوئی قانون موجود نہیں ہے تو وہ کیسے بند ہو جائے گا اور خود آپ کے بل نے اس شکایت کو رفع کر دیا ہے کہ مقننہ کا حق قانون سازی سلب نہیں ہو گا جو دستور میں پارلیمنٹ کی قانون سازی کا طریق کار متعین کیا گیا ہے اس کے مطابق ہو گا اسی لئے اس بات میں کوئی وزن ہی نہیں ہے کہ اس کے ذریعے سے کوئی حق سلب ہو جائے گا۔

جناب والا! آپ ایک قانون دان ہیں جناب چیئرمین صاحب! آپ جانتے ہیں کہ مقننہ کی اپنی حدود ہوتی ہیں اور عدلیہ کا اپنا کام ہوتا ہے انتظامیہ کا اپنا کام ہوتا ہے اور تینوں کا وجود ضروری ہے۔ مقننہ وہ کام نہیں کر سکتی جو عدلیہ کر سکتی ہے جس طرح عدلیہ کو وہ اختیارات نہیں لینے چاہئیں جو کہ مقننہ کے ہیں اسی طریقے سے مقننہ کو بھی وہ اختیارات نہیں لینے چاہئیں جو کہ عدلیہ کے ہیں interpretation کرنا مقدمات کو سننا اور اس پر law کو apply کرنا یہ عدلیہ کا کام ہے یہ مقننہ کا کام نہیں ہے اور عدلیہ جو لاء کو apply کرتی ہے اور وہی پھر استنباط کرتی ہے اور اس پر جتنے بھی اجتہاد کی وہاں ضرورت ہوتی ہے وہاں پر ہائی کورٹس اور سپریم کورٹس کو اس کا حق ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین ! آخر میں میں سود کے بارے میں جو بات کی گئی ہے اس کے بارے میں عرض کروں گا۔ سود کے بارے میں کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اس میں کوئی مداھنت کرے اور کسی طرح کے compromise پر وہ آمادہ ہو اور یہی سود کا نظام سرمایہ دارانہ نظام کی خرابیوں کی جڑ ہے، اس کی وجہ سے ساری انسانیت اس وقت پریشان ہے، اسی کی وجہ سے ہمارے جیسے ممالک قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور جس سے بھی آپ پوچھیں جس نے ہاؤس بلڈنگ فنانس کا پچاس ہزار کا قرضہ لیا ہے اس کا حال آپ معلوم کرلیں تو وہ آپ کو کہے گا کہ ڈیڑھ لاکھ میں نے دیا ہے اور دو لاکھ میرے اوپر بقایا ہے۔ ایک دفعہ اس نے ہزار روپیہ لیا ہے جو بھی اس شیطانی چکر میں پھنس گیا وہ اس سے نہیں نکلا چاہے قوموں کی صورت میں ہو چاہے افراد کی صورت میں ہو چاہے کارخانہ دار ہو چاہے کوئی غریب ہو۔ یہ تمام مصیبتوں کی جڑ ہے اس کا خاتمہ ہونا چاہیئے اور یہ کسی جاہل کی بات نہیں ہے ماہرین معاشیات نے اس کی تمام خرابیوں کا ذکر کیا ہے - موجودہ لوگ جو اس نظام کو چلانے والے ہیں وہ اس سے پریشان ہیں وہ کسی اور نظام کی تلاش میں ہیں اوراگر اس چیلنج کو مسلمان ماہرین معاشیات جنھوں نے استدعا کی ہے اس چیلنج کا سامنا کرنے کے لئے ابتدا کی ہے خود ہماری حکومت پاکستان کی طرف سے ایک ماہرین معاشیات کی کمیٹی

بنائی گئی تھی اور تین سو ماہرین معاشیات نے رپورٹ دی ہے کہ یہ ہی خرابیوں کی جڑ ہے اور اس کو ختم کیا جا سکتا ہے اور اس میں تجاویز دی گئی ہیں۔

جناب والا! شریعت بل میں اس کے لئے جو طریقہ کار مقرر کیا گیا ہے مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے لیکن یہ اس لئے relevant نہیں ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرہ اختیار میں financial matters آ چکے ہیں، اس کو جو دس سال کا وقفہ دیا گیا تھا اور اس کو مستثنیٰ کر دیا گیا تھا دس سال کے لئے وہ دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے اور کوئی بھی شہری وہاں جا سکتا ہے اور کسی بھی سودی لین دین کو فیڈرل شریعت کورٹ میں چیلنج کر سکتا ہے۔ اس وقت بھی ان کے پاس اس طرح کے بہت سے situations پڑے ہوئے ہیں اور کل سے اس پر hearing بھی شروع ہو چکی ہے اور چند روز میں وہ جو سماعت ہے وہ اخبارات میں بھی آئے گی۔ ہم نے اسی لئے اس میں ترمیم لانی ضروری نہیں سمجھی کہ ویسے بھی یہ دستور کے تحت فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرہ اختیار میں آچکا ہے اس لئے اس میں ترمیم لانے اور نہ لانے سے فرق نہیں پڑے گا۔

جناب والا ! ان الفاظ کے ساتھ میں آخر میں پھر یہ گزارش کروں گا کہ اگرچہ یہ کامل اسلامی نظام کی کوئی دستاویز نہیں ہے اور اس میں بہت ساری خامیاں ہیں، تجاویز ہیں لیکن بحیثیت مجموعی یہ خیر کی طرف ایک قدم ہے اس کی سعادت پہلے بھی اس سینٹ کے حصے میں آئی ہے اس نے پہلے بھی اس میں پہل کی ہے اور دوبارہ یہ سینٹ زیادہ حیل و حجت کے بغیر ہی میں استدعا کروں گا کہ اس کو پاس کر دے۔

جناب چیئرمین : سید مظہر علی صاحب۔

سید مظہر علی : بسم اللہ الرحمان الرحیم، جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم قومی مسئلے پر گفتگو کرنے کا موقع دیا۔ میں چار سال سے سینٹ کا ممبر ہوں اور مجھے اس بات پر فخر ہے لیکن پچھلے تین دن سے جو بحث کا معیار میں نے دیکھا ہے اور جس رواداری کا اپوزیشن اور حکومت دونوں نے ایک دوسرے کے لئے مظاہرہ کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ نہایت خوش آئند چیز ہے اور اس سے مجھے جمہوریت کا مستقبل اس ملک میں بہت روشن اور تابندہ نظر آتا ہے لیکن ہمارا فرض ہے کہ ہم اس پودے کی نشوونما کو دیکھتے رہیں اور اس کی حفاظت کریں۔

راجہ ظفر الحق نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ نیت پر حملہ سب سے بڑا گناہ ہے میں اس سے متفق ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ساتھیوں نے اپنے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ نیک نیتی سے اور خلوص سے کیا ہے ہمیں اس پر شک نہیں کرنا چاہیئے۔ ہمارے وزیراعظم صاحب اور ان کے رفقا نے ایک چیز بڑی محنت سے بنائی ہے اور اس بل کے ذریعے سماجی برائیوں، معاشی انصاف، اور صحیح اسلامی معاشرے کی تشکیل کی طرف انہوں نے قدم اٹھانے کی کوشش کی ہے اور ہمارے کچھ ساتھیوں نے اس پر اپنے خدشات کا اظہار بھی کیا ہے اور خصوصاً جو بل پاس کرانے کی جلدی ہو رہی ہے اس پر بھی اپنے شکوک کا اظہار کیا ہے۔ میں جو گزارشات کر رہا ہوں وہ بھی نیک نیتی سے کر رہا ہوں اور میں یہ امید کرتا ہوں کہ ان کو غلط رنگ نہیں دیا جائے گا ۔ پیشتر اس کے کہ جناب میں آگے بڑھوں میں ایک تھوڑا سا جائزہ لینا چاہوں گا کہ اس وقت اسلامی قوانین بنانے کے لئے اور جو قرار داد مقاصد ہے اس پر عمل کرنے کے لئے کیا طریقہ کار ہو، میں تیزی سے اس میں جاؤں گا۔

اس میں جناب والا! یہ ہے کہ تمام حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہے، مذہب ہمارا اسلام ہے اور مملکت اپنے اختیارات کا استعمال منتخب نمائندوں کے ذریعے کرے گی، جہاں جمہوریت، آزادی ، مساوات، رواداری اور معاشی انصاف پر اسلامی اصولوں کے مطابق عملدرآمد کیا جائے گا۔ اس وقت دستور میں تمام قوانین کا سرچشمہ قرآن وسنت کے احکامات ہیں اور تمام قوانین کو ہمیں اسلامی احکامات کے مطابق بنانا ہوگا ، اور کوئی قانون قرآن وسنت کے احکامات سے متصادم نہیں ہو گا۔ پارلیمنٹ کی مددکرنے کے لئے اسلامی نظریاتی کونسل ہے جو ہماری ان چیزوں میں مدد کرے گی۔ قوانین بنانے میں اور جو اقدامات ہمیں اٹھانے ہیں ان کے لئے سفارشات کرے گی اگر کوئی قانون ہم اسلام سے متصادم بنائیں گے تو فیڈرل شریعت کورٹ اور سپریم کورٹ کا شریعت بینچ اس کو کالعدم قرار دے دے گا۔

جناب عالی! یہ مروجہ طریقہ کار آزمودہ اور غیر متنازعہ ہے اور اس پر سب متفق ہیں۔ ہم جس رفتار سے چاہیں اسلامی قوانین بنا سکتے ہیں اور معاشرے کی تشکیل کر سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ شریعت بل ضرور لائیں لیکن ان قوانین کے بنانے سے ہمیں کسی نے نہیں روکا ۔ پچھلے آٹھ مہینے سے کسی نے نہیں روکا ۔ شریعت بل کے پاس کرنے سے نہیں روکا۔ ہمیں وہ قوانین بنانے چاہیں اور اس میں دیر نہیں کرنی چاہیئے، زیادہ سے زیادہ شرعی قوانین بنا کر ہم شریعت کا نفاذ کر سکتے ہیں۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے اس طریقہ کار میں کیا کچھ کوتاہی ہے کہ جس کی وجہ

سے اسے تبدیل کیا جا رہا ہے۔ تبدیلی کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ قرآن و سنت کو قوانین کا ماخذ بنانے کی بجائے قرآن و سنت کے احکامات کو بالاتر قانون بنایا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بل میں اگر کوئی چیز جو متنازعہ ہے تو وہ یہی چیز ہے اس میں جو ڈر ہے وہ یہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ clause 21 add کیا گیا ہے اس کے باوجود جو ڈر ہے وہ یہ ہے کہ قرآن و سنت چونکہ سپریم لاء ہو جائیگا تو اس کی interpretation کے لئے ہر چھوٹی سے چھوٹی عدالت میں مقدمات کی بھرمار ہو جائے گی۔ اور مسئلہ یہ ہے کہ اسلامی قوانین کی چونکہ codification نہیں ہوئی ہے سنت کی خصوصاً اس لئے اور دقت پیش آئے گی۔ عدالتوں کا لیول ہمیں پتہ ہے ان کا کیا لیول ہے۔ اس وقت ان پر مقدمات کی بھرمار ہے وہ اپنا کام نہیں کر پاتیں۔ جس وقت یہ مقدمات جائیں گے میں سمجھتا ہوں کہ افراتفری کا عالم ہو گا اور نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ نفاذ شریعت کم ہو گا اور افراتفری زیادہ ہو گی۔

جناب عالی! جنوری 1951ء میں تمام اسلامی فرقوں کے 31 جید علما نے متفقہ طور پر پاکستان کے دستور کے لئے جواصول مرتب کئے وہ دستور سازی کے متعلق علما کے 22 نکات کے نام سے مشہور ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کے پہلے نکتے کے بعد دوسرے نکتے میں واضح الفاظ میں کہا گیا ہے کہ ملک کا قانون قرآن و سنت پر مبنی ہوگا اور کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جائے گا نہ کوئی ایسا انتظامی حکم دیا جا سکے گا جو کتاب و سنت کے خلاف ہو۔ جناب دیکھنا یہ ہے کہ یہ علما کس پائے کے تھے اور کس درجے کے تھے جنہوں نے یہ فیصلہ کیا۔ ان علماء میں سے چیدہ چیدہ نام یہ ہیں۔ سید سلیمان ندوی صاحب، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب، مولانا مفتی محمد شفیع صاحب، مولانا احتشام الحق تھانوی صاحب مولانا محمد یوسف بنوری صاحب اور مولانا ظفر احمد انصاری صاحب۔ میری ناچیز رائے میں آج کے دور میں ان جلیل القدر اور مقتدر علما کے مقابلے کا ایک بھی عالم نہیں ہے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان علماء کی سفارشات کی روشنی میں ہم نے اپنے دستور میں قرآن و سنت کو قوانین کا ماخذ بنایا ہے۔ اب جبکہ علما اس پائے کے نہیں ہیں تو کیا وجہ ہے کہ ان جید علما کی اور اپنے دستور کے خلاف ہم source کو سپریم لاء بنائیں اور اسلامی نظریاتی کونسل اور شریعت کورٹ کو نظرانداز کرکے ہر قسم کی عدالتوں میں افراتفری کو جنم دیں۔ میری ناچیز رائے میں شریعت بل میں ترمیم کر کے ہمیں اپنے موجودہ ڈھانچے کو برقرار رکھ کر اس کو زیادہ فعال بنانا چاہیئے۔ الحمداللہ اسلامی نظریاتی کونسل اور شریعت کورٹ نے گرانقدر کارنامے انجام دیئے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان اداروں کو مضبوط بنایا جائے اور ان کے وقار میں اضافہ کر کے ان کو وسعت دی جائے ان کا دائرہ کار بھی بڑھانا چاہیئے۔

جناب عالی! یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ ممبران پارلیمنٹ اور اسلامی نظریاتی کونسل میں سوائے کاغذات کے تبادلے کے کوئی رابطہ نہیں ہے۔ نہایت افسوس کی بات ہے کہ اس اہم بحث میں نہ معلوم کن وجوہات کی بنا پر ہمیں اسلامی نظریاتی کونسل کی معاونت حاصل نہیں ہے۔ دستور کی روح کے مطابق تو انکو اس مرحلے پر ہر قدم پر ہمارے ساتھ ہونا چاہیئے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نفاذ اسلام کے عمل میں ہمارا دست و بازو ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : مجھے بڑا افسوس ہے کہ میں اتنی اہم تقریر میں مداخلت کر رہا ہوں۔ نماز کا وقت ہو گیا ہے اگر اس کے لئے وقفہ کر لیں تو بہتر ہے۔

Mr. Chairman: We adjourn for twenty minutes, so we will meet again at 5.45 P.M. Thank you.

[The House adjourned for prayers]

[The House re-assembled after interval with Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair]

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سید مظہر علی صاحب۔

سید مظہر علی : شکریہ میڈم ڈپٹی چیئرمین صاحبہ! میں عرض کررہا تھا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کا ایک رول ہے اور وہ رول جو ہے وہ پارلیمنٹ کی مدد کرنا ہے کہ جو قرارداد مقاصد ہے اسکی طرف ہم چلیں ، پارلیمنٹ کی قانون سازی میں، جو قوانین کالعدم ہوں ان میں، اور جو دوسری چیزیں ہم نے معاشرے میں لانی ہیں جو اسلامی معاشرے میں لانی ہیں ان میں ہماری مدد کریں۔ یہ ان کا رول تھا اور میں سمجھتا ہوں کہ دستور کی روح کے مطابق ان کو اس اہم موقع پر، اس مسئلے پر ہمارے ساتھ ہونا چاہیئے تھا اور یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کا ایک آدمی بھی میں نہیں دیکھ رہا۔ ہو سکتا ہے اس میں ہماری بھی غلطی ہو، کچھ گورنمنٹ کی ہو، میں سمجھتا ہوں اس سلسلے میں ہمیں کام کرنا چاہیئے۔ اس

میں تبدیلی لانی چاہیئے اور اسلامی نظریاتی کونسل کو نفاذ اسلام کے سلسلے میں ہمارا دست راست ہونا چاہیئے۔

جناب میڈم صاحبہ! اب میں شریعت بل کو عجلت میں پاس کرانے کی کوششوں پر کچھ عرض کروں گا۔ میں سمجھتا ہوں یہ نہایت اہم بل تھا اور اس میں ہمارے اپوزیشن والے بھائیوں نے اگر کچھ وقت مانگا تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انکو دینا چاہیئے تھا - دو دن کے اندر اتنے اہم بل کو .... یہ بالکل صحیح ہے کہ ہمارے دوست کہتے ہیں کہ کافی دن سے یہ معاملہ چل رہا ہے اور اس شکل میں یہ بل دو دن پہلے آیا تھا۔ ہم میں سے ہر شخص وکیل نہیں ہے، عالم نہیں ہے، اس کو مشورے کرنے پڑتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ دو دن کا وقفہ اس بل کے لئے بہت کم تھا اور کچھ وقت اور دینا چاہیئے تھا جناب قانون بہت جلدی پاس ہوتا ہے، یا تو متنازعہ نہ ہو یا اس کے بارے میں پارلیمنٹ میں پیش ہونے سے پہلے اتفاق رائے ہو جائے۔ یہ قانون میں پھر کہوں گا اور میں ادب سے کہوں گا بڑی کاوش سے اس میں ہمارے کچھ ساتھی بھی شامل تھے انہوں نے بنایا اور نیک نیتی اور خلوص سے بنایا مگر یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے بھی جو تین ساتھی ہمارے سینٹ کے تھے اس میں پروفیسر خورشید صاحب ، راجہ ظفرالحق صاحب، اور مندوخیل صاحب، انہوں نے سینٹ کے اپنے ساتھیوں کو اعتماد میں نہیں لیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو بل بنایا ہے یہ ان کی ذاتی رائے ہے۔ اس میں انہوں نے ہمیں اعتماد میں نہیں لیا جناب قومی اسمبلی کے ممبران کے اذہان میں بھی کچھ تحفظات تھے لیکن اس کے باوجود یہ وہاں جلدی سے پاس کیا گیا۔ انسان جب بھی کوئی کام جلدی میں کرتا ہے وہ جتنی بھی نیک نیتی سے، خلوص سے کرے اس میں غلطیاں ہو سکتی ہیں اور اس بات کا ثبوت وہ ترامیم ہیں جو کہ قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل میں کی گئی ہیں اور وہ ترامیم بڑی ضروری ترامیم ہیں مثلاً ایک ترمیم میں جو غیر مسلم ہیں ان پر اسکا جو اطلاق ہونا تھا وہ بدلا گیا کچھ عورتوں کے بارے میں ہے دوسری بات یہ ہے کہ پہلے جو بل پیش کیا گیا تھا اس میں قرآن و سنت کو سپریم لاء کہا گیا تھا جبکہ بعد میں اس کے injuctions کو قرآن و سنت کو سپریم لاء بنایا گیا۔ جناب چونکہ یہ بل نہایت عجلت میں بنایا گیا ہے پاس کرایا گیا ہے اور ترامیم عجلت میں کی گئی ہیں اس لئے اس بل میں زبان کی، املا کی، گرائمر کی بیشمار غلطیاں ہیں۔ میں آپ کو توجہ صرف ایک یا دو چیزوں کی طرف دلاتا ہوں لکھا ہے

"AND WHEREAS Islam enjoins establishment of social order based on the Islamic values of bidding what is right and

forbidding, what is wrong ....."

یہ صحیح language نہیں ہے اس کے بعد نظام عدل میں لکھا ہے جو نہایت غلط انگلش ہے جسے صحیح ہونا چاہیئے۔

"The State shall take adequate measures for the Islamization of the "judicial system by eliminating laws, delays. .....

اب مجھے پتہ نہیں ہے کہ "law, delays" کیا چیز ہوتی ہے۔ یہاں بہت سے وکلا بیٹھے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں جناب اس بات کا خیال رکھیں یہ بل ساری دنیا میں جائے گا اور اگر اس میں اس قسم کی غلطیاں ہونگی تو یہ ہمارے ملک و قوم کا مذاق بنے گا تو میری گزارش ہو گی جو اس قسم کی غلطیاں ہیں ان کو کسی نہ کسی طریقے سے ٹھیک کیا جائے۔

اس کے علاوہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ساتھیوں نے نیک دلی سے جو ترامیم پیش کی ہیں ان ترامیم پر غور کرنا چاہیئے اور جن پر اتفاق ہو وہ ترامیم بل میں آنی چاہیئں۔ عجیب بات ہے کہ ممبران قومی اسمبلی سے مشورہ کر کے ان کی ترامیم کو تو بل میں شامل کر دیا جاتا ہے لیکن سینٹ جو کہ ایوان بالا ہے اس سے کہا جا رہا ہے اس میں ایک کاما یا فل سٹاپ نہ بدلا جائے۔ ایوان بالا کو اس کے حق سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ اگر اس میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے اور اگر یہ بل جائنٹ ہاؤس میں چلا جاتا ہے تو اس سے کیا ہو جائے گا وہ بھی ہمارے آئین کا حصہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری پارٹی کو جتنی اکثریت حاصل ہے اس کو (بل پاس کرنے میں) کوئی دقت نہیں ہو گی۔

جناب میرے ایک ساتھی نے فرمایا ہے جن کی میرے دل میں بڑی عزت ہے کہ ملک کے 90 فیصد لوگ شریعت کا نفاذ چاہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ 99 فیصد لوگ شریعت کا نفاذ چاہتے ہیں لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ وہ شریعت کا نفاذ اپنے اوپر نہیں دوسروں پر چاہتے ہیں۔ شریعت پر عمل کرنے سے لوگوں کو کس نے روکا ہے۔ نماز روزہ زکوۃ کی پابندی کیوں نہیں کی جاتی، زکوۃ و عشر سے بچنے کے لئے بیشتر لوگ سنی سے شیعہ بن جاتے ہیں جب قصاص و دیت کا قانون ان پر لاگو ہوتا ہے تو جو لوگ اس سے پہلے شریعت کے حامی تھے وہ خود سڑکوں پر آ کر اس قانون میں تبدیلی کرا لیتے ہیں۔ جناب ایک مسلمان کی حیثیت سے میری دلی خواہش ہے کہ شریعت کا نفاذ ہو لیکن شریعت کا نفاذ صرف انسانی قوانین سے نہیں ہو سکتا،

ہر مسلمان کو اسلام کے بنیادی قوانین سے واقفیت ہے۔ اس کو یہ بھی معلوم ہے کہ اگر اس نے ان قوانین کی خلاف ورزی کی تو روز حشر اس کو بدترین سزا ملے گی لیکن اس کے باوجود شرعی قوانین پر عملدرآمد نہیں ہوتا ۔ تو جناب جو لوگ اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتے، اس کے قانون پر عمل پیرا نہیں ہوتے تو وہ انسان کے بنائے ہوئے قانون سے کیسے ڈریں گے۔ اب آپ ان انسانی قوانین کو بھی لے لیں۔ سمگلنگ کے بھی قوانین ہیں، چوری کے خلاف قوانین ہیں، ڈکیتی کے خلاف قوانین ہیں لیکن وہ بھی سب ہو رہا ہے۔ جناب شریعت کا نفاذ ہونا چاہیئے لیکن میری ناچیز رائے میں یہ قانون سازی سے نہیں بلکہ قلوب کی تبدیلی سے ہوگا۔ میرے دل میں شریعت ہو گی۔ تو میرے گھر میں شریعت ہو گی گھر سے گلی میں گلی سے شہر میں صرف اسی طرح یہ تبدیلی رونما ہو گی۔

قوانین کے ساتھ ساتھ ہمیں معاشرے کی تبدیلی کے لئے بھی کاوش کرنے ہوگی جناب ! میں قوانین لانے کے خلاف نہیں ضرور لائیں اور ایسا ماحول پیدا کریں کہ لوگ اسلامی قوانین پر عمل پیرا ہونے پر آسانی محسوس کریں لیکن اس کے ساتھ حکمرانوں کو خود خلفائے راشدین کے نقش قدم پر چل کر عملی نمونہ پیش کرنا ہو گا اس چیز سے بے نیاز ہو کر کہ اس عمل سے ان کی حکومت کی طوالت کو کوئی خطرہ ہے، ان کو مکمل عدل و انصاف قائم کرنا ہو گا۔ اپنے گرد و پیش اگر کوئی گندگی ہے تو بلا خوف و خطر پہلے اس کو صاف کرنا ہوگا میری رائے میں حکمرانوں کا خود شریعت پر عمل پیرا ہونا دراصل شریعت کا نفاذ ہے۔ اس سے لوگوں کے دلوں میں تبدیلی آئے گی اور اس سے وہ خود بخود شریعت کی طرف مائل ہوںگے۔ جناب ایک بات کا اور خیال رکھنا چاہیئے کہ عام لوگ شریعت کے نفاذ سے بڑی امیدیں لگائے بیٹھے ہیں لیکن اگر شریعت کے نفاذ کے لئے یہی مقننہ، یہی عدلیہ، یہی نوکر شاہی، یہی پولیس، انکم ٹیکس اور محکمہ مال کے افسران رہیں تو ہم سب کو اپنے انجام کا پتہ ہونا چاہیئے۔ اس سے عوام میں سخت ناامیدی پھیلے گی جو ملک کے لئے نہایت نقصان دہ ہو گی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ زندگی کے ہر شعبے میں صالح لوگ پیدا کئے جائیں صرف اور صرف اس طریقے ملک میں اسلامی انقلاب آسکتا ہے صرف قوانین نافذ کرنے سے نہیں۔

جناب! آخیر میں میں اس بل کی شق نمبر 5 پر آؤں گا جس میں Observance of Shari'ah by Muslim citizens. اس میں کہا گیا کہ تمام مسلم شہری شریعت پر عمل پیرا ہونگے یعنی قانون کے ذریعے مسلمان شہریوں کو یہ ہدایات ممبران سینٹ اور ممبران قومی اسمبلی دے رہے ہیں اور بیشتر نے نہایت شد و مد سے دی بھی ہیں۔ یقیناً ان میں سے کچھ ممبران ضرور شریعت پر عمل پیرا ہوں گے اور ان کو یہ ہدایات دینے کا حق ہے۔ لیکن جو

ممبران خود شریعت پر نہیں ہیں وہ ذرا اپنے دلوں میں ٹٹولیں۔ کیا وہ یہ ہدایات دینے کے مجاز ہیں اس ضمن میں، میں ان کی توجہ قرآن شریف کی اس آیت کی طرف دلانا چاہتا ہوں جس میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ " اے لوگو جو ایمان لائے ہو وہ بات نہ کہو جو تم خود نہ کرتے ہو اللہ کو یہ بات ناپسند ہے کہ تم کہو کچھ اور کرو کچھ " جناب والا! میں معافی کا خواستگار ہو کر نہایت عجز سے نہایت انکسار سے اور ادب سے عرض کرنے کی جسارت کرونگا کہ شریعت پر خود عمل پیرا نہ ہوتے ہوئے دوسروں کو اس کا درس و تلقین دینا میری رائے میں شریعت بل نافذ کرتے وقت شریعت سے ہماری پہلی روگردانی ہو گی۔

جناب والا! میں آخر میں کہنا چاہوں گا کہ جو کچھ میں نے عرض کیا ہے نہایت نیک نیتی سے کیا ہے۔ مجھے دینی اور قانونی معاملات پر اپنی کم علمی کا پورا احساس ہے۔ کم علمی کی وجہ سے اگر کسی ساتھی کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں معافی کا خواستگار ہوں۔ الحمدللہ میں شریعت کا حامی ہوں۔ ایک صحیح شریعت بل کا، جس میں قرآن و سنت، دستور کے مطابق قوانین کا ماخذ رہے۔ اس شریعت بل کی موجودہ صورت سے مجھے اتفاق نہیں ہے ۔ اس میں کئی ترامیم کی گنجائش ہے۔ اسی طرح میرے خیال میں جیسے بشارت الٰہی صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمیں نئی کمشن بنانے کی بجائے اسلامی نظریاتی کونسل اور شریعت کورٹ کو سرگرم عمل کرنا چاہیئے۔ اس کے علاوہ پارلیمنٹ سے نظریاتی کونسل کے روابط کو بھی بڑھانا چاہیئے ۔ جناب والا! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر بولنے کا موقع دیا اور میں اپنے ساتھیوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میری گزارشات کو توجہ سے سنا۔ شکریہ!

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ جناب جام کرار الدین صاحب۔

Jam Kararuddin: Madâm Chairperson, I am thankful to you that you have given me time to articulate my thoughts and express my views on the mòst important piece of legislation i.e., Shariah Bill. On the one hand being a Musalman I can not dare to oppose the Shariat, on the other hand I am committed to the discipline of my party to support it. Now, Madam Chairperson, before I còme and dilate on the subject matter of this important piece of legislation I will take you back to the past history of Pakistan for a few moments.

Madam Chairperson, since this country has come into being with the supreme sacrifices and relentless struggle of the Quaid-e-Azam, Muhammad Ali Jinnah it has been converted into a political laboratory in which series of political experiments were conducted one after another and uptil now not a single political experiment proved to be true, meaningful, fruitful for the nation and the country as a whole. Let us make a start from the year 1958 when Martial Law was imposed by Field Martial, Muhammad Ayub Khan. Then, he gave a new idea of parity system. One unit was formed and then basic democracy was introduced in the country and for that basic democracy formed an electoral college for the President's election and for the elections of the National Assembly and Provincial Assemblies. After his rule was overthrown by the mass movement, then came power into the hands of Yahyah Khan. As a matter of fact, the Constitution of 1962 was given to the country by the Field Martial Muhammad Ahub Khan; he himself had violated the Constitution and transfer his power to a General, he should have given that power to the Speaker of National Assembly. The Pakistan was disintegrated during the period of General Yahyah and when Pakistan was disintegrated, I feel, at the time of fall of Dhaka, the soul of our founder, Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah, must have been in a state of restlessness that Pakistanis have done a tremendous damage to his Pakistan. Then, afterwards in the name of Islam another Martial Law was promulgated in our country. It was the Martial Law of General Zia-ul-Haq Sahib. In the name of Islam so much was exploited and the Islam itself had been exploited so much that it had reached the point of saturation. Now exploitation of Islam has been enough in our country. Now further, beyond the saturation point, Islam can not be exploited. There is so much awakening and political consciousness among the masses that people cannot be befooled hereafter in the name of Islam.

Madam Chairperson, since this Bill is of national importance and

it encompasses the entire spectrum of Pakistan, therefore, I personally feel that the passage of this Bill may not be delayed. But before that passage it is the function of the government and it is the primary duty of the government to fulfil all the obligations as enunciated by Islam. First to establish an egalitarian society on the fundamental principles of Islam in which society there should be a feerdom of speech, freedom of association. That society should be free from all corruption, bribery, robbery and nepotism and favouritism. That society in which every body should feel safe and secure and move fearlessly and freely from one place to the other. A society in which there should be justice; Justice not only between man and man but justice between a man and the State. A society which should be free from all evils. This is the fundamental primary duty of the government to establish this society first and then to apply Shariat to that country. Without the establishment of this society the application of Shariat would result in nothing and it will not bear any fruit for the country neither it can bring any maximum good for the nation or the country as a whole.

Second thing to which I would like to invite your kind attention, Madam Chairperson, is that after the Sharia Bill the nation should not be pushed into the quagmire of orthodoxy and theocracy. Because once the nation is pushed into that quagmire then it will be very very difficult for any Government to pull the nation out of it. I have got so many examples, one of them I quote. Very recently there was Gulf issue on which our Prime Minister took a very bold stand against which the entire theocratic class went out in the street and claimed Saddam Hussain, President of Iraq as a Muslim national hero, as a hero of the entire Muslim world, because he is fighting a war between Kufar and Islam. He was aggressor, he had forcibly occupied Kuwait. He had to withdraw forces from Kuwait, it was our stand but the theocratic class sided with him. Second example before you Madam

Chairperson, I will quote is that of Mohtarmah Fatima Jinnah. When she was pitted as a candidate in the President's election at the time of Mr. Ayub, then all our Ulamas or Maulvies sided with Mohtarmah Fatima Jinnah and now they say that a woman can not become the Head of State. A woman can not become the chief executive of the administration. Can I put this question to them whether Islam at that time was different or Islam at this time is different? Therefore, these theocratic classes change their mind at their own whims and for certain considerations. The third example that I will quote before you, Madam Chairperson, is that in this country from time to time whenever Martial Law was imposed, was there any voice or protest against that? According to my humble submission, according to my limited knowledge, Martial Law and Islam both are diametrically opposit to each other. There was no voice or protest from any class of theocracy. Our Ulemas or Moulvis did not oppose that Martial Law but on the contrary they benefitted from that Rule.

The fourth example that I will present before you, Madam Chairperson, is that of the land reforms which were declared by Mr. Bhutto. Those were, in consonance with the spirit of Islam, but after 10 years there were declared repugnant to Islam and Sunnah by the Federal Shariat Court. Now, if this is the interpretation of Islam and Sunnah then I do not know what would be the fate of our country. Therefore, after the application and enforcement of Shariah, the duty of the Government is to establish such a society which should be built on what my learned friend and colleague Dr. Bisharat Elahi quoted the Last Cermon of our Holy Prophet Muhammad (Peace Be Upon Him) that (Khutbah) should be the corner-stone of our egalitarian society.

Sir, there is no mention in this Bill about the separation of the Judiciary. It is a must. Judiciary must be separated because I have

been learning from 1947 uptil now that any Government which is inducted into power have been raising high shouts at the highest peak of their voices. They are claiming that we are going to separate judiciary from the executive but uptil now the judiciary has not been separated from the executive. It has been perceived that some judgements of the Supreme Court come under the influence of the executive. Therefore, before the Shariah is applied to the country it is necessary that judiciary must be separated from the executive. Thereafter, Madam Chairperson, whatever democracy we have today is only due to two personalities- one is Mirza Aslam Beg...

(interruption)

چوہدری امیر حسین :محترمہ! پہلی بات تو یہ ہے کہ عدالتوں کو یہاں criticise نہیں کیا جا سکتا۔ فیڈرل شریعت کورٹ پر نکتہ چینی کی گئی سپریم کورٹ کے متعلق یہ کہا گیا کہ وہ ایگزیکٹو کے زیر اثر آ سکتی ہیں یا ججمنٹ بدلیں اب مسلح افواج کو criticise کیا جا رہا ہے۔ رولز کے تحت یہاں کیا نہیں جا سکتا۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی : آن پوائنٹ آف آرڈر۔ محترمہ میں محترم وزیر کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ کسی نے فیڈرل شریعت کورٹ کو اور نہ ہی سپریم کورٹ کو criticise کیا - صرف میں نے یہ بات کہی تھی کہ judiciary اور executive کو بالکل الگ ہونا چاہیئے۔
This is no criticism at all.

چوہدری امیر حسین : جناب میں وہ بات نہیں کر رہا دو تین دن سے بحث ہو رہی ہے، اصولی طور پر اچھا نہیں لگتا کہ مداخلت کی جائے۔ لیکن اگر ایک عدالت ایک فیصلہ کرتی ہے، ایکview لیتی ہے۔ سال بعد، چھ مہنے بعد دوسرا view بھی لے سکتی ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اسلامی نظام میں یا Islamic laws میں کوئی خامیاں ہیں۔ ہر ایک کا اپنا view ہوتا ہے اس لئے میں یہ گزارش کر رہا ہوں اور ویسے بھی اس بل کے ذریعے executive اور judiciary کو علیحدہ نہیں کیا جا سکتا وہ آئین کے تحت provision ہے relevant بحث ہو سکتی ہے اور کوئی حد ہوتی ہے۔

Jam Kararuddin: No. I am talking about the separation of judiciary from the executive before the application of Shariah. So, there should be no point of order, no interruption from anybody.

Madam Deputy Chairman: Jam Kararuddin please continue.

Jam Kararuddin: Madam Chairperson, what I meant to attract the attention of the honourable House is that whatever democracy today we have is only due to two personalities of Pakistan. There is Mirza Aslam Beg, C-in-C and our worthy President, Mr. Ghulam Ishaq Khan. When Gen. Zia-ul-Haq died in the aircrash........

(interruptions)

Ch. Amir Hussain: No, I will take an exception to it.
محترمہ ۔ ہم سب کا فرض ہے کہ relevant بحث کریں---

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جام صاحب آپ شریعت بل پر بات کریں۔
No point of order I have told them that there is no point of order. Jam Kararuddin, please.

Jam Kararuddin: On 17th August, 1988 when Gen. Zia-ul-Haq died in an aircrash that was the proper and an appropriate time and a moment for Gen. Aslam Beg to declare Martial Law in the country and no one from us would have dared to oppose him but the entire nation is thankful to him that he did not take ultra-constitutional measures and he believed in democracy. He thought and realized that democratic process must continue in Pakistan.

Democracy has not been given any chance in the past to flourish in the country. Therefore, he avoided it. He stopped to take the constitutional measures and allowed the democracy to flourish for that, today, we are here to express our thoughts on this Bill, on that Bill, on Shariah Bill and on every thing.

Then in our history of Pakistan from 1988 up to 1990's Elections this was the transitory period in which power was transferred from one hand to another and that power was transferred absolutely in a democratic and constitutional manner and that credit goes to our President, Mr. Ghulam Ishaq Khan.

Then Sir, so far as the Shariah Bill is concerned as a Muslim I would like, and like me, others would like that in this country the Shariah should be applied and everybody should regulate it in his life individually and collectively in accordance with the spirit of Shariah-Quran and Sunnah. There cannot be two opinions about it. I am very straight forward man and I am confident that this Shariah Bill which has been introduced in this House, there is no doubt, that it is a right time, a serious time to introduce Shariah in the country and I am of this opinion and a firm and considered opinion that the intentions and bonafides of our Prime Minister are absolutely genuine, honest and he is an upright politician and he intentionally needs and sincerely desires that the Shariah should be introduced in the country. Therefore, in order to bring Shariah in the country it is the duty of everyone of us to strengthen the hands of the Prime Minister and the Government to bring this country on the lines of Islam i.e. Quran and Sunnah.

Sir, our Prime Minister, Mr. Muhammad Nawaz Sharif, no doubt, is a man of iron will, steel determination, an upright and an honest

gentleman who has already achieved two outstanding achievements to his credit. One is NFC Award and the other is Water Accord and this is the third credit that goes to him and I am hopeful that whatever amendments have been put before the House for the last two three days by the Law Minister, I hope that there are certain anomalies, flaws and lacunae in this piece of legislation. The Shariah Bill, if he can conveniently adjust the suggested amendments, then I think that it will be better and proper in the interest of the nation and the country as a whole. Thank you very much.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ! جناب بریگیڈئر عبدالقیوم صاحب -

بریگیڈئر (ریٹائرڈ) عبدالقیوم : آپ نے فرمایا ہے کہ آپ کو چیئرمین کہا جائے، اس کے ساتھ آپ نے یہ کبھی نہیں بتایا کہ آپ کو محترمہ کہا جائے یا چیئرمین صاحب کہا جائے - بہرحال محترمہ چیئرمین صاحب، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے وقت دیا - اصل میں اتنی تقاریر ہو چکی ہیں اور تمام اہم مسائل پر لوگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ، خاص کر میرے دوست سینیٹر مظہر علی کے بعد، میں کچھ کہہ ہی نہیں سکتا، انہوں نے کوزے میں دریا بند کر دیا- سب سے پہلے میں اپنے لیڈر آف دی ہاؤس محمد علی ہوتی صاحب، وزیر پارلیمانی امور چوہدری امیر حسین صاحب کو یہ اطمینان دلانا چاہتا ہوں کہ باوجود چند خدشات کے میں اس بل کے حق میں ووٹ دوں گا، اس لئے کہ یہ میری پارٹی کا فیصلہ ہے اور میں اسے تسلیم کرتا ہوں اور میں یقین رکھتا ہوں collective wisdom پر، لیکن میرے کچھ خدشات ہیں - سب سے پہلے میں عرض کروں گا کہ ہم نے من حیثالقوم کشمیر اور شریعت کو سیاسی اقدار کے لئے بڑا ایکسپلائٹ کیا ہوا ہے- یہ میرا بڑا تلخ تجربہ ہے- سب سے پہلی بات جو اس بل میں ہونی چاہیئے تھی وہ یہ تھی کہ آئندہ شریعت کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرنا جرم قرار دیا جائے گا-

اس کے بعد میں یہ بھی عرض کروں گا کہ یہ شریعت بل ہے شریعت نہیں ہے-

[At this stage the Chair was vocated by the Deputy Chairman which was occupied by the Chairman (Mr. Wasim Sajjad)]

بریگیڈئر (ریٹائرڈ) عبدالقیوم : جب اس شریعت بل پر کوئی نکتہ چینی ہوتی تھی تو میں نے لوگوں کو ناراض ہوتے دیکھا ہے لیکن شریعت تو نہیں ہے۔ ایک اور خدشہ مجھے ہے کہ قرآن کریم تقریباً 23 سال میں نازل ہوا۔ ہم اس بل پر اتنی جلدی کیوں کر رہے ہیں - لوگ کہتے ہیں کہ نیکی کے کام میں جلدی ہونی چاہیئے - لیکن مجھے سمجھ نہیں آئی اور جب ہم اس طرح کے قوانین بناتے ہیں تو ہمیں پھر مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ میں نے پچھلے چند مہینوں سے دیکھا کہ جو قانون ہم بناتے ہیں، ابھی وہ آرڈیننس کی شکل میں ہی ہوتا ہے کہ اس کے ترمیمی آرڈیننس آجاتے ہیں - کیونکہ ہم جلد بازی میں قانون سازی کر رہے ہیں۔ یہ نہ قوم کے مفاد میں ہے نہ ملک کے مفاد میں ہے۔ اور نہ ہمارے مفاد میں۔ قانون سازی بڑے تحمل کے ساتھ ہونی چاہیئے اور خاص کر جس ملک میں bi-cameral legislation ہو وہاں تو وقت ضرور لگے گا۔ میرے خدشات یہ ہیں۔ آج ہم اس شریعت بل کو ووٹ دے کر پاس کر دیں گے، میری طرف سے ابھی پاس کر دیں - میں ووٹ دینے کے لئے تیار ہوں۔ لیکن یہ مسئلہ مسلسل اٹھتا رہا ہے ، حل ہوتا رہا ہے، اور اٹھتا رہے گا۔ میں زیادہ اس کی تاریخ میں نہیں جاؤں گا۔ لیکن اب ہم ایشورنس چاہتے ہیں کہ اب ایک دفع یہ مسئلہ اگر طے ہو جائے تو ہر بار نہ اٹھایا جائے۔

یہ حقیقت ہے کہ 1973ء کا آئین متفقہ آئین ہے۔ اس پر تمام دینی جماعتوں کے قائدین نے اتفاق کیا تھا۔ مجھے یاد ہے مرحوم مولانا مفتی محمود صاحب ، مولانا ہزاروی صاحب ، جناب شاہ احمد نورانی صاحب ، جناب میاں طفیل صاحب، پروفیسر غفور صاحب، جیسے قائدین نے اس آئین پر اتفاق کیا تھا اور ان کے دستخط اس پر موجود ہیں۔ وہ اس میں شریعت کے نفاذ کی پروویژن سے اس وقت پوری طرح مطمئن تھے۔ اس کے بعد مرحوم و مغفور صدر ضیاء الحق صاحب نے اس میں شریعت کے نفاذ کے لئے مزید ترامیم کیں۔ اب نفاذ شریعت کے لئے ایک مکمل طریقہ کار آئین میں موجود ہے اس کے باوجود کیوں اس بل کی ضرورت پیش آئی۔ یہ بھی آپ جب اپنی تقریر کریں گے مجھے ضرور بتا دیجیئے۔

جہاں تک ہماری آئیڈیالوجی کا تعلق ہے۔ اس پر بہت بحث مباحثہ ہوا - کوئی قائد اعظم کو کوٹ کرتا ہے۔ کوئی علامہ اقبال کو کوٹ کرتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ جب ہم نے اپنی آئیڈیالوجی کو اپنے آئین میں سمو دیا اس کے بعد اس پر بحث فضول ہے۔ میرا خیال ہے کہ ہمارے آئین میں ہماری آئیڈیالوجی بڑی واضح ہے - آرٹیکل 31 ہے - Objectives Resolution ہے اس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں رہی - نفاذ شریعت اور اصلاح معاشرہ

کے لئے جن اقدامات کا اس بل میں تذکرہ کیا گیا ہے میرے خیال میں ان کے بغیر بھی ہم قانون سازی کر سکتے ہیں - ایک میرا شک ہے اگرچہ محترم قاضی حسین احمد صاحب نے بڑے مدلل دلائل دیئے ، لیکن میرا شک دور نہیں ہوا- اس بل میں شریعت کو سپریم لاء کہا گیا ہے- مجھے یوں لگتا ہے کہ یہ آئین کے ساتھ متصادم ہوگا اور اس کی وجہ سے مسائل جنم لیں گے - یہ صحیح ہے- یہ subordinate legislation ہے- لیکن اس subordinate legislation کو supra-constitutional تو نہیں ہونا چاہیئے - اس کی وضاحت ضرور کیجیئے گا- میرا خیال ہے کہ ضرورت تو آئین میں ترمیم کی تھی لیکن بل کے ذریعے اسے سپریم لاء کہا گیا- پھر اس کے سپریم لاء ہونے سے بھی مجھے علما نے ہی بے راہرو کر دیا ہے- میں عملاً مسلمان تو نہیں ہوں- میں یہ آپ کے سامنے ماننے کے لئے تیار ہوں، اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہوں اپنے اعمال کے لئے ، لیکن مجھے اس شریعت بل کا ایک فائدہ ہوا- پچھلے پانچ چھ سال سے سینیٹ میں ہوں- اور میں نے کچھ پڑھنا شروع کیا اس بارے میں - اس سلسلے میں دو تین چیزیں میرے خیال میں سینیٹر مظہر علی صاحب نے بھی بیان کی ہیں حضرت ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے بھی اپنی کتاب

Basic principles of Islamic State

میں کہا تھا

the law of the land shall be based on the Quran and Sunnah.

انہوں نے اسے سپریم سورس آف لاء نہیں کہا تھا- پروفیسر خورشید احمد صاحب اس کے ایڈیٹر ہیں اور اب مجھے پڑھنے کی ضرورت نہیں ورنہ کتاب میرے پاس ہے- وہ یہ تسلیم کریں گے کہ یہی لکھا ہوا ہے - 1953ء میں Basic Principles Committee نے اپنی رپورٹ مرتب کی- 31 علماء جو تمام فرقوں اور فقہوں کو represent کرتے تھے انہوں نے اپنی ایک متفقہ رپورٹ دی - اس متفقہ رپورٹ میں انہوں نے اس Basic Principles Committee کی رپورٹ میں سیکشن 3 میں یہ ترمیم recommend کی

"And the Quran and the Sunnah be the chief source of the law of the land"

اب ان 31 علماء کی سنیں، یا آج کے علماء کی سنیں، یا چوہدری امیر حسین صاحب کی سنیں- میں اس میں کافی پریشان ہوں - میں زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا کیونکہ لوگ بہت تھک چکے ہیں- اصل میں آخر پر ایک عرض کرنا چاہتا ہوں - کیونکہ سوسائٹی متحرک ہے اس لئے قانون بھی متحرک ہونا چاہیے- اسلام سوسائٹی کی حرکت اور social environment میں movement کے ساتھ ساتھ قانون میں movement کو تسلیم کرتا ہے-اس لئے کوئی لاء سپریم لاء نہیں ہو سکتا- یہاں پہلے بھی علامہ اقبال کی کتاب the re-constution of religious thought in Islam کا حوالہ دیا گیا ہے، اس کے صفحہ 136 پر ہے-

I quote: "Shah Wali Ullah has very illuminating discussion on the point, I reproduce here the substance of his views. The prophetic method of teaching according to Shah Wali Ullah is that, generally speaking the law revealed by the Prophet (peace be upon him) takes special notice of the habits, ways and peculiarity of the people to whom he is specifically sent. The Prophet who aims that all embarassing principles, however, can neither reveal different principles for different people nor leave them to work out their own rules of conduct. His method is to train one particular people and to use them as a nucleus for the building up of a universal Shariah, in doing so he accentuates the principles under lying the social life of all mankind and applies them to complete cases in the light of the specific habits of the poeple immediately before him. The Shariah that is resulting from this application that his rules relating to penalties of the crimes or in a sense specific to that people and since their observance is not an end in itself cannot be strictly enforced in the case of future generations."

لیکن میں ایک مثال دوں گا- رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے valid resons کی وجہ سے، کیونکہ ایک وقت ہوتا ہے اس میں ایک social environment ہوتی ہے- انہوں نے slavery کو abolish نہیں کیا-انہوں نے slavery کو برا سمجھا اور برا کہا اور slaves کو آزاد کرنے کا ثواب بتایا اور slaves کو آزاد کرکے خود مثال قائم کی لیکن slavery کو abolish نہیں کیا- میں اس میں wisdom یہ دیکھتا ہوں کہ centuries later جب امریکیوں نے slavery کو abolish کرنے کی کوشش کی تو civil war ہوئی جو 5، 6 سال لگی رہی اور لاکھوں لوگ مارے گئے- میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سوسائٹی کی موومنٹ یہ ہے کہ آج ہم غلامی کو بغیر abolish کئے غلامی کا تصور بھی نہیں کر سکتے، slavery کا تصور بھی نہیں کر سکتے- یہ سوسائٹی میں موومنٹ ہے، ہمارے ماحول میں ہے اور قوانین بھی اسی طرح تبدیل ہوتے رہیں گے-

ربا اور سود کے متعلق کچھ عرض کروں گا کیوں کہ باقی چیزوں پر معزز اراکین نے

کافی بحث کی ہے لیکن ربا کے متعلق difference of opinion ہے کہ یہ سود ہے یا
نہیں یہ Interest ہے یا نہیں ہے۔ یہاں کچھ علماء بڑا زور دے کر کہتے ہیں کہ یہ ہے
الازہر کا ایک فتوی ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ یہ (ربا) نہیں ہے، ان کی اپنی reasoning
ہے کہ ربا اس لئے حرام کیا گیا تھا کہ یہ استحصالی نظام تھا اور آج کل کی بینکنگ جو ہے
یہ exploitive نظام نہیں ہے کیوں کہ اس سے کسی کو نقصان نہیں پہنچا۔ کوئی exploit
نہیں ہوتا اگر زیادہ سے زیادہ کرنا ہے، آپ کہیں کہ بھئی شادی بیاہ کے لئے، علاج کے لئے
سود پر مت قرضہ دو، compound interest آپ بند کر دیں لیکن جو میں پیسہ رکھتا
ہوں وہ آگے کسی کو ملتا ہے، وہ اس سے فیکٹری بناتا ہے، لوگوں کو روزگار ملتا ہے، مجھے
کچھ ملتا ہے کسی کا کوئی نقصان نہیں ہوتا کسی کی exploitation نہیں ہوتی ہے، اس پر
سوچنے کی ضرورت ہے۔ میں اس کے متعلق اتنے اعتماد سے نہیں کہہ سکتا ہوں کہ یہ غلط
ہے لیکن difference of opinion ہے یہ یہاں چند لوگوں کے کہنے سے حل نہیں ہو سکتا۔
ایسے مسئلوں پر national debate generate ہونی چاہیئے اور وہ debate کافی دیر تک چلنی
چاہیئے، اس میں لوگوں کو ڈرایا نہیں جانا چاہیئے کہ تم اسلام کے خلاف بات کر رہے ہو نہ
دھمکانا چاہیئے بلکہ میں تو یہ عرض کروں گا کہ اس میں تمام اسلامی ممالک کو شامل کرنا چاہیئے،
یہ ہم سب کا مشترکہ مسئلہ ہے اور اگر بطور ایک بلاک کے ہم اس کا کوئی حل تجویز
کریں ممکن ہے ہم international monetary system پر بھی اس کے مالی نظام پر بھی
اثر انداز ہو سکیں ورنہ بطور ایک ملک کے ہم اپنے آپ کو isolate کر لیں گے۔

اس کے بعد اجماع کے متعلق بھی میں عرض کروں گا علامہ اقبال ہی فرماتے ہیں۔

The third source of Muhammaden Law is Ijmah which is in my opinion perhaps the most important legal notion in Islam. It is, however, strange that this important notion while invoking great academic discussion in early Islam remained practically a mere idea and rarely assumed the form of a permanent institution in any Muhammaden country. Possibly its transformation into a permanent legislative institution was contrary to the political intersts of the kind of absolute monarchy that grew up in Islam immediately after the four Caliphs. It was, I think, favourable to the interests of the Umayid, Abbassid Caliphs to leave the power of Ijtehad to individual Mujtehids

rather than encourage the formation of a permanent Assembly which might become powerful for them. It is, however, extremely satisfactory to note that the pressure of the new world forces and the political expreience of European nations are impressing on the mind of modern Islam, the value and possibilities of the idea of Ijtmah. The growth of Republican States and the gradual formation of Legislative Assemblies in Muslim lands constitutes a great step in advance. But I mean to say nothing in this world if it is practised by someone else, may be the Europeans, should be abhored and hated. We can adopt that, and we must work for the system of Ijmah. The Shariah Bill does not guide us on that. These are the few observations I had to make.

Thank you very much, Sir.

جناب چیئرمین : جناب خلیل الرحمان صاحب

جناب خلیل الرحمان : بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب ! شریعت بل کا مختصراً پس منظر سا کچھ یوں ہے کہ یہ بل پہلی مرتبہ 1985ء میں پیش کیا گیا۔ اس بل کی جو حقیقی دشواریاں تھیں وہ مختلف طبقات کا ردعمل تھا جس کو حل کرکے یہ بل 13 مئی 1990ء کو منظور کر دیا گیا اور اب اسے سنگ میل کہیں یا سنگ اور سنگ بھی دو قسم کے ہوتے ہیں یا تو سنگ بنیاد ہوتا ہے یا وہ سنگ جو مجنوں پر اٹھایا گیا تھا۔ یہ تو صرف زمانہ ہی بتائے گا اس طرح یہ دیو اپنی بوتل سے باہر نکل آیا تو اس کو واپس ڈالنے کا کوئی راستہ نہیں رہے گا۔

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

جناب جب اس موجودہ حکومت نے اس ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو اس کو احساس ہوا کہ یہ بل جو تھا عام عوام کے احساس کی ترجمانی نہیں کرتا تھا اور اس کا مقصد صرف علماء کی قوت کو بڑھانا تھا۔ موجودہ حالت میں یہ بل ملک کو اور قوم دونوں کو تو بیوروکریسی

کی طرف لے جا رہا تھا، دوسرا طبقہ جو اس سے اختلاف رکھتا تھا وہ خواتین کا تھا وہ اس لئے کہ انہیں ڈر تھا کہ ان کی آزادی نسواں جو ان کو کچھ پچھلی چند دھائیوں میں ملی ہے وہ ان سے چھن جائے گی۔

تیسرا طبقہ جو اس کے خلاف تھا وہ شیعہ حضرات کا تھا۔ ان کا نقطہ نظر یہ تھا کہ ایک فقہ کو دوسرے فقہ پر ترجیح دی جائے گی اور اس سے مذہبی فسادات کا خطرہ تھا اور تنگ نظری کے دائرے کے وسیع سے وسیع تر ہونے کے امکانات تھے۔ اقلیتوں کو بھی اس سے کافی خطرات وابستہ تھے۔ اور ملک کا اعتدال پسند طبقہ تو اس کے بالکل ہی خلاف تھا غرض ان تمام حقیقتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے بڑے غور و خوض کے بعد ایک ترمیم شدہ بل 11 اپریل 1991ء کو قومی اسمبلی میں پیش کیا۔ اپوزیشن علماء اور چند آئی جے آئی کی پارٹیوں کا اس سے اختلاف تھا لیکن حکومت نے کسی نہ کسی احسن طریقے سے اس اختلاف کو دور کرکے یا اسے قبول کروا کے یہ اسمبلی سے منظور کرا دیا اور یہ بل اس سینیٹ میں اب آپ کے سامنے ہے۔ جناب آپ دیکھ رہے ہیں کہ کہیں اس کی دھجیاں اڑی ہیں تو کہیں اسے گا spell truth کہا جا رہا ہے چونکہ اتنی مدلل قسم کی بحث اس پر ہو رہی ہے کہ میرا اس پر کچھ کہنا سورج کو چراغ دکھانے کے برابر ہو گا تو میں اس سے ذرا ہٹ کر بات کروں گا۔ حکومت ایک پروڈکٹ بنا رہی ہے اس کی مارکیٹنگ کیسے ہوگی۔

جناب موجودہ بل سے پہلے بھی ہمارے پاس اچھا خاصا اسلام آئین کی صورت میں موجود تھا اور اگر سچے دل سے کوشش کی جاتی تو ایک اسلامی معاشرے کی طرف جانے میں کوئی رکاوٹ درپیش نہیں تھی اس کے علاوہ قرآن تو ہمارے پاس عرصے سے پڑا ہے تو پھر اسلام لانے میں کیا دقت تھی صورت حالات ایسی بھی تھی اس وقت کہ ایک چیز بیک جنبش قلم بھی ہو سکتی تھی۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس اور بھی قانون تھے جو سب معاشرے کی برائیوں کا سدباب کر سکتے تھے لیکن ان پر عمل کیوں نہیں کرایا گیا ۔ کیا اس کی وجہ یہ تھی کہ ہمارے پاس اس قسم کا بل نہیں تھا جو ابھی آیا ہے جو کہ اس معاشرے کی برائیوں کو خرابیوں کو یک لخت صحیح کر دے گا تو جناب ہماری پچھلی حکومتیں بڑی بے وقوف تھیں کیوں کہ انہوں نے ایسا بل نہیں بنایا لیکن یہ ماننے کی بات نہیں ہے اب جناب کوئی دو ہزار سال پہلے کی بات ہے کہ یونان میں ایک منطقی رہا کرتا تھا۔ اس کا نام پلو ٹارچ تھا۔ وہ بڑا عالم فاضل تھا۔ لیکن تھوڑا سادہ لوح تھا وہ سادہ لوح اس لئے تھا۔ کہ اس کا واسطہ ابھی ایف آئی آر سے نہیں پڑا تھا۔ اس نے کہا ہے کہ جتنے قانون ہیں یہ سب بے کار ہیں کیوں کہ اچھے آدمی کو ان کی ضرورت نہیں ہوتی اور برے آدمی کی یہ تصحیح نہیں کرسکتے۔ دوسری طرف

حکومتوں کا کام کیا ہے کہ وہ قانون بناتی ہیں اور بنا رہی ہیں۔ اب یہ بل بھی بن گیا ہے تو کیا اس بل کے بننے سے کوئی انقلاب آئے گا میرے خیال میں بل نے خود بھی اس طرف نئی کا اظہار کیا ہے، جناب بل بنانے سے، قانون نافذ کرنے سے، نہ تو اسلام آتا ہے اور نہ ہی کوئی فلاحی معاشرہ بنتا ہے اس کے لئے عوام الناس کا شعور چاہیئے۔ ایک ایسا شعور جو قانون کے تقاضوں کو نہ صرف سمجھے بلکہ اس کی عزت بھی کرے۔

معاشرے بنتے کیسے ہیں آئیے اسے ذرا تاریخی پہلو سے دیکھیں۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم اس برصغیر کا مقابلہ کسی دوسرے اسلامی ممالک سے نہیں کر سکتے کیونکہ جو ورثہ ہمیں تاریخ اور ثقافت کی صورت میں یہاں ملا ہے وہ ان سب سے جداگانہ ہے۔ ذرا تصور کیجیئے ہندوستان قرون وسطیٰ کا ہندوستان، رومانٹک ہندوستان، رنگین ہندوستان جہاں پر وید تھے، بھجن تھے، ناچ تھے، گانے تھے، دیوالی تھی، دسہرا تھا، بسنت تھی، اجنتا لورہ کے گانے تھے غرض ایک قسم کا بڑا ہی آسان معاشرہ تھا - جناب! مسلمان حملہ آور یہاں آئے، فتوحات کا ایک سیلاب آیا، حکومتیں بنیں، حکومتیں ٹوٹیں اور کچھ ان میں سے کافی عرصہ تک یہاں قائم رہیں یہ اپنے ساتھ اسلام لائیں یعنی اسلام کا فروغ ہوا کیونکہ ہر فتح کے بعد یہ ازخود ہو جاتا ہے اور یہ تو بالکل اظہر من الشمس ہے کہ اسلام کی اپنی خوبیوں کا اس میں بہت بڑا دخل تھا - تو جناب کیا کسی حملہ آور نے یا بادشاہ نے اسلام نافذ کرنے کی کوشش کی۔ آپ تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں، آپ کو کوئی اکا دکا نظر آئیں گے جنہوں نے کچھ کوشش لیکن نہ ان کے پاس ٹائم تھا اور کچھ انکی اپنی مشکلات اس قدر تھیں یہ ان سے نہ ہو سکا اور حد تو یہ ہے کہ آپ کے ایک شہنشاہ نے اپنا دین الٰہی یہاں رائج کرنے کی کوشش کی۔

جناب اس آسان معاشرے سے لوگوں کو کس طرح lure کرکے مسلمان بنایا گیا اور کس نے بنایا تو وہ تھے جناب خواجہ اجمیری، نظام الدین اولیا اور دوسری برگزیدہ ہستیاں یہ وہ خدا رسیدہ اور مخلص ہستیاں تھیں۔ جنہوں نے اپنی زندگیاں اس کام میں وقف کر دی تھیں نہ انہیں کرسی کا شوق تھا نہ انہیں بادشاہ وقت سے ملنے کی آرزو بلکہ بادشاہ خود ان کے پاس پاپیادہ آیا کرتے تھے۔ انہوں نے فلاحی معاشرے بنائے اسلام کا نفاذ کیا اس کو روشناس کرایا اس کی تلقین کی اور آج ہم جو اتنے سارے مسلمان یہاں بیٹھے ہیں میرے خیال میں یہ ان کی برکت سے ہے۔ قوالیاں ، نعتیں، عرس، لنگر، میلے یہ اس زمانے کی روایات ہیں اور یہ یقین مانیئے یہ وہی روایات ہیں جنہوں نے ان بھجنوں، ناچوں ، گانوں کے سحر کو توڑا۔ اسلام کو ہندو ثقافت کی نظر سے اور ہندو ثقافت کو اسلام کی نظر سے دیکھا اور انہوں نے ان دونوں کو آپس میں سمونے کی کوشش کی تاکہ دائرہ اسلام وسیع ہو جائے اور کمال تو یہ ہے

کہ یہ under most modern technology کیا گیا ہے contemporary relevance کے متعلق ۔ یعنی وقت اور ماحول کو دیکھتے ہوئے۔

جناب اگر ہم سچے دل سے چاہتے ہیں کہ اسلامی نظام نافذ ہو جائے اور ہم چاہتے ہیں تو یہ صرف حکومت کا کام نہیں ہے۔ بل انہوں نے بنا دیا ہے لیکن یہ ان کا کام نہیں ہے۔ اس کے نفاذ میں علمائے کرام، مشائخ عظام، اہل دانش کو حکومت کا ہاتھ بٹانا پڑے گا اور ان لوگوں کو ان برگزیدہ ہستیوں کے نقش قدم پر چل کر ان معاشرے کی خدمت کرنی پڑے گی۔ یہ بے لوث خدمت ہو گی تبھی یہ نظام آسکے گا۔ سب سے اہم بات عوام کو سمجھانا اور ایک طریقے سے سمجھانا ہے یہاں پر 1500 سال پہلے والے بدو نہیں ہیں۔ یہاں ثقافت ہے یہاں کلچر ہے۔ یہاں ٹی وی ہے۔ یہاں لوگ چاند پر گئے ہوئے ہیں۔ کوئی کدھر گیا ہوا ہے۔ ان کو آپ نے 1500 سال آگے بڑھانا ہے پیچھے نہیں لانا ہے اور اگر کسی کا یہ خیال ہے کہ یہ نظام ڈرا کر دھمکا کر نافذ کیا جائے گا تو اس کے نتائج تو کچھ زیادہ ہی خطرناک ہو سکتے ہیں۔ میں مانتا ہوں کہ علما کا حکومت میں آنے کا مقصد بے غرض اور بے لوث ہے۔ میں مانتا ہوں اور وہ اسلامی نظام اس طریقے سے لانا چاہتے ہیں لیکن جب یہاں پر یہ اسلامی نظام نافذ ہو جائے گا تو پھر ان کا کیا کردار ہو گا۔ کیا وہ پھر بھی حکومت میں رہیں گے۔ اس نظام کو اور سخت بنانے کی کوشش کریں گے یا وہ لوگوں کے اندر گھل مل کر ان کو اس چیز کی تلقین کریں گے۔ یہ سوچنے کی بات ہے۔

جناب چیئرمین! یہ بل پاس تو ہو ہی جائے گا۔ لیکن اس بل کے پاس ہونے سے کچھ سوالات اٹھتے ہیں ، کیا معاشرے کی اخلاقی حالت خود بخود درست ہو جائے گی۔ کیا یہ کرپشن کا اژدھا خود بخود مر جائے گا۔ کیا یہ معیشت کی اونچ نیچ بھاگ جائے گی، کیا حکمرانوں کا رویہ یہی رہے گا۔ ان کے طور طریقے یہی رہیں گے اور کیا اول خویش بعد درویش کا سلسلہ ختم ہو جائے گا جناب! اگر یہ بل اس قوم سے پسماندگی، کرپشن، کنبہ پروری، ظلم اور ناانصافی دور نہ کر سکا اور اگر اس قوم کو ذاتی حفاظت اور طبقاتی برابری اور روزگار کی سہولتیں نہ دے سکا ، کمزور کو تحفظ ، بھوکے کو کھانا، ننگے کو کپڑا، محتاج کو احتیاج، اور بے سہارا کو سہارا نہ دے تو ایک حد درجے کا احساس محرومی آپ یہاں پر پیدا کریں گے اس قسم کا احساس محرومی جس سے اسرائیل بنا، یہ پاکستان بنا اور جس سے بنگلہ دیش بنا کیونکہ شریعت بل آپ نے اس دکھی اور سادہ عوام کو ایک آخری دوائی کے طور پر پیش کیا ہے۔ جیسے cortisone ہوتا ہے جو as a last resort دیا جاتا ہے اگر اس کا خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلے تو مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ تو جناب اس قوم کا جو ردعمل ہو گا وہ مجھے آپ کو بتانے کی

ضرورت نہیں ہے۔ جناب جیسا کہ میں نے پہلے کہا یہ سارے علما، مشائخ، عظام، اہل دانش، قوم کا ہر وہ فرد جس میں کچھ اہلیت ہے اور حکومت اور حکومت وقت کے وسائل، ان کی پالیسی، ذرائع ابلاغ اور تعلیم ان سب کو کمر کس کر میدان میں آنا پڑے گا اور ان کو معاشرے کے اندر گھس کر لوگوں سے ایک ایک بندے سے بات کر کے ان کو سمجھانا پڑے گا کہ قانون کیا ہے اس کو ماننا کیا ہے۔ اس کو کیسے مانا جاتا ہے۔ ان میں شعور پیدا کرنا پڑے گا۔ آپ انہیں پیچھے نہیں لے جائیں گے۔ آپ انہیں آگے لے جائیں گے۔ اور ایک اور بھی بات ہے آپ اسے بلڈوز نہیں کریں گے۔ قانون جناب! چاہے کالے کا ہو یا گورے کا، اسلامی یا غیراسلامی اگر اس پر عمل نہ کیا جائے تو یہ ایک کاغذ کا پتا (پرزہ) بن کر رہ جاتا ہے اور اگر یہ کہیں کہ یہ معاشرہ فرشتے آ کر ٹھیک کریں گے تو جناب یہ بھی غلط ہے کیونکہ یہی ہماری سادہ عوام جب امریکہ، یورپ، مشرق وسطیٰ جاتی ہے تو یہ وہاں جفاکشی کا، محنت کا، ایمانداری اور ایک اچھے شہری بننے کا نمونہ بنتے ہیں تو یہاں یہ کیوں نہیں ہو سکتا یہ اس لئے نہیں ہو سکتا۔ یہاں پر ایسا معاشرہ نہیں ہے۔ جناب! آپ سب سے پہلے یہاں معاشرہ بنائیں گے پھر یہ بل بنائیں ورنہ یہ آپ جتنے بل بنا رہے ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : شکریہ بہت مہربانی جناب میر عبدالجبار صاحب

میر عبدالجبار : جناب "شریعت بل" جو "شریعت ایکٹ 1991ء" کے نام سے موسوم ہے اور جو قومی اسمبلی سے اکثریت سے منظور ہو کر اس ایوان میں آیا ہوا ہے اور پچھلے تین روز سے مسلسل زیر بحث ہے۔ یہ بل 22 دفعات پر مشتمل ہے جس میں اس کے مقاصد اور تشریحات بیان کی گئیں ہیں۔ مزید برآں جب یہ بل ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہمارے پاکستانی عوام تک بھی جا پہنچا ہے اور جس کا ہمارے عوام میں فوری رد عمل یہ ہوا ہے کہ وہ پوچھتے ہیں کہ یہ شریعت بل کیا ہے۔ اسے کیوں منظور کرایا جا رہا ہے۔ اس کی مخالفت کیوں ہو رہی ہے؟ کیا اس پر عملدرآمد ممکن ہو سکتا ہے، اگر ہے تو کیسے؟ شریعت بل سے کیا فوائد حاصل ہوں گے اور کیا اقلیتوں کو تحفظ ملے گا۔ کیا خواتین کے حقوق تو پامال نہیں ہوں گے، کیا اس کو کسی خاص مقصد کے لئے منظور کرایا جا رہا ہے یا اس کے ذریعے فلاحی مملکت کا قیام عمل میں آ سکے گا، ملک میں اقتصادی معاشی سیاسی مذہبی استحکام ممکن ہو سکے گا، امن و امان کا گھمبیر مسئلہ حل ہو سکے گا۔ فوری انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں گے۔ کیا اس شریعت سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگ مطمئن ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ اس بل پر اس قدر اختلاف کیوں؟ کیا اس پر اختلاف کے باوجود اس پر عمل درآمد کرنا اصولی طور پر درست ہو گا [illegible] ایک نعرہ تو

ثابت نہیں ہو گا۔ یا حقیقتاً اس کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ جناب والا! یہاں یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ یہ بل عوام کی توجہ کمر توڑ مہنگائی اور دیگر گھمبیر مسائل سے ہٹانے کے لئے اور حکومت اپنے کارناموں کی فہرست میں ایک اور کارنامہ کا اضافہ کر کے اسے آئندہ انتخابات میں کیش کروانے کا ایک بہانہ بنا رہی ہے۔

جناب والا! میں نے اس اہم مسئلہ کے بارے میں چند سیاست دانوں علما، مفکرین کی آراء کو اکٹھا کیا ہے جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ مولانا فضل الرحمان صاحب نے 4 مئی 1991ء کو اپنے ایک اخباری بیان کے ذریعے اظہار فرمایا تھا انہوں نے فرمایا کہ اسمبلی میں جو شریعت بل پیش کیا جا رہا ہے اگر یہ منظور ہو بھی گیا تو یہ متفقہ نہیں ہو گا۔ بلکہ وزیراعظم صاحب کا ذاتی بل ہو گا۔ کیونکہ آئی جے آئی کا یہ بل نہیں ہے اس لئے کہ اسے جناب محمد خان جونیجو بھی مسترد کر چکے ہیں۔ عوامی نیشنل پارٹی جو قومی اسمبلی اور سینٹ میں آئی جے آئی کی حامی اور حلیف پارٹی ہے اس نے بھی اس بل کی شدید مخالفت کی ہے۔ انہوں نے محترمہ بے نظیر صاحبہ کے موقف کی کھل کر حمایت کی ہے۔ نہ صرف یہ کہ آئی جے آئی میں شامل مختلف سیاسی جماعتیں بھی اس بل کے متعلق اپنی آراء کے اظہار سے پرہیز کر رہی ہیں بلکہ ان میں بھی اختلاف ہے۔ مسلم لیگ نے ابھی تک اس بل کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ آپ نے کل اور پرسوں دیکھا کہ ہمارے ٹریژری بنچوں پر بیٹھے ہوئے حضرات نے اپنی آراء میں اظہار فرمایا ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے بھی اس بل کے بارے میں کچھ تحفظات ہیں۔ اسی طرح میں کہوں گا کہ جماعت اسلامی کے بھی کچھ تحفظات تھے مگر آج ہمارے محترم سینیٹر جناب قاضی حسین احمد نے اپنی تقریر میں فرما دیا کہ ان کے ایسے کوئی تحفظات نہیں تھے۔ وہ اس بل کے حق میں ہیں۔ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے تو یہاں تک کہا ہے کہ یہ بل آئینی طور پر اسمبلی میں پیش ہی نہیں کیا جا سکتا۔ وہ یکسر آئینی طور پر اس بل کو اسمبلی میں پیش کرنے کے خلاف ہیں۔

جناب والا! یہ درست ہے کہ آئین کی آرٹیکل نمبر 70 کے تحت آئین کے شیڈول نمبر 4 میں دی گئی فیڈرل لسٹ میں دیئے گئے موضوعات پر کوئی بل ایوان میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ دو لسٹوں میں شامل ایسے 114 آئیٹموں میں سے شریعت کی بابت موضوعات یہ ہیں۔ اسلامی تعلیم۔ زکوٰۃ، انصاف (یعنی فیڈرل لیجسلیٹو لسٹ کے آئیٹم نمبر 40-39 اور 43 اے)، ان موضوعات پر قانون سازی پہلے سے ہو چکی ہے اگر ان میں بعض ترامیم کی ضرورت ہے تو پارلیمنٹ کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے یقیناً ضروری قانون سازی کی جا سکتی ہے۔ شریعت کا نفاذ

پارلیمنٹ کے دائرہ کار سے باہر، میں پھر عرض کروں گا کہ شریعت کانفاذ پارلیمنٹ کے دائرہ کار سے باہر ہے۔ یہ معاملہ صوبائی قانون ساز اداروں کے تحت آتا ہے .....

جناب چیئرمین : اب ہم پندرہ منٹ کے بعد ملیں گے۔

[The House adjourned for prayers]

[The House re-assembled after interval with Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].

جناب چیئرمین: میر عبدالجبار صاحب شروع کریں۔

میر عبدالجبار : جناب والا ! میں شریعت بل کے بارے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آئینی طور پر یہ بل پیش نہیں کیا جا سکتا میں نے اس سلسلے میں آئین کی آرٹیکل سے کچھ وضاحت بھی گزارش کی تھی اور آخر میں کہا تھا کہ اس کا نفاذ پارلیمنٹ کے دائرہ اختیار سے ہی باہر ہے یہ معاملہ صوبائی قانون ساز اداروں کے دائرہ کار میں آتا ہے اور آئین کی آرٹیکل 227 کے تحت آئین نے پہلے سے پارلیمنٹ پر قانون سازی کے سلسلے میں کچھ پابندیاں عائد کر رکھی ہیں جناب والا! یہ ہم سب کو علم ہے پچھلے ادوار میں سے ایک دور جو جنرل محمد ضیاء الحق صاحب مرحوم کا دور تھا اس میں انہوں نے شریعت کے نفاذکے لئے کئی اقدامات فرمائے جس میں نظام زکواۃ، نظام صلوۃ حدود آرڈیننس اور وفاقی شرعی عدالت کا قیام (وغیرہ شامل ہیں) جناب ہم نے ان کو لاگو کرکے دیکھ لیا ان کا مشاہدہ کر لیا وہ قوانین بھی تو قرآن و سنت کی روشنی میں بنائے گئے تھے ان کا جو حشر ہوا جو مذاق بن گیا اور بن رہا ہے وہ اس وقت بھی ہمارے آپ کے سامنے ہے۔

نظام زکوۃ کو لیجیئے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان بینکوں کے کھاتہ داروں کے کھاتے جا کر دیکھ لیجیئے تو عالیجاہ نہایت ہی دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ فقہ جعفیہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس لئے اپنے آپ کو وہاں فقہ جعفریہ والے declare

کروایا ہے کہ وہ زکوٰۃ کی کٹوتی سے بچ جائیں - میں یہ دعوے سے عرض کرتا ہوں کہ اگر آج حکومت بینکوں کے کھاتوں کو جا کر چیک کر لے تو میں وثوق سے کہتا ہوں ان پاکستانی بنکوں کے کھاتہ داروں میں سے اکثریت ان کھاتہ داروں کی ہوگی، جنہوں نے اپنے آپ کو فقہ جعفریہ کے مسلک سے وابستہ کیا ہوا ہے، مجھے اس سے ہرگز اختلاف نہیں، کہ بینکوں کے کھاتہ داروں کی اکثریت نے کیوں اپنے کو فقہ جعفریہ سے منسلک کیا ہے فقہی ڈیکلریشن صرف اور صرف زکوٰۃ کی کٹوتی سے بچنے کے لئے کیا گیا ہے- جناب والا! صرف یہی نہیں جس پر مستزاد یہ ہے کہ رمضان المبارک کے پہلے ہفتے میں عموماً بینکوں میں زکوٰۃ کٹوتی ہوتی ہے دیکھا گیا ہے اور میرے مشاہدے میں آیا ہے کہ ہمارے کھاتے دار اس وقت اپنے لاکھوں کی رقوم جمع کی ہوئی بنک کے مینیجر اور عملے سے مل کر چند دن کے لئے نکال لیتے ہیں اور پھر اس کو بعد میں جب کہ وہ عرصہ (یعنی زکوٰۃ کی کٹوتی کا عرصہ) ختم ہو جاتا ہے- دوبارہ صحیح کرا دیتے ہیں- میرے کہنے کا مقصد یہ ہے نظام زکوٰۃ سے کتنا بڑا مذاق ہے- جہاں نظام زکوٰۃ سے مذاق ہو رہا ہے وہاں ملکی معیشت پر بھی برا اثر پڑتا ہے- کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک نظام، نظام اسلامی، جو اس لئے لایا گیا تھا تاکہ برائی ختم ہو مگر اس کے برعکس اس سے برائی نے جنم لیا- اور مسلمانوں نے زکوٰۃ کے نظام سے انحراف کیا-

اسی طرح نظام صلوۃ کو لیجیئے- جناب جنرل ضیاء الحق مرحوم نے، تمام دفاتر میں ظہر کی نماز کا وقت اکثر آتا تھا، یہ حکم صادر فرمایا کہ وہاں پر ایک کمرہ مخصوص کیا جائے جہاں پر ظہر کی نماز ادا کی جائے اور اگر کوئی شخص، کوئی افسر، کوئی عملے کا رکن بیٹھتا ہے اور کسی نماز کا وقت آتا ہے تو وہ وہاں پڑھے مسلمان پر نماز پڑھنا فرض ہے مگر انہوں نے چاہا کہ نماز کو اسکے سیاق و سباق میں لاگو کریں اور مسلمانوں کو اس کا احساس دلائیں کہ یہ تم پر فرض ہے- جناب اس نظام کا حشر کیا ہوا لوگوں نے بے وضو نمازیں پڑھنی شروع کر دیں اور اکثر ملازم نماز کی ادائیگی کا بہانہ کر کے بقیہ دفتر وقت میں غیر حاضر رہتے ہیں- بجائے فائدہ کے نقصان ہی ہوا جناب والا! اب حدود آرڈیننس کو لیجیئے اس معزز ایوان میں ہمارے ہاں ...... (مداخلت) ......

جناب چیئرمین : جبار صاحب وائنڈ اپ کرنے کی کوشش کریں وقت کم ہوتا جا رہا ہے-

میر عبدالجبار : بہت اچھا جناب - وکلا کی بہتات ہے- ماشاء اللہ بڑے بڑے وکیل ہیں ان کے علم میں ہے جناب کہ ہمارے حدود آرڈیننس کے دو مقدمات التوا میں پڑے

ہوئے ہیں اور کسی بھی مقدمہ کا فیصلہ نہیں ہوا۔ حدود آرڈیننس کے جو مقدمات درج کئے جاتے ہیں تو میں نہایت ہی افسوس سے کہتا ہوں کہ پولیس تھانوں میں بولی لگتی ہے کہ بتاؤ کہ مقدمہ حدود کیس میں درج کروانا ہے یا تعزیرات میں حدود میں مقدمہ درج کرنے کے اتنے پیسے اور تعزیرات کے تحت اتنی رقم مقصد یہ کہ کرپشن بڑھی اور اس کا معاشرہ کو کوئی بھی فائدہ نہیں ملا اور آج تک کسی شخص کا نہ تو ہاتھ کٹا۔ اور نہ ہی کوئی سنگسار ہوا اور نہ کسی ملزم کو ایسی سزا ملی جو کہ اسلامی سزا ہو اور ایسے تمام مقدمات ہنوز آپ کے بھی علم میں ہیں وہ التوا میں پڑے ہوئے ہیں۔

جناب والا! اس بل کی شق نمبر 3 میں کہا گیا ہے کہ شریعت اسلام کے احکامات جو قرآن و سنت میں بیان کئے گئے ہیں پاکستان کا بالا دست قانون ہوں گے لیکن ساتھ یہ شرط بھی رکھی گئی ہے کہ بشرطیکہ سیاسی نظام اور حکومت کی موجودہ شکل متاثر نہ ہو اس کا مطلب یہ ہوا کہ حکومت یہ سب کچھ اپنے مفادات میں کر رہی ہے اور اتنی جلدی میں بل منظور کروانے کا مقصد بھی یہی ہے اور یہ عام تاثر پایا جاتا ہے کہ ذمہ داراُن کے بیان سے یہ چیز واضح ہوتی جا رہی ہے کہ اندرونی طور پر اختلافات بڑھ گئے ہیں اور یہ ریت سے تعمیر کیا ہوا حکومتی ڈھانچہ مسمار ہونا شروع ہو گیا ہے حاکم بدھن فوج اور مارشل لاء کی آمد آئینی ضرورت بنتی جا رہی ہے علاوہ ازیں حکومت آئندہ الیکشن لڑنے کے لئے اور اپنی ساکھ کے لئے یہ بڑا آسان جواز ہوگا کہ ہم نے اپنے چند ماہ کے دور حکومت اتنے بڑے کارنامے سر انجام دیئے جن میں ایک شریعت بل بھی ہے شریعت بل پر جھگڑے اور اسے منظور کرانے کی بات نہیں ہونی چاہیئے وہ تو ہمارے پاس پہلے سے چودہ سو سال سے موجود ہے اس کے تو عملی نفاذ کی ضرورت ہے مگر کب اور کیسے؟ صالح ہاتھوں کے ساتھ-----

جناب چیئرمین : بس جی اب جبار صاحب وائنڈ اپ کریں۔ وقت بہت کم ہوتا جا رہا ہے۔

میر عبدالجبار : جناب والا! تھوڑا سا وقت میرے لئے بھی .....

جناب چیئرمین : چلیں ایک منٹ اور اس کو اب ختم کریں کیونکہ ابھی کچھ حضرات رہتے ہیں۔

میر عبدالجبار : شکریہ! شریعت بل میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ شریعت کے خلاف

توہین آمیز مواد کی جس میں فحاشی کی ترغیب دی گئی ہو اشاعت پر مکمل پابندی ہو گی مگر دوسری طرف کتنا تضاد ہے کہ غیر ملکی دباؤ کے تحت غیر ملکی نشریات اور ان اداروں کی نشریات کو اجازت دے دی گئی ہے تاکہ وہ اپنے مخصوص مقاصد حاصل کرنے کے لئے ثقافتی حملے کر سکیں۔ یہ سختی ایک بہانہ ہے۔ دراصل مقصد یہ ہے کہ پریس پہ گرفت مضبوط ہو جائے۔

شریعت بل کی دفعہ 8 شق (4) (18) اور (19) غیر قانونی، غیر آئینی غیر شرعی، اور غیر موثر ہیں۔ اس دفعہ میں کہا گیا ہے کہ حکومت 30 دن کے اندر ایک کمیشن مقرر کرے گی جو سود کی لعنت کو ختم کرنے تجاویز مرتب کرے گا مگر جناب شق نمبر (18) (19) میں ان تمام سودی معاہدوں کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے جو اس وقت تک کئے گئے ہیں یا اس کے بعد بھی کئے جائیں گے ۔ حالانکہ دستور کے آرٹیکل 227 میں قطعی طور پر واضح ہے کہ 14 اگست 73 سے قبل نافذ قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالا جائے گا اور اسکے بعد قرآن و سنت کے منافی کوئی قانون وضع نہیں کیا جائے گا۔ مجوزہ شریعت بل قرآن و سنت کا ذکر تو کرتا ہے لیکن تعجب کی بات ہے کہ اس بل میں کہیں یہ درج نہیں کہ جس دن سے یہ قانون نافذ العمل ہوگا سود خلاف قانون قرار دیا جائے گا ۔ سود دینا، سود لینا ختم کر دیا جائے گا۔ سود کا مطالبہ یا سود ادا کرنا قابل مواخذہ ہوگا۔ قرآن کا واضح حکم ہے کہ سود اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف اعلان جنگ ہے۔ اتنا سخت حکم تو کسی اور جرم یا گناہ کے لئے نہیں آیا۔ قرآن میں صرف قتل عمد کو انسانیت کا گھناؤنا جرم قرار دیا گیا ہے۔

جناب والا! میرے پاس کچھ اور بھی مواد تھا مگر وقت کی کمی آڑے ہے ۔ اس کو چھوڑ کر صرف اتنا عرض کرونگا جناب چیئرمین! خدارا اس شریعت بل کے نفاذ کو موخر فرمائیں کیونکہ خدشہ ہے کہ اس بل کے نفاذ کے بعد معاشرہ نہایت ہی سرعت کے ساتھ زوال پذیر ہوگا اگرچہ وقت کا دھارا اس کے خلاف ہے اور ممکن ہے کسی وقت اس کی شکست بھی ہو جائے لیکن آپ اندازہ نہیں کر سکتے کہ یہ شریعت بل قوم کا کتنا وقت ضائع کرے گا اور معاشرے میں جن قباحتوں کو جنم دے گا اس کا مداوا شاید صدیوں تک بھی نہ ہو سکے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جناب ڈوگی صاحب پانچ منٹ۔ کیونکہ آپ کی پارٹی کے حضرات نے بڑی تفصیل سے اپنا موقف بیان کر دیا ہے۔ اس لئے مہربانی کرکے آپ ذرا جلدی جلدی ختم کریں۔

میر نبی بخش ڈوکی : جناب چیئرمین صاحب! دودھ کا جلا چھاچھ بھی پھونک پھونک کر پیتا ہے۔ ماضی میں حکمرانوں نے شریعت کی آڑ میں اپنے اقتدار کو طول دینے کی کوشش کی لہذا مجھے ڈر ہے کہ یہ کھیل دوبارہ نہ دہرایا جائے اگر ملک عزیز میں شرعی نظام قائم کرنے اور رائج کرنے کے لئے سچے دل سے کوششیں کی جا رہی ہیں تو میں ان کی حمایت کرتا ہوں مگر موجودہ شرعی بل کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ناکافی ہے۔ اس بل کے ذریعے شریعت کے نام پر سودی نظام کو غیر معینہ مدت کے لئے تحفظ دینے کی کوشش کی گئی ہے اس کے علاوہ اس بل کے ذریعے معاشرے سے خرابیوں کو دور کرنے اور رشوت کو ختم کرنے کا عزم ظاہر کیا گیا ہے ۔ جناب اس مقصد کے لئے ہمارے آئین کے تحت پہلے ہی کئی دفعات اور لاتعداد قوانین لاگو ہیں۔ ان قوانین اور آئین کی موجودگی میں اس ملک میں اسلامی نظام رائج کرنے، رشوت، چور بازاری اور اقربا پروری کی لعنت کو ختم کرنے سے قاصر رہے ہیں، کیا ضمانت ہے کہ اس بل کے پاس ہونے کے بعد ان برائیوں سے چھٹکارا حاصل کریں گے۔ جناب چیئرمین صاحب! محض بل پاس کرلینا یا قانون بنا لینا ہی کافی نہیں عملی اقدامات کی ضرورت ہے لہذا میں سمجھتا ہوں موجودہ صورت میں بل ناکافی ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ اس بل کو پاس کرنے کے بعد ملک سے برائیوں کا خاتمہ نہ ہو تو ملک کے سادہ لوح عوام یہ نہ سمجھیں کہ شرعی نظام ہمارے حالات اور مزاج کے مطابق نہیں تو میری آپ سے استدعا ہے شریعت یا شرعی نظام کو مذاق نہ بنایا جائے بلکہ اس کے لئے سچے دل سے کوشش کی جائیں یا صرف موجودہ قوانین کو سختی سے نافذ کرکے ملک میں ایک عادلانہ نظام قائم کریں۔ شکریہ !

جناب چیئرمین : شکریہ نور شیر خاں صاحب آپ کتنا وقت لیں گے۔ بس مہربانی کرکے چار پانچ منٹ میں ختم کر لیں گلزار صاحب آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

جناب گلزار احمد خان : میں نے فلائٹ پر جانا تھا۔ میں نے بھی چار پانچ منٹ مانگے تھے۔

جناب چیئرمین : آپ کی پارٹی نے بڑی تفصیل سے بات کر دی ہے۔ آپ کا نام بھی لسٹ میں نہیں ہے۔ ملک نور شیر خان صاحب۔

ملک نور شیر خان : جناب چیئرمین! آپ نے اس مسئلے پر مجھے موقع فراہم کیا شکریہ ! جناب چیئرمین صاحب! میں جمہوری حکومت جناب آئی جے آئی اور میاں نواز شریف کا

اور معزز اراکین قومی اسمبلی کا مشکور ہوں جنھوں نے شریعت بل کو منظور کر کے اس دیرینہ مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل کیا- جناب والا! میں اس نادر موقع پر اپنے قبائلی عوام کی جانب سے اس کار خیر میں شامل تمام افراد کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ تمام آئی جے آئی اور اپوزیشن کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور میں اپنے قبائلی بھائیوں کی طرف سے یقین دلانا چاہتا ہوں کہ قبائلی عوام شریعت کے نفاذ اور اسے عملی جامہ پہنانے میں وزیر اعظم پاکستان کا بھر پور ساتھ دینگے کیونکہ نفاذ شریعت پاکستانی عوام کی طرح قبائلی عوام کی بھی دیرینہ آرزو رہی ہے - جناب والا! میں آپ کو ایک مثال پیش کرتا ہوں وہ یہ کہ قبائلی عوام میں ہمیشہ کے لئے شریعت چل رہا ہے اگر میں کہوں کہ وہ کس طرح چل رہا ہے جناب چیئرمین! ہمارے قبائلی علاقے میں جرگہ روایات ہیں اور جتنے تنازعے ہوتے ہیں جتنے جھگڑے ہوتے ہیں- اور جتنے فسادات ہوتے ہیں وہ جرگے کے سسٹم پر ہم آپس میں حل کرتے ہیں - جناب والا ! اگر ایسا تنازعہ ہو کہ وہ جرگہ سسٹم ختم نہیں کر سکتا ہے تو اس کو شریعت کے ذریعے حل کر سکتے ہیں-

جناب والا! قومی اسمبلی نے اپنا فرض شریعت کے نفاذ کا بل پاس کرکے پورا کر دیا اور بقیہ کام ہمارے سینٹ کے معزز اراکین کے ذمے ڈال دیا ہے اور مجھے یہ پوری امید ہے کہ ہمارے اپوزیشن والے بھائی اور آئی جے آئی کے بھائی قومی اسمبلی کی طرح یہ بل پاس کرینگے تاکہ اس بل کو قرآن و سنت کے دائرے میں رہتے ہوئے منظور کرکے قانون کا درجہ دے سکیں جناب چیئرمین! الیکشن سے پہلے یا الیکشن کرتے وقت سب اسلامی جمہوری اتحاد نے قوم کے ساتھ یہ وعدہ کیا تھا- ان میں شریعت کے نفاذ کا وعدہ سر فہرست تھا-

جناب چیئرمین : آپ کے چار منٹ رہ گئے-

حاجی نور شیر خان: میں جلدی جلدی ختم کرتا ہوں-

جناب چیئرمین: جی جلدی جلدی کریں-

حاجی ملک نور شیر خان : میں جلدی جلدی ختم کرتا ہوں- جناب والا! موجودہ حکومت کی کاوشوں سے بہت سارے وعدے پورے کئے جا چکے ہیں اور جو باقی ماندہ ہیں ان پر صدق دل سے کام ہو رہا ہے مجھے امید ہے کہ اگر ہم اسی طرح عوام کی خواہشات کو بلوں کی صورت میں پیش کریں گے اور ایسے بل پاس کریں گے تو عوام سے کئے گئے تمام

وعدے وقت مقررہ سے پہلے پورے ہو جائیں گے۔ شریعت بل منظوری کے لئے پیش کرنا موجودہ حکومت کا بڑا کارنامہ ہے اور یہ بل مسلمانوں کو اپنی زندگیاں مزید سنوارنے میں معاون ہوگا اور ملک میں عدل و انصاف کا نظام رائج کرنے میں مدد دے گا۔ جناب چیئرمین! آج پورے ملک کے عوام کی نظریں ہماری جانب لگی ہوئی ہیں ہر شخص اس بل کے بارے میں مثبت نتیجے کا متمنی ہے۔ میں خود اپنی اور اپنے قبائلی عوام کی جانب سے تمام اراکین سینٹ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ سب مل کر باہمی اتفاق سے شریعت بل کو منظور کرائیں تاکہ اس مملکت خدا داد میں جس کو ہم نے دین اسلام کے نام قربانیاں دے کر حاصل کیا ایک بار اسلامی قانون کا حقیقت میں نفاذ ہو جائے جس کی برکت سے ملک کے اندر حقیقی امن اور خوشحالی کا دور شروع ہو جس کا ہر پاکستانی عرصہ دراز سے آرزو مند ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ قبائلی عوام اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے نفاذ کے معاملے میں صدق دل سے وزیراعظم پاکستان پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں۔

آخر میں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں باقی پاکستان کو بھی قائداعظم محمد علی جناح کے خوابوں کو عملی جامہ پہنانے میں کامیابی عطا فرمائے۔

ایک بار پھر میں آخر میں پرزور طریقے سے حمایت کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری ماؤں بہنوں کے حقوق کو بھی پورا تحفظ ملنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین : شکریہ! مندوخیل صاحب، آپ کتنا وقت لیں گے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: میں کوئی زیادہ وقت نہیں لوں گا۔

جناب چیئرمین : مزمل شاہ صاحب، آپ کتنا وقت لیں گے۔

سید مزمل شاہ : کوئی زیادہ وقت نہیں لوں گا۔

جناب چیئرمین : میں اس لئے پوچھ رہا ہوں تا کہ مجھے بھی کچھ اندازہ ہو جائے کہ کتنا وقت مزید لگے گا اور اس کے مطابق آگے اجلاس کو چلایا جائے۔

سید مزمل شاہ : تقریباً آدھا گھنٹہ ہو گا۔

جناب چیئرمین : نہیں جی، اتنا وقت کہاں، سب حضرات نے آپ کی عکاسی کر دی ہے۔

سید مزمل شاہ : جس طرح آپ کہیں گے اسی طرح کر لیں گے۔

جناب چیئرمین : کوشش کریں کہ مختصراً بات ہو، ویسے تو میں کچھ نہیں کہتا پانچ سات منٹ میں بات ہو جائے تو اچھا ہے۔ میرا خیال ہے کہ پہلے پروفیسر صاحب کو موقع دے دیتے ہیں کیونکہ انہیں ذرا زیادہ وقت ملے گا۔

پروفیسر صاحب ، آپ سے بھی درخواست یہی ہو گی کہ آج عظیم مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دریا کو کوزے میں بند کر دیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جی میں کوزے کو کیپسول میں بند کرنے کی کوشش کروں گا۔

جناب چیئرمین : جی ہاں۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمن الرحیم - جناب چیئرمین! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے ایک اہم موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا - میری دلی خواہش تھی کہ اس پر تفصیل سے کلام کیا جائے۔ لیکن آپ کی مجبوریوں کو اور اس ایوان کے مزاج کو سامنے رکھنا پڑتا ہے - میں اس بات کی کوشش کروں گا کہ صرف اہم نکات کو آپ کے سامنے رکھوں اور وہ میٹریل پیش کروں جو ابھی تک اس ایوان کے سامنے نہیں آیا۔

جناب والا! میں سب سے پہلے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بل بڑا ہی اہم بل ہے۔ شریعت کا نفاذ ہمارے ایمان کا تقاضا ہے۔ پاکستان نے جو تاریخی کردار امتِ مسلمہ میں ادا کرنا ہے وہ شریعت کے نفاذ اور شریعت کی علمبرداری سے ہی ادا ہو سکتا ہے۔ لیکن مجھے یہ بات افسوس کے ساتھ کہنی پڑتی ہے کہ شریعت بل پر جو بحث ہو رہی ہے اس ایوان میں، میں نے اسے پورے غور سے سنا ہے، میں نے اسے قومی اسمبلی میں بھی سنا ہے، اختلافی

نوٹ میں بھی پڑھا ہے ان مضامین میں جو آج کل آ رہے ہیں۔ جہاں کوئی وجہ بھی نہیں کہ میں کسی کی نیت پر شبہ کروں وہاں میرے لئے یہ بات کہے بغیر بھی کوئی چارہ نہیں کہ اگر معروضی تجزیہ objective analysis کریں ان تمام چیزوں کا تو یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ ایک طرف کچھ حقیقی مشکلات اور مسائل ہیں جن پر کلام کیا جا رہا ہے لیکن اس کے ساتھ دوسری طرف شریعت بل کا نام لے کر شریعت کے بارے میں کچھ ایسی باتیں کہی جا رہی ہیں کہ وہ اس لائق ہیں کہ ان کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اگر وہ چیزیں لاعلمی کی بنا پر ہیں، غلط فہمی کی بنا پر ہیں تو اس بات کی ضرورت ہے کہ ان کو squarely face کیا جائے اور اگر ان کے پیچھے شریعت کے مدِمقابل کسی دوسرے نظام، کسی دوسرے سسٹم کو پیش کرنا ہے تو ان لوگوں میں اتنی جرات ہونی چاہیئے کہ وہ صاف صاف اسے پیش کریں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو یہ حق دیا ہے اور اس سے بڑی آزادی کوئی نہیں۔ ہو سکتی کہ وہ اللہ کو ماننے سے انکار کر دے۔ اسے یہ حق دیا ہے کہ وہ کہے کہ میں اللہ کے دین کو نہیں مانتا لیکن یہ حق اللہ تعالیٰ نے نہیں دیا کہ ایک طرف آپ یہ کہیں کہ ہم اللہ کے دین کو مانتے ہیں اور دوسری طرف آپ کہیں کہ اللہ کے حکم پر مجھے بالا دستی حاصل ہے، میری مرضی جو ہے یہ زیادہ اہم ہے۔ یہ تضاد ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کی آزادی نہیں دی ہے۔ ان میں اتنی جرات ہونی چاہیئے کہ وہ یہ بات کہیں جو ان کے دل میں ہے۔ جہاں خالق نے پوری انسانیت کو یہ حق دیا ہے۔ہم بھی انہیں یقین دلاتے ہیں کہ اس ملک میں جو وہ راستہ چاہیں اختیار کریں یہ ان کو حق ہے لیکن ذرا صاف صاف اختیار کریں "یہ صاف چھپتے بھی نہیں، سامنے آتے بھی نہیں" معاملہ نہیں ہونا چاہیئے۔

جناب والا! اسی ذیل میں شریعت کو ہدف بنانے کے لئے ان کو ایک بڑی ہی اچھا عنوان مل گیا ہے اور وہ ہے مولوی اور ملاں ۔ شریعت کو برا کہنے کے لئے اس کا مذاق اڑانے کے لئے اس کی ہتک کرنے کے لئے ، اس کی اقدار کو پامال کرنے کے لئے ، اس کے قانون پرحرف گیری کرنے کے لئے آپ ملاں کو ہدف بنا لیجیئے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ملاں کو کیا اختیار حاصل ہے آپ نے تو اس کو مسجد میں کمین بنا کر چھوڑ دیا ہے ۔ اس ملک میں ۴۱ سال میں کتنے ملا صدر بنے ، کتنے ملا وزیراعظم بنے ، کتنے ملاؤں کو یہاں اختیار حاصل رہا ہے ، کتنے ملاں اس پارلیمنٹ میں آئے ہیں ، کتنے ملاں فوج کے جرنیل بنے ، کتنے ملاں جج بنے ، اگر اس ملک کو تباہ کیا ہے تو اس سیکولر قیادت نے کیا ہے جو خرابیاں یہاں پیدا ہوئی ہیں ، ملک تقسیم ہوا ہے ، بگاڑ آیا ہے ، بیروزگاری پیدا ہوئی ہے ، لاقانونیت کی کیفیت ہے اس میں ملاں کہاں سے آ گیا لیکن آپ نے بڑا آسان راستہ اختیار

کر لیا ہے کہ ملاں کو گالی دو اور اس طریقے سے شریعت اور اسلام کی ہر چیز پر تنقید کرو -

جناب والا! ذرا ایمانداری کی بات کیجئے - یہ صحیح ہے کہ علمائے حق کے ساتھ علمائے سوء بھی ہوئے ہیں - لیکن اسی طرح politician بھی سوء ہوئے ہیں - برائی کے علمبردار جج بھی ہوئے ہیں، جرنیل بھی ہوئے ہیں ، سیاست دان بھی ہوئے ہیں اور اس ملک کو بگاڑنے میں اس ملک کی نام نہاد سیاسی قیادت کا ، اس کے intellectuals کا جو حصہ ہے اس کو ہم نظرانداز نہیں کر سکتے اور آپ اپنے گناہوں کا پلندہ اٹھا کر کے ملاؤں کے اوپر ڈال دیں اور سمجھیں کہ قوم آپ کو معاف کر دے گی آپ اس طرح لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونک دیں گے ایں خیال است و محال است و جنوں

جناب والا! میں اس کے بعد یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جمہوریت کی روح افہام و تفہیم ہے دلیل سے بات کرنا ہے بحث و گفتگو کرنا ہے اور اس سے آگے بڑھ کر give and take ہے وہ تمام معاملات جن میں مصلحت کی بنیاد پر حکم کی بنیاد پر ایک سے زیادہ امکانات ہو سکتے ہیں تو جمہوریت نام ہی اس بات کا ہے کہ گفت و شنید کے ذریعے سے give and take کے ذریعے سے کوئی حل نکالا جائے - میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ بل بھی اپنی تمام خوبیوں اور کمزوریوں کے باوجود میری نگاہ میں اس حیثیت سے ایک بڑی قابلِ قدر کوشش ہے کہ یہ بل ایک جمہوری عمل کے ذریعے پارلیمنٹ کے ذریعے ہمارے سامنے آ رہا ہے - کیا ہم یہ بھول گئے ہیں کہ اس ملک کی پہلی دستوریہ کو کس طرح توڑا گیا اور دستور سازی کے عمل کو پامال کیا گیا - ۵۶ء میں دستور بنا ، تو ۵۸ء میں اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے گئے - ۶۲ء کا دستور ایک فردِ واحد نے قوم کو دیا - لیگل فریم ورک آرڈر ۱۹۶۹ء کا ایک جرنیل نے دیا - خود ۷۳ء کا دستور بلاشبہ اس پر بالآخر ایک قابلِ عمل اتفاق رائے پیدا ہو گیا تھا لیکن کیا یہ ایک حقیقت نہیں ہے کہ جس اسمبلی نے اسے بنایا اسے پاکستان کے لئے دستور سازی کا کوئی مینڈیٹ نہیں ملا تھا - وہ ۱۹۷۰ء کے پاکستان کی اسمبلی تھی جس میں اکثریت کہیں اور رہ گئی ان ۱۴۳ افراد کو کوئی دستور سازی کا مینڈیٹ نہیں ملا تھا - پھر قیادت ایک سویلین مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے ہاتھوں میں تھی جس نے پہلے صدارتی نظام قائم کیا صدارتی دستور بنانے کی کوشش کی ، عبوری دستور آیا اور اس طرح آیا کہ مارشل لاء رہے گا یا اسے مانو - اس کے بعد دستور بھی جس طرح بنایا گیا میرے پاس اس کی پوری تاریخ بھی موجود ہے اور جناب والا! جو اختلافی نوٹس اس پر آئے ہیں جس طرح آخری وقت تک مذاکرات ہوئے ہیں تبدیلیاں کی گئی ہیں قانون کے اندر ، اور آخر میں جو میمورنڈم چینج ہوئے ہیں پرائم منسٹر میں اور یو ڈی ایف کے درمیان ، وہ ہماری تاریخ کا حصہ ہیں اسے

کوئی نظرانداز نہیں کر سکتا - ان ساری چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے جناب والا! میں اس بات کو بہت ہی خوش آئند سمجھتا ہوں کہ اس بل کو ایوان میں پیش کیا گیا قومی اسمبلی نے (اس پر) بحث کی یہاں اس پر بحث ہو رہی ہے اور ایک جمہوری عمل اختیار کیا گیا ہے -

بلاشبہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو سمجھتے ہیں کہ قانون سازی کا حق ادا ہونا چاہیئے جتنا بھی وقت اس کے اوپر لگے - لیکن اس کے ساتھ ساتھ حکومت کی کچھ مشکلات بھی ہیں اور ہم ان کو پورے طور پر نظر انداز نہیں کر سکتے - ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ قانون سازی میں تاخیری حربے بھی استعمال ہوتے ہیں - جناب والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بل ایک انسانی کوشش ہے صاف الفاظ میں کہوں گا کہ ایک قسم کا compromise ہے یہ خامیوں سے پاک نہیں ، اور اس میں خود مجھے چند چیزوں پر عدم اعتماد ہے - لیکن ان سب کے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک مفید اور مثبت کوشش ہے - ہمیں اس کو اولین کوشش سمجھنی چاہیئے ایک مکمل ، یا آخری کوشش نہیں اور ابتدائی قدم کے طور پر اسے سامنے رکھ کر کے برابر کوشش کرنی چاہیئے کہ ترمیم کے ذریعے یا آئندہ امپورمنٹ کے ذریعے اس کو آگے بڑھایا جائے - اس سلسلے میں وزیراعظم صاحب کا جو قوم سے وعدہ ہے میں اس کا اعادہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ یہ بل ایک حصہ ہے وسیع تر پیکیج کا ، جس میں ایک دستوری ترمیم ہوگی جس کے ذریعے قرآن و سنت کو ملک کا بالا تر قانون تسلیم کیا جائے گا - اس کے ساتھ دس یا گیارہ دوسرے قوانین ہوں گے جو ان تمام پہلوؤں کو جن کا ذکر اس میں کیا گیا ہے ان پر مثبت قانون سازی کی جائے گی - اس کے بعد پھر اس کے ساتھ حکومت کی طرف سے وہ اقدامات کئے جائیں گے execitve directives کے ذریعے سے ہر ہر شعبے میں انتظامی مشنیری میں وہ تبدیلیاں لائی جا سکیں جن سے یہ کام کیا جا سکے - میں اس موقع پر اس میں ایک اضافہ کرنا چاہتا ہوں اور یہاں مجھے اتفاق ہے اپنے ان تمام ساتھیوں سے ، جنہوں نے اپنے اپنے انداز میں یہاں پیش کیا ہے کہ شریعت کے نفاذ کے لئے بے حد ضروری ہے کہ ہم ایک مصمم ارادہ کریں اللہ سے عہد کریں اور یہ سمجھ لیں کہ شریعت محض قوانین کے ذریعے نافذ نہیں ہوتی اس کے لئے ضروری ہے کہ ایمان کی قوت ہو ، یہی وجہ ہے، کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی شریعت کو نافذ کرنے کے لئے اپنے انبیاء کرام کو بھیجا اور ہر نبی نے آکر کے سب سے پہلے یہ بات کہی میں سب سے پہلا شخص ہوں جو اس کو مانتا ہوں اور میں سب سے پہلا شخص ہوں جو اس پر عمل کرتا ہوں - تو یہ ایمان یہ قبولیت یہ عمل ، یہ مثال ، اسکے بعد پھر ....

[At this stage the Chair was vocated by the Chairman and occupied by the Presiding Officer (Raja Zafar-ul-Haq)].

پروفیسر خورشید احمد: اس کے بعد پھر تعلیم ، تلقین ، دعوت اور قانون یہ مل کرکے کام کرتے ہیں یہی وہ پیکج ہے جس کے ذریعے سے شریعت نافذ ہو سکتی ہے اور ہم شریعت بل کو اس پیکج کا ایک حصہ سمجھتے ہیں اور یہ توقع رکھتے ہیں کہ اسے نافذ کرنے اور پیکج مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی -

جناب والا! اس موقع پر میں یہ بات بھی آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس بارے میں بہت تشویش ہوئی کہ کہیں پارلیمنٹ کے اختیارات میں کوئی کمی نہ آجائے اور میں بھی پارلیمنٹ کے ایک رکن کی حیثیت سے پارلیمنٹ کے حقوق کا محافظ ہوں لیکن خود احتسابی بھی ضروری ہے - جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل اس وقت تک ۲۱ رپورٹیں پیش کر چکی ہے جس میں ۵ سو قوانین کا جائزہ لیا ہے اور تقریباً ایک درجن قوانین نئے مسودات تجویز کئے - لیکن پچھلے چھ سال سے پارلیمنٹ کو یہ توفیق حاصل نہیں ہوئی کہ وہ اس بارے میں غور کرے ، قانون سازی کرے ، اور اپنی ذمہ داریاں ادا کرے - فیڈرل شریعت کورٹ نے ڈیڑھ ہزار قوانین کا جائزہ لیا - اس وقت ملک میں جو operational laws ہیں ، مرکزی صوبائی ملا کر کے ، ان کی تعداد چار ہزار کے قریب ہے - اور ان میں انہوں نے صرف پندرہ کو repugnant to the Quran ans Sunnah قرار دیا ہے اور تقریباً چالیس پنتالیس ایسے ہیں جن میں جزوی طور پر انہوں نے متعین کیا ہے کہ وہ کہاں کہاں پر متصادم ہیں - لیکن یہاں بھی حکومت کا رویہ یہ ہے کہ جہاں فیڈرل شریعت کورٹ نے کوئی فیصلہ دیا (حکومت اس کے خلاف) فوراً سپریم کورٹ اپیل میں چلی جاتی ہے - اور وہاں معاملات لٹک رہے ہیں - ذرا ہمیں جائزہ لینا چاہیئے کہ پارلیمنٹ اپنی ذمہ داری کہاں تک ادا کر رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ شریعت بل کو جس بنا پر ویلکم کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ جو اس میں خود مثبت چیزیں ہیں ان کے ساتھ ساتھ ایک نئے عمل کو شروع کر دیا ہے - ایک نیا پروسیس شروع ہو رہا ہے اس کی حیثیت محض ایک event کی نہیں ہے بلکہ ایک پروسیس کی ہے - اور اب ہم اس پر غور کر رہے ہیں بحث ہو رہی ہے سوالات اٹھائے جا رہے ہیں - اس کے بعد دس گیارہ مزید قوانین آئیں گے پھر ہم اپنی ذمہ داری

محسوس کریں گے کہ جن قوانین پر اب تک کام ہو چکا ہے ان کا مطالعہ کیا جائے

یہاں جناب والا! میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ جو چار ہزار قوانین جن پر اس ملک کا نظام چل رہا ہے ۔ وہ قوانین ہیں جو کالونیل دور میں بنے ہیں یا کم از کم ان میں سے ۹۸ فیصد ، اور جس زمانے میں بنے تھے اس وقت ان کا مقصد ایک کالونی کو چلانا اور اس کو قابو میں رکھنا تھا - ہمیں ان قوانین کو اسلام سے ہم آهنگ کرنا اور ہمیں ان قوانین کو ایک جدید آزاد اور جمہوری معاشرے کی فضا اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہے اور ہم ان قوانین کو ایک جدید آزاد اور جمہورری معاشرے کی فضا اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہے ہمیں ۲۱ ویں صدی کی بہت باتیں کرتے ہیں لیکن ہمیں یہ خیال نہیں آتا کہ جن قوانین پر یہ پورا نظام چل رہا ہے وہ خالص کالونیل نظام ہے - ایک مثال دیتا ہوں ، ۱۸۶۱ء کا پولیس لاء ، اس وقت انگلستان میں ایک میٹروپولٹن پولیس لاء تھا جو انگلستان میں استعمال ہو رہا تھا اور ایک میٹروپولیٹن پولیس لاء تھا جو آئرلینڈ میں استعمال ہو رہا تھا - یہ پولیس لاء ۱۸۶۱ء کا آئرلینڈ کی ماڈل پر بنا ہے اس پولیس لاء کے ماڈل پر نہیں بنا جس پر انگلستان میں عمل ہو رہا ہے - لیکن ہمیں ان چیزوں پر سوچنے کی فرصت نہیں - شریعت بل نے اس پروسیس کا آغاز کیا ہے کہ ہم جہاں جہاں تصادم ہے اسکا مطالعہ کریں ، اس کے بارے میں دیکھیں کہ کس طرح اسے تبدیل کیا جا سکتا ہے اور ان قوانین کو دور جدید سے ہم آہنگ کریں - قوم کو اکیسویں صدی کے لئے تیار کریں تاکہ وہ اسلام اور دور حاضر کے تقاضوں کو پورا کر سکے - جناب ! جملہ معترضہ کے طور پر یہ بھی عرض کروں کہ فیڈرل شریعت کورٹ ، جس کا گزشتہ دس سال کا contribution ہے ، اس کے ایک آدھ فیصلے کے بارے میں یہاں بار بار کہا گیا ہے کہ اسے فیصلہ بدلنا پڑا - یہ صرف فیڈرل شریعت کورٹ کے ساتھ نہیں ہے - تمام عدالتیں یہ کام کرتی رہی ہیں ہمارے ملک میں یہ ہوتا رہا ہے- دنیا کے دوسرے ممالک کی عدالتوں کا یہی معاملہ ہے وہ ریویو بھی کرتی ہیں اپنے معاملات کو اور ہائر عدالتیں بھی ماتحت عدالتوں کے فیصلوں کو تبدیل کر دیتی ہیں اور اس میں جو اصول کارفرما ہے وہ یہ ہے کہ اسی Interaction سے انسان حق اور انصاف کی طرف مراجعت کر سکتا ہے - میں بتانا چاہتا ہوں کہ فیڈرل شریعت کورٹ نے جو فیصلے دیئے ہیں ان میں فرد کا حق دفاع ایک بنیادی قدر (value) کے طور پر مانا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ اسلام مثبت قدر ہے کہ کسی شخص کو آپ اپنے دفاع کا موقع دیئے بغیر ملازمت سے نہیں ہٹا سکتے - خواہ وہ پرائیویٹ سیکٹر میں ہو یا گورنمنٹ میں - اس میں یہ بات آئی ہے کہ oppointing اتھارٹی کسی کی ملازمت کی ٹرمز اینڈ کنڈیشنز تبدیل نہیں کر سکتی -

پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس آپ کو معلوم ہے کہ پچیس سال سے اس ملک میں سب نے اسے گالیاں دی ہیں - اسے بدلنے کے وعدے کئے لیکن جو اقتدار میں آیا اس نے اس کے بعد اسی کو استعمال کیا یہ کریڈٹ فیڈرل شریعت کورٹ کو جاتا ہے کہ اس نے اس قانون کو خلاف اسلام قرار دیا اور پھر سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بنچ نے اس کی توثیق کی - جب سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ دیا ہے تو اس کے بعد وہ قانون بدلا -

حدود قوانین کے بارے میں جناب والا ! یہاں بہت باتیں کہی گئی ہیں اور بتایا گیا ہے کہ کس طرح ان کو misuse کیا گیا ہے - میں ان specific مثالوں کو چیلنج نہیں کر رہا ہوں - صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں قانون کو اور قانون کے بغیر مجبور ، کمزور انسان کو ایکسپلائٹ کیا جا رہا ہے - اور اس کی ذمہ داری قانون پر نہیں ، اس کی ذمہ داری اس نظام پر ہے اس قیادت پر ہے ، اس انتظامیہ پر ہے - اس پولیس پر ہے اور مجھے معاف کیجئے ، اس عدلیہ پر بھی ہے جس نے ان چیزوں کو بلڈوز کیا ہے لیکن میں فیڈرل شریعت کورٹ کے بارے میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس کا کردار یہ رہا ہے کہ جو کیسز آئے (ان کے پاس) ہیں اس نے ان کا فیصلہ بروقت کیا ہے - کوئی ایک سال ایسا نہیں ہے کہ کیسز پینڈنگ رہے ہوں ریپ کیسز کے بارے میں یہاں ایک بات کہی گئی تھی میرے پاس یہ اعداد و شمار ہیں کہ ۸۵-۱۹۸۰ میں ریپ کے کل کیسز جو ڈسٹرکٹ کورٹس نے کئے ان میں مردوں پر ۱۶۲ اور عورتوں پر ۲ تھے - فیڈرل شریعت کورٹ نے ۵۹ کو اس میں ہولڈ کیا ہے اور فیڈرل شریعت کورٹ سے کسی عورت کو سزا نہیں ملی ریپ کے سلسلے میں کہ اس کے ساتھ زبردستی زیادتی کی گئی ہے - فیڈرل شریعت کورٹ نے تحفظ دیا ہے اسے کوئی سزا نہیں دی ہے - ۸۹ء تک کے سارے اعداد و شمار میرے پاس ہیں -= آپ یہ پائیں گے کہ فیڈرل شریعت کورٹ ایک رحمت کی کورٹ ہے یہ صحیح ہے کہ نیچے کی کورٹس نے زیادتی کی ہے - پولیس نے misuse کیا ہے لیکن اس کے بعد فیڈرل شریعت کورٹ نے ریلیز کیا ہے -

جناب والا! میں اس کے بعد اس چیز پر آنا چاہتا ہوں کہ اس قانون پر کچھ قانونی اعتراضات ہوئے ہیں - میں بھی اس کی زبان سے مطمئن نہیں ہوں جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ یہ patch work ہے لیکن کہا یہ گیا ہے کہ اسے قانون کہا ہی نہیں جا سکتا - میں سمجھتا ہوں کہ جن حضرات نے یہ بات کہی ہے شاید انہوں نے پوری طرح غور نہیں کیا- اس لئے کہ یہ ضروری نہیں ہوتا کہ قانون وہی ہو جس کے ساتھ سزا کا دم چھلا لگا ہو - بلاشبہ قانون کا جو مغربی تصور ہے وہ یہی ہے کہ وہ قواعد جنہیں عدالتوں کے ذریعے نافذ کیا

جا سکے - اگر آپ جدید لیگل تھیوری کا مطالعہ کریں ، مجھے اس سلسلے میں کچھ کام کرنے کا موقع ملا ہے، اور میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ contemporary concept of law جو ہے وہ صرف کورٹس آف لاء کے ذریعے انفورس کرنے والی چیز نہیں - بلکہ وہ تمام چیزیں اس میں شامل ہیں ، جنہیں ملک میں موجود coercive power کہتے ہے - مثلاً اس میں حکومت بھی آتی ہے ، اس میں اوپر سے نیچے تک کے سارے ادارے آتے ہیں جن کے پاس اتھارٹی ہے اور کورٹس - یہ وسیع تر تصور ہے قانون کا اور اسی لئے قانون میں procedural recommendatory declaratory اور punishment یہ چاروں چیزیں ہوتی ہیں - اور اس سلسلے میں میں آپ کو کلاسک مثال دینا چاہتا ہوں انگلستان کے ایجوکیشن ایکٹ ۱۹۴۶ء اور تازہ ترین ایجوکیشن ایکٹ ۱۹۸۸ء کی جسے انگلستان پارلیمنٹ نے ابھی منظور کیا ہے پونے تین سو صفحوں کا یہ قانون ہے جس میں پورا نظام تعلیم ہے - اس کی اقدار ، اس کی ویلیوز ،اس کا سٹرکچر اس کے لئے ذمہ داریوں کی ایک پوری قطار تھی - حتیٰ کہ رولز اینڈ ریگولیشنز بھی اس میں آئے - اس وقت برٹش پارلیمنٹ میں انفارمیشن بل زیر غور ہے - اور ابھی پچھلے مہینے میں نے اس کا مطالعہ کیا david steele نے اسے پیش کیا ہے تقریبا ۶۷ صفحات کا یہ قانون ہے اور یہ بعض catlogue of crimes and punishment نہیں بلکہ اس میں declaratory چیزیں بھی ہیں اس میں procedural چیزیں بھی ہیں - یہ ساری چیزیں قانون کا حصہ ہوتی ہیں - اس پہلو سے میں یہ بات کہوں گا کہ زبان کی کمزوریوں کے باوجود ، میں اسے ایک قانون ، قرارداد مقاصد کی تشریح و توضیح اور اس کی بنیاد پر آئندہ ایک قانونی اور اصلاحی پروگرام کا ایک نقشہ ، ایک پروگرام (کہتا ہوں) تو یہ قانون بھی ہے اور قانونی پروگرام بھی -

اس کے بعد جناب والا! میں چاہتا ہوں کہ اس بل کا تجزیہ کرکے کچھ چیزیں آپ کے سامنے رکھوں - اس بل میں سب سے پہلی چیز، شریعت کی تعریف ہے - شریعت کی تعریف یہ کی گئی ہے

Shariah means the injunction of Islam as laid down in the Holy Quran and Sunnah.

اگر ہم objectively اور honestly پورے عالم اسلام کے حالات کا جائزہ لیں تو یہ پائیں گے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیئے - اس نے ہمیں توفیق دی کہ ہم شریعت کی وہ تشریف کریں جس پر ہم پوری امت کو مجتمع کر سکتے ہیں - جناب والا! یہ ایک حقیقت ہے کہ اس ملک میں ایک ہزار سال تک فقہ حنفی رائج رہا - فتاویٰ عالمگیری اور فتاوی عالمگیری بننے کے بعد تقریباً چار سو سال تک اس کی حیثیت لاء آف دی لینڈ کی رہی - ترکی میں

اسی طریقے سے فقہ حنفی رائج تھا ۔ مصر میں فقہ جعفریہ و زیدیہ نافذ رہا ہے ۔ سعودی عرب میں حنبلی فقہ رائج ہے ۔ مصر میں شافعی اور حنفی اور لطف کی بات یہ ہے جو شافعی مکتب کے پیروکار ہیں وہ بھی حنفی بنیاد پر فیصلے لیتے ہیں اور ججز فیصلے دیتے ہیں ۔ اس میں کوئی ہارٹ برنگ (نہیں ہوتی) اور کوئی مسائل (کھڑے) نہیں ہوتے ۔ افغانستان میں انقلاب سے پہلے تک فقہ حنفی لاء آف دی لینڈ تھا ایران میں فقہ جعفری لاء آف دی لینڈ ہے ۔ لیکن یہ پاکستان کو سعادت حاصل ہوئی ہے کہ اس نے فقہ سے بلند ہو کر (یہ کام کیا) اس میں فقہ کا عدم احترام نہیں ، ہم پورا پورا احترام کرتے ہیں ، ماضی میں جو contribution ہمارا ہے اس پر ہمیں فخر ہے لیکن شریعت کی بنیاد و اساس قرآن و سنت ہے اور ماضی میں جو بھی اقدامات کئے گئے اور ماضی میں جو بھی اس سے استنباط کئے گئے ہیں ان سب سے فائدہ اٹھایا جائے گا لیکن اصل source یہ ہے اور یہی وہ چیز ہے جو اس امت کا وحدت کا ذریعہ بناتی ہے ۔ یہ سعادت پاکستان کو حاصل ہوئی ہے اگر آپ شریعت بل کے earlier ڈرافٹ دیکھیں تو آپ دیکھیں گے کہ ایک سٹیج پر قرآن و سنت، اجماع ، قیاس یہ سب اس کے اندر موجود ہیں لیکن اب جس definiation پر اتفاق رائے ہوا ہے وہ باقی تمام مسلمان امت کے لئے ایک مثال ہے کہ کس طرح ہم اپنی اصل اور حقیقت کی طرف جا رہے ہیں اور کھلے دل کے ساتھ جا رہے ہیں ۔

اب اس کی تشریح (پر بات) ہو رہی ہے ۔ تشریح میں کہا گیا ہے کہ قرآن و سنت کو سمجھنے کے لئے ہم جو اس کی تعبر و تشریح کے مسلمہ اصول ہیں ان کو فالو کریں کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ تمام مسلمانوں کے مکاتب فکر کے مستند فقہاء کی آراء سے استفادہ کیا جائے گا یہ ایک انقلابی پیش رفت ہے ۔ خدا کے لئے اس کو مذاق بنا کر کے نہ چھوڑ دیجیئے اس تک پہنچنے میں بڑا وقت لگا ہے میں کوئی راز فاضل نہیں کر رہا ہوں جب یہ بات کہتا ہوں کہ جب کوشش کی گئی کہ پاکستان میں تمام موجود مکاتب فکر کے درمیان اتفاق رائے پیدا کیا جائے تو محسوس ہوا کہ substance پر اتفاق کرتے ہوئے بھی یہ محض الفاظ میں الجھے ہوئے ہیں جس کی بنا پر اختلاف ہو رہے ہیں لڑائیاں ہو رہی ہیں اور بالآخر جب تحریک نفاذ فقہ جعفریہ والوں نے یہ کہا کہاگر آپ اس میں یہ الفاظ ڈالیں کہ تمام مروجہ مکاتب فقہ کے مستند فقہاء کی آراء سے استفادہ کیا جائے گا تو پھر یہ ہمارے لئے قابل قبول ہو گا ۔ میں بڑی خوشی اورمسرت سے اعلان کرتا ہوں کہ دیوبندی ، بریلوی ، اہل حدیث سب علماء نے یہ بات کہی کہ اگر ہمارے شیعہ بھائی اس پر متفق ہیں تو ہم بھی اس پر متفق ہیں اور اس طرح یہ تشریح متفق علیہ تشریح ہے اور دوسرے اختلافات چاہے کچھ بھی ہوں ان کے بارے میں میں خود ساجد نقوی صاحب کا بیان ہے اور ان کے نمائندے نے آن

کرکے میرا ذاتی شکریہ ادا کیا ہے کہ آپ حضرات نے اس معاملے میں وہ راستہ اختیار کیا ہے جو امت کو متحد کرنے والا ہے -

یہاں اعتراض اٹھایا گیا کہ تشریح نمبر ۲ کیوں نکال دی گئی ہے میں اس کی وجہ آپ کو بتاتا ہوں اور وجہ اس کی یہ ہے کہ یہ چیز بھی ہمارے شیعہ بھائیوں کے اصرار کے اوپر اختیار کی گئی - دستوری پوزیشن یہ ہے کہ دستور میں یہ تشریح موجود ہے اور دستور میں تشریح موجود ہونے کے معنی یہ ہیں کہ تمام قوانین بھی دستور کی اس تشریح کے تابع ہیں جب ہم نے ان سے یہ بات کہی تو انہوں نے کہا کہ ہم آپ سے دستور میں تبدیلی کا مطالبہ نہیں کر رہے ہم صرف اتنا چاہتے ہیں کہ یہاں آپ اس کو نہ لکھیں اور ہم نے کہا کہ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں اگر آپ کا یہ اصرار ہے تو ہم آپ کو اکاموڈیٹ کرنے کے لئے تیار ہیں - اس فضا میں یہ چیز ہوئی ہے - اسکے معنی یہ نہیں ہیں کہ پرسنل لاء کے بارے میں تحفظ باقی نہیں رہا وہ تحفظ باقی ہے وہ دستور نے دیا ہے اس کو یہ بل واپس نہیں لے سکتا تھا وہ ڈال سکتے تھے لیکن اسے نکال کرکے ہم نے ایک ایسی کوشش کی کہ تعریف کی حد تک ایک مکمل اتفاق رائے پیدا ہو جائے اور یہ اس بل کی ایک achievement ہے - خدا کے لئے اسے اس کی خامی نہ سمجھئے -

اس کے بعد جناب والا ! میں یہ بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قرآن و سنت کو شریعت قرار دینے کے معنی یہ بھی ہیں کہ قرآن و سنت نے اجتہاد ، اجماع کا جو راستہ کھولا ہے اور جس پر ۱۴ سو سال آپ کی امت نے عمل کا ہے ہم دوبارہ اسی راستے کو اختیار کر رہے ہیں لیکن مجھے معاف کیجئے اگر میں یہ بات کہوں کہ اجتہاد و اجماع قانون کی اصطلاحیں ہیں شاعری کے استعارے نہیں اس کام کو سرانجام دینے کے کچھ اصول اور آداب ہیں اجتہاد نصوص پر نہیں ہوا کرتا قرآن پاک میں جس بات کو محکم طور پر بیان کر دیا گیا ہے اس پر اجتہاد نہیں ہو سکتا اجتہاد وہاں ہوتا ہے جہاں کوئی اصول بیان کیا گیا ہو اب اس کی روشنی میں ہمیں ان کا اطلاق کرنا ہے قانون سازی میں یا جہاں عمومی چیز بیان کی گئی ہے اور اس سے ہمیں کسی خصوصی چیز کی طرف آنا ہے اور قیاس اس کا ایک ذریعہ ہے اس کے ساتھ ساتھ اجتہاد کے بہت سے طریقے ہیں جن میں استدلال بھی ہے ، استحسان بھی ہے یہ سارے اس کے طریقے ہیں اور پھر اگر اس کے اوپر اتفاق رائے ہو جائے تب پھر وہ اجماع ہوتا ہے تو یہ سارے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور جو اجتہاد کی آزادی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے کوئی اس کو واپس لے سکتا - وہ وقت کی ضرورت ہے اور انشاء اللہ اسے برقرار رکھا جائے گا لیکن ذمہ داری کے ساتھ علم کے ساتھ یہ جمہوری

معاملہ ہے کہ قانون دان بننے کے لئے آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ جب تک لاء ڈگری حاصل نہ کر لیں آپ قانون کا پیشہ اختیار نہیں کر سکتے ، جج بننے کے لئے ضروری ہے کہ جب تک لاء ڈگری ہی نہیں بلکہ جب تک آپ نے دس سال تک پریکٹس نہ کر لی ہو آپ ہائی کورٹ کے جج نہیں بن سکتے اور جب تک پندرہ سال پریکٹس نہ کی ہو سپریم کورٹ کے جج نہیں بن سکتے لیکن علوم اسلامی ، اسلامی علوم کی تعبیر ، یہ ایسی چیز ہے کہ اس کے لئے ہر کوئی تیار ہے جو دو سطریں قانون شریعت نہ پڑھ سکتا ہے نہ سمجھ سکتا ہے وہ بھی سمجھتا ہے کہ وہ اجتہاد کرنے کا حقدار ہے تو یہ اجتہاد نہیں ہے یہ دھوکا ہے اپنے ساتھ بھی اور دوسروں کے ساتھ بھی جہاں اجتہاد کا دروازہ کھولا ہوا ہے جہاں اسلامی قانون ایک انقلابی قانون ہے وہیں یہ بات بھی آپ کے سامنے رہنی چاہیئے کہ اس کے کچھ آداب اور اس کے کچھ اصول ہیں اس کے لئے آپ کو محنت کرنی ہوگی صلاحیت پیدا کرنی ہوگی پھر اسلام کوئی ملائیت نہیں اسلام میں کوئی priest hood نہیں ہے آپ جس تھیوکریسی کو برا بھلا کہہ رہے ہیں وہ آپ کی تخیلاتی چیز ہے اسلام میں کوئی تھیوکریسی نہیں پائی جاتی اور اس شریعت بل میں بھی اگر آپ انصاف سے غور کریں تو علمائے کرام نے اپنے لئے کوئی حق نہیں مانگا ہے اپنے لئے کوئی privilage نہیں مانگا ہے کوئی مقام نہیں مانگا ہے حتیٰ کہ interpret کرنے کا حق بھی اپنے لئے نہیں مانگا ہے انہوں نے تو یہ کہا ہے کہ Interpret کرنے کا حق اہل علم کو ہے interpret کرنے کا حق عدلیہ کو ہے interpret کرنے کا حق legislature کو ہے یہ حق انہوں نے تسلیم کیا ہے انہوں نے اپنے لئے کوئی حق نہیں مانگا ہے اور بعینہ یہی وہ چیز ہے جو اسلام کی روح ہے اس لئے کہ اسلام تھیوکریسی سے بڑا ہے آپ نے نہ معلوم تھیوکریسی کی اصطلاع کہاں سے پڑھ لی اور اس کے بعد آپ نے اسے اسلام پر تھوپ دیا آپ علامہ اقبال کو دیکھئے ۔ علامہ اقبال نے اپنے لیکچرز میں بہت صاف الفاظ میں یہ بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اسلام کا کیا مزاج ہے اور تھیوکریسی کا کیا مفہوم علامہ اقبال کہتے ہیں ۔

"Now, the structure of Islam as a religio political system no doubt does permit such a view though, personally I think, it is a mistake to suppose that the idea of state is more dominant and rules all others ideas embodied in the system of Islam. In Islam the spiritual and the temporal are not two distinct domains and the nature of an act, however, secular in its import is determined by the attitude of mind with which the agent does it, it is the invisible mental

background of the act which ultimately determines its character. In Islam, it is the same reality which appears as Church looked at from one point of view and state from another, it is not true to say that Church and State are two sides or facets of the same thing, Islam is a single un analyzable reality which is one of the other as your point of view varies.

اس کے بعد فرماتے ہیں کہ

"The state from the Islamic stand-point is an endeavour to transform these ideal principles into space tying forces and aspiration to realize them in a definite human organization, it is in this sense alone that the state in Islam is a theocracy not in the sense that it is headed by a representative of God on earth who can always screen his despotic wills behind his supposed will and so on and so forth. The State according to Islam is only an effort to realize a spiritual in an human organization.

یہی وہ چیزیں ہیں جو بعد میں خود مولانا مودودی صاحب نے کہیں اور تمام اہل علم جنہوں نے اس موضوع پر کلام کیا ہے جس کا میں نے مطالعہ کیا ہے وہ سب متفق علیہ ہیں کہ اسلام میں کوئی تصور اس چیز کا نہیں ہے .جسے کہ theocracy کہا جاتا ہے ....

Mr. Presiding Officer: Professor Sahib, I will not like to disturb you but would certainly like you to kindly conclude.

پروفیسر خورشید احمد : ٹھیک ہے جناب - اس سلسلے میں یہ بحث چھوڑتا ہوں اس لئے کہ اس پر بہت مواد میٹریل میرے پاس ہے اور صرف مولانا مودودی نہیں بلکہ " Robert Brifoit" جس کی کتاب ""Making of Humanity ہے - " History of civilization" اس نے بھی اس کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ بات بتائی ہے اسلام میں تھیوکریسی جو ہے وہ تو بالکل اس سے مختلف ہے اور کوئی parallel نہیں ہے - christian

traditions یا judaic traditions کا Buddhist traditions کا -

جناب والا ! اس کے بعد میں پھر اس طرف آنا چاہتا ہوں کہ بل کی دوسری دفعہ جس کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ بل کی دوسری دفعہ جس کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ ہے شریعت کی بالادستی اور یہ بات بھی بالاتر قانون ہے یہ دراصل بڑا اہم مسئلہ ہے میری نگاہ میں سب سے زیادہ crucial مسئلہ ہے اور اس کے اوپر بہت سے لوگوں نے اپنے شبہات کا اظہار کیا ہے میں appreciate کرتا ہوں ان کے اس اعتراف کو لیکن دوسری طرف اس بات کو سمجھنے کی ضرورت ہے کیوں اس کو ہم سپریم لاء کہہ رہے ہیں اور کیوں صرف chief source یا main source کہا جا رہا ہے سب سے پہلی چیز دیکھئے کی یہ ہے کہ اسلام کا ، قرآن کا اور انبیاء علیہ السلام کا جو رول قرآن میں بتاتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ زمین پر اللہ کی حاکمیت قائم کرنے کے لئے آتے ہیں اور جو انہیں اللہ کے رسول کی حیثیت سے تسلیم کرتا ہے اور اللہ کو اپنا رب مانتا ہے تو وہ حاکم مانتا ہے law giver مانتا ہے اس شریعت کو ، اس قانون کو ، اس will کو جو اللہ کے رسول نے دی اس کے بعد کوئی اور option ہے نہیں بجز اس کے کہ قرآن و سنت کو بالاتر قانون مانا جائے - ہمیں یہ کہا گیا ہے کہ آپ یہ بات پہلی دفعہ کہہ رہے ہیں یہ بات غلط ہے میں برملا اظہار کرتا ہوں کہ یہ بات غلط ہے علماء کے ۲۲ اصولوں کے بارے میں جو بات کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ملک کا دستور شریعت کے قانون پر مبنی ہوگا مبنی کا معنی یہ نہیں ہیں کہ وہ source ہو مبنی کا معنی یہ ہے کہ دستور میں یہ بات کہی جائیگی کہ ملک کا بالا تر قانون قرآن و سنت ہے اور اسی لئے دوسری شق میں انہوں نے یہی بات کہی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر کوئی قانون قرآن و سنت کے خلاف بنایا جائے گا تو اس کو عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا بعینہ یہی وہ چیز ہے جسے ۷۳ء کے دستور بناتے وقت .... اور میرے پاس یہ سارے ڈاکومنٹ موجود ہیں یعنی تمام مطالبات جو یو ڈی ایف کرتا رہا اور جس پر آخری وقت تک negotiations ہوتے رہے اور وہ الفاظ بدلتے رہے ان کے اندر بعینہ وہی الفاظ تھے کہ قرآن و سنت کو جو حیثیت دی جانی ہے وہ یہ ہے کہ وہ "بالاتر قانون ہو اور عدالت میں challengeable ہو- note of dissent پروفیسر غفور اور نورانی صاحب کا اس کے بعد یو ڈی ایف کا جو آخری سٹیٹ منٹ ہے جسے بھٹو صاحب نے رد کیا ہے ان سب کے اندر جو الفاظ استعمال ہوئے ہیں وہ یہی ہیں کہ اس بات کو تسلیم کیجئے کہ جو بھی قانون بنایا جائے گا وہ کورٹ میں challengeable ہوگا اور سپرئیر کورٹس میں انہیں اس بات کا اختیار ہوگا کہ وہ اسے ultravires of the constitution قرار دے - یہی معنی ہے یہ کے ہیں - اس پہلو سے میں سمجھتا ہوں کہ اس بل میں یہ ایک مثبت ڈویلپمنٹ ہے -

ایک خاص پس منظر اس کا یہ بھی ہے گزشتہ دس بارہ سالوں میں جوڈیشری نے جو فیصلے کئے اور عاصمہ جیلانی کیس میں جموادالرحمٰن کی ججمنٹ سے لے کر دوسا کیس ، ضیاء الرحمٰن کیس اس کے بعد صرف بھٹو کیس ان تمام کے متعلق آپ کو معلوم ہو گا کہ جہاں عدلیہ نے Objectives Resolution کو ایک qrundnorm ایک superior law ایک fundametal مانا ہے Constitution ہو یا نہ ہو انہوں نے اس بات کا بھی اظہار کیا ہے اگر یہ چیز دستور میں لکھی ہوئی ہو تو پھر اس میں کوئی اشتباہ باقی نہیں رہتا اور یہی وجہ ہے کہ اس پر اصرار ایک زمانے میں ہوا اور یہ کہا گیا ہے کہ آپ اس کو بالاتر قانون رکھیں ۔ اسلامی نظریاتی کونسل ۷۸ - ۱۹۷۷ء کی اپنی رپورٹ میں صاف الفاظ میں یہ ترمیم تجویز کی ہے کہ خواہ آئین میں شامل کسی امر کا تقاضا کچھ ہی کیوں نہ ہو آئین و قانون کی جملہ دفعات قرآن و حدیث میں بیان کردہ اسلامی اصولوں کے تابع ہوں گی ۔ اگلا جملہ یہ ہے اس سلسلے میں کوئی ہائی کورٹ ایسی صورت میں کہ جب وہ مطمئن ہو کہ دستور کی پوری دفعہ یا کوئی دیگر قانون قرآن و سنت کے بیان کردہ اسلامی اصولوں میں کسی اصول سے متصادم ہے تو اس موقع پر فیصلہ دے گی ۔ یہ دونوں چیزیں ۷۸ - ۱۹۷۷ء میں اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے recommend کی تھیں اور اسی کو جب ہم قانون کی زبان میں ترجمہ کرتے ہیں تو اس کو ایک جملے میں ڈھالا ہے ۔

"Quran and Sunnah shall be the supreme law of the country."

اس کے بعد پھر میرے پاس اس کے لئے یورپیئن اور امریکن traditions کا سارا میٹریل موجود ہے اس سلسلے میں یہ بحث جو ہے آج نہیں ہوئی ہے سب سے دلچسپ مفید اور موخر مضمون جو ہے وہ Advert Carwin کا ہے ۔

"The higher law background of American constitutional law...."

(interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میرے خیال میں صرف ان کا ریفرنس دے دیں ۔

پروفیسر خورشید احمد : صرف ریفرنس ہی دے رہا ہوں اسی طریقے سے خود ڈائسی نے اس مسئلے پر پوری بحث کی ہے اور یہ کہا ہے کہ supremacy of parliament

جو ہے یہ برٹش چیز ہے فیڈرل سسٹم کے اندر distribution of power ناگزیر ہے اور distribution of power جہاں ہو گی وہاں ہائیکورٹ کو اختیار لازماً ملنا چاہیئے کہ وہ کسی قانون کی vires کو طے کر سکے اور یہ چیز پارلیمنٹ کی sovereignty کے خلاف ہے ۔

اس کے بعد جناب والا! میرے پاس دنیا کے دساتیر میں سے کم از کم ۲۳ دساتیر ایسے ہیں جن میں واضح الفاظ کے اندر یہ بات آ رہی ہے کہ ہائیکورٹ کو یہ مقام دیا جائے ۲۳ نہیں بلکہ ۲۱ دساتیر میں جن میں پارلیمنٹری بھی ہیں unitary بھی ہیں فیڈرل بھی ہیں جن کے اندر یہ بات کہی گئی ہے کہ ہائیکورٹ یا سپریم کورٹ یا supreme constitutional court ان میں سے کسی نہ کسی کو vires طے کرنے کا اختیار حاصل ہے اور پارلیمنٹ میں جو قانون سازی ہوئی ہے اس کے بارے میں بتا سکے یہ اس کے مطابق ہے یا نہیں۔

جناب والا! وقت کی قلت کی بنا پر میں بحث کو مزید مختصر کرتا ہوں اور آپ کی توجہ پھر اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اس کے بعد پھر آگے بڑھنے سے پہلے اگر خود آپ کے اپنے دستور کا مطالعہ کریں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ اس وقت بھی دستور میں پارلیمنٹ کو undisputed supremacy حاصل ہے۔ دستور کے تحت پارلیمنٹ کے اوپر اتنی پابندیاں ہیں جنہیں صرف میں اگر دستوری زبان میں بیان کروں تو کم از کم ۸ نکات ایسے نکلتے ہیں جن پر پارلیمنٹ کام نہیں کر سکتی آئین کے تحت اور ان میں مثال کے طور پر سب سے پہلی چیز تو یہی ہے کہ پارلیمنٹ قرآن و سنت کے خلاف کوئی قانون سازی آرٹیکل ۲۲۷ کے تحت نہیں کر سکتی اس کے بعد یہ پارلیمنٹ آرٹیکل ۸ کے تحت fundamental rights کے خلاف قانون ساری نہیں کر سکتی، اس کے بعد یہ پارلیمنٹ boundaries of the provinces چیلنج نہیں کر سکتی۔ endorsement of the Provincial Assemblies کے بغیر پارلیمنٹ مجبور ہے کہ فیڈرل لسٹ اور کنکرنٹ لسٹ کے فریم ورک میں قانون سازی کرے ان کو نظر انداز کر کے قانون سازی نہیں کر سکتی۔ - پارلیمنٹ کے لئے ضروری ہے کہ آرٹیکل ۲۶۸ جو یہ کہہ رہا ہے کہ دو سال کے اندر اندر آپ قوانین کو اس دستور سے ہم آہنگ کریں گے اور اگر آپ نہیں کرتے ہیں ....

The courts have a right to read into the law that the law has been amended.

یہ جو بات کہی جا رہی کہ پارلیمنٹ اس بل سے متاثر ہوتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ

یہ بات بالکل غلط ہے اس کے لئے ہرlegal traditionمیں اتنا میٹریل موجود ہے کہ اگر آپ عملی اور اوبجیکٹو انداز میں اس کا جائزہ لیں تو قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے کہ پارلیمنٹ کی بالادستی یا عدالتوں کا معاملہ متاثر ہوگا۔ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس جملے کے آنے کے بعد جو انقلابی تبدیلی واقع ہوگی اس کے اثرات فوراً نہیں نکلیں گے لیکن اس کے نتیجے کے طور پر دو پراسیس شروع ہو جائینگے ایک پراسیس ہے مقننہ کے ذریعے سے اسلامی قوانین کا عمل میں آنا اور دوسرا پراسیس ہے simultanecusly جوڈیشری کے ذریعے سے جو چیزیں اسلام کے خلاف ہیں ان کو چیک کیا جانا اور اسلام کی جوpositive values ہیں وہ postive values قانون کی تعبیر میں راہنما اصول کا کام کریں گی اسی حیثیت سے جس طریقے سے british legal traditions میں equaty, usage, customs, کرتی ہے ہمارے ہاں وہ پہلی حیثیت قرآن و سنت کو حاصل ہوگی۔

جناب والا! اس کے بعد جو شہریوں پر شریعت کی پابندی کی بات ہے اس کی حیثیت derogatory ہے اور عمال حکومت کے لئے ضابطہ اخلاق بنانا ہے میری دلی خواہش تھی کہ اس کو زیادہ کچھ وسیع کیا جائے اس میں کچھ زیادہ چیزیں ہوں میری نگاہ میں یہ کچھ کمزور ہے - اس کے بعد شریعت کی تعلیم اس کا سب بڑا کارنامہ یہ ہوگا ہمارے ملک میں قدیم اور جدید تعلیم کے جو دو دھارے بہہ رہے ہیں جو آپس میں ملتے نہیں ہیں۔ اس بل کے بعد جو اس کا فائدہ ہوگا وہ یہ ہے کہ یہ دونوں دھارے آپس میں مل سکیں گے۔ دینی تعلیم والوں کو جدید تعلیم ملے گی تاکہ وہ اس لائق ہو سکیں کہ آج کے معاملات کو بخوبی سمجھ سکیں اور جدید تعلیم حاصل کرنے والوں کو یہ موقع ملے گاکہ وہ قرآن وسنت ، اپنی روایات، اپنی تاریخ سے واقفیت پیدا کریں اس طرح مغرب میں، یورپ نے ہم پر جو تعلیم کا نظام مسلط کیا ہے، جس کی بنا پر اس نے ہمیں اپنی نئی نسلوں سے کاٹا ہے ہم اسے دوبارہ لا سکیں گے۔

اس کے بعد جناب والا! معیشت کی تشکیل نو ہے، اس کے بارے میں ہمارے ساتھیوں نے بڑی زیادتی کی ہے جنہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ بل سود کو جواز فراہم کرتا ہے۔ آپ اس کی دفعہ ۸ پڑھیئے اس میں یہ صاف الفاظ میں لکھا ہوا ہے کہ سود حرام ہے۔ اسے ختم کرنا ہے، ملک کی پوری معیشت سے اس کی total elimination اس کاobjective ہے پھر اس کے ساتھ فیڈرل شریعت کورٹ میں جو اختیار بحال ہوا ہے ۱۹ مئی ۱۹۹۰ سے اس کو کوئی ہاتھ نہیں لگایا ہے۔ جو سقم اس کے اندر ہے وہ یہ ہے کہ دفعہ ۱۸ کے اندر ایک جملہ ایسا ہے جس پر میں بھی غیر مطمئن ہوں اور اس میں اس کے لئے گنجائش نکلتی ہے

کہ مستقبل کے معاملات میں بھی بیرونی قرضوں کی حد تک تحفظ ملتا ہے۔ یہ کام وزارت خزانہ کے اصرار پر ہوا ہے، میں اس پر غیر مطمئن ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس خامی کو جلد از جلد دور کرنا چاہیئے۔ فیڈرل شریعت کورٹ اس کو ضرور دور کرے گی۔ لیکن اس میں یہ کہنا کہ اس میں سود کا جواز فراہم کیا گیا ہے، ایسا نہیں ہے اور یہ عجیب بات ہے کہ ایک شخص کھڑا ہو کر شریعت کے ہر اصول پرتنقید کرتا ہے، شریعت کو بالآخر قانون ماننے سے انکار کرتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ آپ نے سود کو کیوں چھوڑ دیا ہے ... میں عرض کرتا ہوں کہ آپ اپنے تضاد کو بھی تو دیکھیں، آپ بھی توconsistentہوں۔ شریعت کو ماننا ہے تو پورا مانیئے۔

جناب والا! اس کے بعد جو چیزیں ہیں، میں ان کی تفصیل میں نہیں جاتا لیکن اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ اس شریعت بل میں کچھ چیزوں کو شامل کیا گیا ہے جو کہ سینٹ سے پہلے پاس شدہ شریعت بل میں نہیں تھیں۔ یہ چیزیں اس لئے شامل کی گئی ہیں تاکہ ایک وسیع تر تصور سامنے آ سکے اور جو آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ شریعت کے نتائج نکلنے چاہئیں تاکہ پولیس بدلے، بے ایمانی ختم ہو، کرپشن ختم ہو، تاکہ لوگوں کو انصاف مل سکے۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان چیزوں کو حاصل کیا جائے۔ میں اس معاملے میں آپ کے ساتھ ہوں۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ حکومت کو اس معاملے میں نئے قوانین لانے چاہئیں۔ وہ انتظامی کام بھی کرے تاکہ عوام جو ہیں وہ صحیح طور پر شریعت بل کے قواعد سے فیض یاب ہوسکیں۔

جناب والا! میں آپ کا ممنوں ہوں کہ آپ نے مجھے اتنا وقت دیا ۔ ابھی میرے پاس مزید ایسے نکات تھے جو میں یہاں بیان کرتا تو شاید دو گھنٹے میں بھی یہ مکمل نہ ہو سکتے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اب اس سے زیادہ بات نہیں کرنی چاہیئے۔ موٹی موٹی چیزیں آپ کے سامنے آگئی ہیں، میں پھر ایک بار اپنی بات یہ کہہ کر مکمل کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بہترین مسودہ قانون نہیں ہے۔ اس میں بڑی خامیاں ہیں، اس میں کمزوریاں ہیں لیکن اس کے باوجود یہ ایک مثبت اقدام ہے، یہ مفید اقدام ہے۔ اس کے ذریعے سے ہم شریعت کے نفاذ کی طرف بڑھ سکیں گے اور قرارداد مقاصد کو پورا کرسکیں گے اور اس میں جو خامیاں ہیں ان کو دور کرنے کی کوشش بھی کرنی چاہیئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب امید ہے کہ آپ بھی اختصار سے کام لیں گے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب چیئرمین! ایک مثل مشہور ہے کہ بد سے بدنام برا۔

(تالیاں)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ مثل پر تالیں ہیں یا......

ایک معزز رکن : جی مثل پر۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میری بدقسمتی یہ ہے کہ جب میں ایک موضوع پر بات کرتا ہوں تو اس کی تمام ضروریات اور وجوہات جو ہوتی ہیں ان پر تفصیل سے بات کرتا ہوں۔ میں اب سمجھتا ہوں کہ میری اس عادت کو ختم کرنے کے لئے آپ آہستہ آہستہ حائل ہو رہے ہیں۔ اور یہ کوشش کی جاتی ہے کہ میں یہاں پر اپنی یہ عادت تبدیل کروں اور میں یہاں وزیر انصاف کا کام کروں کہ ڈیبیٹ کو وائنڈ آپ کروں۔ بہرکیف شکریہ! دیر آید درست آید والی بات ہے، میں اسی پر اکتفا کرلوں گا۔

جناب والا! اسلام دین فطرث ہے، اسلام دین مبین ہے، اور ہر قانون جو ہے اللہ تعالی کی طرف سے دیا گیا ہے یہ فطرتی قانون ہے۔ یہ میری اپنی رائے ہے، اس سے ناراض نہ ہوں یہ کہنا کہ آئین کو ان قوانین پر بالادستی حاصل ہو، اس پر مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے۔ میرا یہ عقیدہ ہے کہ خدا کا دیا ہوا قاون اٹل ہے۔ اس میں کسی کو نہ تبدیلی کرنے کا حق حاصل ہے اور نہ ہی کوئی کرسکتا ہے۔ ہم کیا، ان میں تبدیلی کی تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو (اجازت) بھی نہیں تھی اور انہوں نے بھی اپنی زندگی میں ان میں سے کسی ایک میں بھی تبدیلی کرنے کی کوشش نہیں کی۔ جو قوانین اللہ کی طرف سے آئے ہیں ان میں کوئی تبدیلی یا تغیر نہیں کیاگیا۔

جناب والا! مجھے اس بات پر خوشی ہے کہ میری جماعت مسلم لیگ نے قائداعظم محمد علی جناح کی راہنمائی میں جس مقصد کے لئے یہ ملک حاصل کیا تھا وہ مقصد آج پورا ہونے کے قریب ہے، اس کی طرف ہم چل پڑے ہیں۔ میں اس قانون کو اس لئے appreciate کروں گا کہ گو کہ اس میں بہت سی خامیاں ہیں، قانوناً بھی، واقعتاً بھی ہیں، مگر یہ ایک اچھی پیش رفت ہے۔ یہ پیش رفت اس مقصد کی طرف ہے جس کے لئے ہم نے یہ ملک حاصل کیاتھا۔ ہمارا یہ نعرہ تھا۔ میرے ایک دوست نے کہا کہ ہم نے یہ نعرہ کبھی نہیں سنا

کہ ہم لے کر رہیں گے پاکستان، بن کر رہے گا پاکستان ، پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الااللہ - میں جلسوں اور جلوسوں میں خود موجود ہوتا تھا، جہاں یہ نعرے لگتے تھے، میں خود گواہ ہوں ہمارا یہ نعرہ تھا کہ ہمیں اس برصغیر میں زمین کا ایک خطہ چاہیئے جس میں ہم دین کے مطابق اپنی زندگی سنواریں - جس میں یہ تجربہ کریں اور دنیا کو یہ بتائیں کہ انسان کی مشکلات کا حل نہ تو کیمونیزم میں ہے اور نہ ہی کیپٹیلزم میں ہے اور یہ تاریخ آہستہ آہستہ اس طرف جا رہی ہے اور اس حقیقت کی طرف جا رہی ہے۔ کمیونزم جو ہے یہ ۷۰ سال میں فیل ہوگیا جس کا بڑا ڈھنڈھورا پیٹا جا رہا تھا، بڑے دعوے کئے جاتے تھے، اس کے لئے بڑے بڑے اچھے الفاظ تراشے گئے تھے کہ جیسے پراگریسو محنت کش اور وغیرہ وغیرہ، یہ تراشے گئے تھے۔ لیکن جب ۷۰ سال کے بعد دیکھا تو نتیجہ کچھ اور نکلا۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصے میں کیپٹیلزم کے نظام بھی اپنے خاتمے کو پہنچے گا اور یہ پاش پاش ہو جائے گا۔ اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے، ان چیزوں میں فطری طاقت نہیں ہے جو کہ اسلام کے فطری قانون میں ہے۔

جناب والا! اس وقت اگر ہم دیکھیں تو پاکستان کے علاوہ ۴۲ اسلامی ممالک دنیا میں ہیں جو کہ ایک جغرافیائی کڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ آپ پاکستان لیں،افغانستان لیں، ایران لیں، ترکی اور شام کو لیں آپ اس سے آگے جائیں، افریقہ تک جائیں، یہ الگ بات ہے کہ ان کے آپس اختلافات ہوں مگر یہ سب ایک مسلم امہ ہیں۔ اس وقت ساری دنیا کے غیر مسلم کیوں اکٹھے ہو رہے ہیں۔ یہ کس کے خلاف اکٹھے ہو رہے ہیں۔ یہ سب مسلم امہ کے خلاف اکٹھے ہو رہے ہیں۔ وہ اپنی تمام طاقتوں کو مجتمع کر رہے ہیں اور اسی مقصد کے حصول کے لئے یہ جنگ لڑی گئی۔ عرب علاقوں میں بتیس ممالک کی افواج آئیں۔ امریکہ جس کو یہ کہا جاتا ہے کہ کسی حالت میں بھی، امریکہ کو خوش کرنا چاہیئے کیونکہ ہمارے بعض حکمران ، جن کا یہ عقیدہ ہے کہ اگر یہ خوش ہوگیا تو شاید انہیں پھر اقتدار مل جائے گا۔ یہود اور ہندو سب مل کر جناب چیئرمین صاحب ایک محاذ بن گئے ہیں۔ کس کے خلاف؟ مسلمانوں کے خلاف۔ جناب یہ کیوں؟ وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ اگر کوئی طاقت دنیا میں ان سے ٹکرانے والی ہے یا کوئی نظریہ جو ان کے نظریئے سے ٹکرانے والا ہے تو وہ صرف مسلمان اور دین اسلام ہے۔ مسلمانوں کے جہاد کے جذبے کا ان کے پاس کوئی نعم البدل نہیں ہے۔ وہ اس فکر میں ہیں کہ کس طرح ان کے دل و دماغ سے یہ جذبہ نکالیں۔ اس وقت جناب میں اس چیز کو یوں کہوں گا۔

باطل دوئی پسند ہے حق لاشریک ہے
شرکت میانِ باطل و حق نہ کر قبول

جناب عالی! اسلام کی اس طاقت کو دبانے کے لئے اب انہوں نے ایک نعرہ نکالا ہے ایک نعرہ گھڑا ہے اور اس کو کیا نام دیا ہے جو میرے دوست بھی مجھے افسوس ہے استعمال کرتے ہیں fundamentalist میں نے اس لفظ پر بڑا سوچا اور مطالعہ کی بھی کوشش کی۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ ایک ہے، یہ ہمارا fundamental اصول ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نبی اور بندہ ہے۔ قرآن ایک ہے، ہم آخرت کو مانتے ہیں۔ دوسری زندگی کو مانتے ہیں، یہ ہمارے عقیدے کا fundamental اصول ہے۔ یہ ہمارے وہ عقائد ہیں جو کہ ہمارے مذہب یا دین کی بنیاد ہیں۔ اگر اپنے عقائد کی سختی سے پابندی کرنے والے کو وہ fundamentalist کہتے ہیں تو بہرہ ور سعید سب سے پہلا fundamentalist ہے۔ اور اگر کسی کا کوئی عقیدہ نہیں ہے اور اس عقیدے سے ذرا سا بھی انحراف کرتا ہے یا پیچھے ہٹتا ہے تو میں سمجھتا ہوں وہ بہت کچھ ہے اگر اس کے ایمان میں کمزوری ہے۔ دشمن کو خوش کرنا، میرا اللہ اور اس کا قرآن کہتا ہے کہ مت بناؤ دوستی غیر مسلموں کے ساتھ، کیوں کہ غیر مسلم کچھ بھی ہوسکتے ہیں مگر کبھی حقیقی دوست نہیں بن سکتے۔

جناب والا! میں اس پر حیران ہوں کہ ہم ہمیشہ یہ کوشش کرتے ہیں اور امریکہ میں جا کر یہ تلقین کرتے ہیں کہ بھائی fundamentalism ملازام...... میرے دوست نے بڑی اچھی تشریح کی، جناب والا! اسلام میں رہبانیت نہیں ہے، گوشہ نشینی نہیں ہے، prienhood نہیں ہے، اسلام میں بندے کے مابین خدا کا رابطہ قائم ہے پانچ وقت نماز پڑھنے سے بندہ خدا سے مشغول گفتگو ہوجاتا ہے اس میں کوئی mediatory نہیں ہے۔ پھر کیسے اس لفظ سے ہم شرما رہے ہیں۔ ہم apologetic کیوں ہیں۔ کیوں ہم یہ کہیں کہ ہم fundamentalist نہیں ہیں۔ ہمارا یہ عقیدہ جو ہمیں اسلام نے دیا ہے اس کو ہم کمزور سمجھ کر شرماتے ہیں کیا ہم اچھے مسلمان ہیں۔ اس عقیدے پر ہم مانتے ہیں - اللہ ایک ہے، ساری مملکت اس کی ہے۔ سب کچھ اس کا ہے، آخرت بھی اور روز حساب بھی ہے، اگر اس کو ماننے سے گریز کرتے ہیں اور شرماتے ہیں تو پھر سوچنا پڑے گا کہ ہم اس دین کے قائل بھی ہیں (یا نہیں) جس کا ہم دعوی کرتے ہیں۔

جناب میں بہت چیزوں کا جواب دینا چاہتا تھا مگر قلت وقت کا خیال ہے اس لئے ایک چیز کی طرف میں اشارہ ضرور کروں گا کہ پاکستان multinational state نہیں ہے، پاکستان مسلم امہ کا ملک ہے۔ جس قرارداد کی طرف میرے دوست نے اشارہ کیا وہ ۱۹۴۰ء کی ہے، میں ان کو وہ قرارداد پڑھنے کی دعوت دیتا ہوں۔ اس میں کیا دیا ہوا ہے۔ میں اس قرارداد کا

متعلق حصہ آپکی اجازت سے پڑھتا ہوں-

The resolution passed at the convention ofover 470 Muslim Members of the Central and Provincial Assemblies held at Delhi on 8th & 9th April, 1947 and the Quaid-e-Azam in the Chair.

Then I will read that portion which my friend has pointed out - first, this is Pakistan Zone. That the Zones comprising Bengal and Asam in the North-East in the Punjab, the North West Frontier Province, Sindh and Baluchistan and North-West of India, namely, Pakistan Zones where the Muslims are a dominant majority be constituted in to a sovereign Independent State.

وہ ۱۹۴۰ء کی جس قرارداد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس میں stated کے لفظ کو جس طرح اچھال رہے اس کو اس اجتماع میںreviseکیا گیا-

That the people be given an undertaking to implement the establishment of Pakistan without delay; and further (2) that two separate Constitution-making bodies be set up by people of Pakistan and Hindustan for the prupose of framing their respective Constitutions.

تو جنابmulti-nationalٹھیک ہے، قرآن میں شریف میں تذکرہ ہے کہ ہم نے آپ لوگوں کو مختلف طبقوں میں تقسیم کیا ہے- اور یہ آپ کی شناخت کے لئے ہے- آگے فرمان ہے کہ صحیح اصلی بندہ وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہو اور متقی ہو، یہ نہیں کہ یہ سندھی، پنجابی، بلوچی، پٹھان وغیرہ، یہ نہیں ہے- یہ سب شناخت کے لئے نشانیاں ہیں- مگر جب ہم حج پر اکٹھے ہوتے ہیں تو کیا بلوچوں کے لئے الگ اور پٹھانوں کے لئے الگ جگہ ہے- ایک کعبہ کا ہم سب طواف کرتے ہیں اور جب نماز کا وقت آتا ہے تو جہاں جہاں ہم موجود ہوتے ہیں چاروں طرف سے سجدہ ریز ہو جاتے ہیں- اس سے صاف ظاہر ہے کہ اسلام میں قومیت کا تصور نہیں ہے- مسلمان ایک امت ہے- مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے- ڈاکٹر صاحب نے کل رسولِ اکرمؐ کے آخری خطبہ کی طرف اشارہ کیا اور پڑھ کر سنایا- اس سے بھی آپ کو اصلی خطبہ پڑھ کر سناؤں گا- یہ ہے انسانیت کا منشورِاعظم، خطبہ حجۃ الوداع "لوگو تم مومن بھائی

بھائی ہو۔ کسی شخص کے لئے اپنے بھائی کا مال حلال نہیں بجز اس کے کہ اس کی مرضی سے ہو۔ میرے بعد کافر نہ بن جانا، ایک دوسرے کی گردنیں نہ مارنے لگنا۔ میں نے تم میں ایک ایسی چیز چھوڑی ہے کہ جب تک تم اسے تھامے رہو گے میرے بعد تم گمراہ نہ ہو گے۔ کتاب اللہ اورسنت رسول اللہ۔ ہاں کیا میں نے اللہ کا پیغام تم تک پہنچایا۔ اے اللہ تو گواہ رہنا۔ لوگو تمہارا رب بھی ایک ہے۔ تمہارا باپ بھی ایک ہے۔ تم سب آدم سے ہو۔ اور آدم مٹی سے تھا۔ تم میں سے اللہ کے نزدیک سب سے مقرب وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہو۔ کسی عربی کو کسی عجمی پر کوئی فضیلت نہیں بجز تقویٰ کے۔ ہاں کیا میں نے پہنچا دیا۔ اے اللہ تو گواہ رہنا" لوگوں نے کہاں ہاں۔ آپؐ نے فرمایا، حاضر کو چاہیئے کہ اسے غائب اشخاص تک پہنچائے۔ جناب خداوند کریم کا ارشاد ہے وہ جو رسول اللہؐ نے آخری خطبہ میں فرمایا اور پھر اس وقت وہ آیت بھی نازل ہوئی کہ اے لوگو میں نے تمہارے لئے دین اسلام پسند کیا ہے۔ تم پر اپنی نعمتیں نچھاور کر دی، ختم کر دیں اور تمہارے لئے دین اسلام پسند کیا۔

جناب والا! ان چیزوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے یہ کہنا کہ پاکستان میں ایک سے زیادہ قومیں آباد ہیں میں اس سے اتفاق نہیں کروں گا۔ یہ زیادتی ہے۔ صرف ایک قوم ہے۔ جہاں بھی ہے۔ زبان اس کی کوئی بھی ہو۔ کپڑے جیسے بھی ہوں۔ خوراک مختلف ہو۔ رواج مختلف ہوں مگر وہ ایک قوم مسلمان ہے۔ خدا کی نظر میں بھی، رسول کی نظر میں بھی اور دشمنوں کی نظر میں بھی۔ تقسیم سے قبل میں ایک کتاب پڑھ رہا تھا۔ اس میں ایک فوٹو تھی جس میں ایک ہندو اور مسلمان تھا۔ کسی نے پوچھا یہ ہندوستانی ہے۔ ہندو نے جواب دیا پھر بھی یہ "مسلا" ہے۔ ان کی نظر میں ہم "مسلے" ہیں۔ مسلمان ہیں۔ ہم چاہیں جو بھی رنگ بدلیں۔ چاہے ہم اسے بھائی کہیں وہ ہمارا بھائی نہیں بنتا۔ بھائی ہمارا مسلمان ہے۔

جناب والا! اس کے پیچھے دوڑ دھوپ کرنا کہ فلاں راضی ہو تو مجھے حکومت ملے گی یا فلاں راضی ہو مجھے یہ چیز مل جائے گی۔ یہ کسی پاکستانی کسی مسلمان کو زیب نہیں دیتا۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر : ذراconclude کر لیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میںconclude تو کروں گا لیکن اگر جناب اجازت دیں تو میں بل پر کچھ عرض کروں۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر : تیس منٹ ہو گئے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میرے خیال سے منٹ بہت جلدی گزرتے ہیں۔ میں بل آپ کے سامنے پڑھتا ہوں، اس میں اگر مجھے شق وار اجازت دیں گے تو میں یہ کہوں گا کہ یہ بل------

جناب پریذائڈنگ آفیسر : اس میں اگر کوئی خاص پوائنٹ ہے تو اس کی طرف توجہ فرمائیں۔ سارے بل کو پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میں جناب سارے بل کو بالکل نہیں پڑھتا۔ میں اس کی دو تین چیزیں آپ کی نظر میں لاؤں گا۔ مثلاً آرٹیکل ۳ (أ)

3 (1) "The Shariah, i.e. the injunctions of Islam as laid down in the Holy Quran and Sunnah shall be the supreme law of Pakistan."

اس کے متعلق عرض کروں گا - اس کے ساتھ ہی نمبر ۲

"Notwithstanding anything contained in this Act, the judgement of any Court or any other law for the time being enforced, the present political system including the Majlis-e-Shoorah (Parliament) and Provincial Assemblies and the existing system of government shall not be challenged in any court including the Supreme Court, the Federal Court or any other authority or tribunal."

شق نمبر ۱ میں ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ injuctions of Islam قرآن و سنت ہیں، وہ سپریم لا ہے۔ شق نمبر ۲ میں پھر اس کی negation کرنے کی ضرورت کیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلاز ۲ مصلحتاً لگایا گیا ہے۔ ورنہ اس کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ یہ تو negation ہے۔ کسی کو خوش کرنے کے لئے، چاہے وہ لوگ یہاں سوچا ہے وہ لوگ کسی اور جگہ بیٹھے ہوں، ان کو خوش کرنے کے لئے ہے۔ اسلامی نظام اگر ہمیں نافذ کرنا ہے تو اسے مکمل طور پر نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ نہیں کہ ہم یہ بھی رکھیں گے، ہم وہ بھی رکھیں گے۔

اسلامی نظام کے لئے ہر طرزِحکومت میں تبدیلی لازی ہے۔ میرے نزدیک اسلامی نظام میں مشاورت کے لئے جو ادارے ہیں، ان میں تبدیلی ضروری ہے اگر اسلامی نظام میں یہ

تبدیلی نہ ہو اور اسی طرح یہ جو ہم انگریز سے نقل کر کے لائے ہیں ڈیموکریسی کے نام پر West Minister Abbey کی ڈیموکریسی (اسے جاری رکھیں تو) اس سے میری نظر میں اسلام کے اصولوں کا ٹکراؤ ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ اس کی مطابقت نہیں ہوتی۔ اسلامی اہل الرائے کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ اپنے نمائندوں کو منتخب کر کے مشورے کے لئے بھیجے۔ اس میں یہ چیز کہ ہم اسلام چاہتے ہیں، اس میں سپریمیسی آف لاء بھی ہے۔ مگر کسی نے کہا کہ کیا تم وہ نظام لاؤ گے جو خلفائے راشدین کے وقت تھا۔ ہم نے کہا نہیں ہم اس میں یہ چیز بھی کرتے ہیں کہ یہ اسمبلیاں بھی موجود رہیں۔ یہ پارلیمنٹ بھی موجود رہے۔ یہ قوانین بھی موجود رہیں۔ میرے خیال میں دونوں بیک وقت ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ یہ کلاز deficient ہے۔ شق (۱) صحیح ہے کہ وہ سپریم لاء ہوگا۔ مگر شق (۲) کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اس میں ہمیں apologetic نہیں ہونا چاہیئے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ واقعی اسلامی نظام پر عمل ہو تو ہمیں تسلیم کرنا چاہیئے کہ واقعی اسلامی نظام پر عمل ہو تو ہمیں تسلیم کرنا چاہیئے کہ موجودہ ڈھانچہ چاہیئے وہ انتظامیہ کا ہے، چاہے وہ مقننہ کا ہے چاہے وہ عدلیہ کا ہے اس میں تبدیلی لانا ضروری ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اگلا پوائنٹ۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب نمبر ۴ میں عرض کروں گا۔

Laws to be interpreted in the light of Shariah -- While interpreting the statute law, if more than one interpretation is possible, the one consistent with the Islamic principle and jurisprudence shall be adopted by the court and where two ormore interpretations are equally possible, the interpretation which advances the principle of policy and Islamic provisions in the transactions shall be adopted by the court.

جناب یہ صحیح ہے کہ اس ایکٹ میں بڑی خوبی میری نظر میں یہ ہے کہ انہوں نے اس کی definition کو قرآن اور سنت تک محدود رکھا ہے۔ یہ بڑی عقلمندی ہے۔ یہ بڑی اچھی حکمت عملی ہے کسی فقہ کا تذکرہ نہیں کیا۔ میرے دوستوں نے بحث کے وقت اپنے جوش خطابت میں کئی فقہوں کا ذکر کیا۔ پانچ فقہوں کا نام لیا۔ انہوں نے جوش خطابت ضرور فرمایا لیکن اس ایکٹ میں کسی فقہ کا ذکر نہیں ہے اور میں وزیر قانون کو اس فقرے پر

مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے جان بوجھ کر کسی فقہ کا نام نہیں لیا ورنہ۔ ورنہ ان کے پاس پڑوس میں ایک مثال موجود ہے یعنی ایران کی۔ ایران میں آبادی کے لحاظ سے جہاں تک میں جانتا ہوں شیعہ حضرات کے بعد سنی زیادہ ہیں۔ حنفی زیادہ ہیں۔ پاکستان میں شیعوں کی اتنی آبادی نہیں ہے۔ جتنی کہ ایران میں حنفیوں کی ہے لیکن وہاں آرٹیکل ۱۲ کیا کہتا ہے۔ میں آپ کو پڑھ کرسناتا ہوں۔

"The official religion of Iran is the Islam of Jafferia 12 Imams Sect and this article is un-alterable in perpetuity."

اس کو بنیاد بنا کر پاکستان میں ہم یہ کہہ سکتے تھے جیسا کہ پروفیسر صاحب نے کہا کہ کئی سو سال تک ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت رہی اور اس میں فقہ حنفیہ نافذ رہا لیکن اس کے باوجود ہم نے اس کو اس طریقے سے پیش کیا کہ کسی فقہ کے لوگوں کو یہ موقع فراہم نہیں کیا کہ وہ کسی قسم کی انگشت نمائی کریں۔ اس لئے یہ تو صحیح ہے مگر جناب جو انٹرپریٹیشن کی کلاز ہے اس میں ایک خدشہ ہے کہ انٹرپریٹیشن کرنا تو ٹھیک ہے مگر یہ فیصلہ کون کرے گا کہ کون سی انٹرپریٹیشن بہتر ہے۔ اس فیصلے کے لئے اچھا ہوتا کہ سینٹ نے جو بل پاس کیا اس میں یہ فیصلہ کرنے کا حق ہائیکورٹ کو دے دیا جاتا، فیڈرل شریعت کورٹ کو دے دیا جاتا۔ ۱۹۵۶ کے آئین میں بھی یہ حق سپریم کورٹ کو دیا گیا تھا لیکن یہاں میں یہ سمجھتا ہوں کہ جھگڑے والی بات ہوگئی ہے۔ ایک عدالت میں ایک فیصلہ ہوتا ہے،کہ نہیں، یہ قانون شریعت سے متصادم ہے، دوسری عدالت میں بھی وہی چیز ہے۔ وہی حقائق ہیں لیکن وہ کہتی ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ جناب! یہ جھگڑے کی بنا ڈالی گئی ہے۔ اس سے بہتر یہ ہوتا کہ یہ اختیارات ہائیکورٹ کو دیتے جس طرح سے سینٹ نے جو بل پاس کیا ہوا ہے اس میں ہے کہ وہ عدالت فوراً(کارروائی) سٹاپ کرکے (کیس) ہائیکورٹ میں بھیج دے اور ہائیکورٹ اس پر ۳۰ دن یا شاید ۶۰ دن میں اس کا فیصلہ دے، یہ بہتر ہوگا کہ اس پر وزیر قانون سوچیں۔ انٹرپریٹیشن کی کلاز میں وہ تبدیلی لائیں کہ اس کو جب ایسا مسئلہ پیدا ہوتا ہے تو اس (کارروائی) کو بند کرکے مسئلہ ہائیکورٹ کو ریفر کریں یا سپریم کورٹ کو ریفر کریں تاکہ اس پر حتمی فیصلہ وہ کرسکے ورنہ یہ جھگڑا مسلسل چلتا رہے گا اور اس میں کئی سال لگیں گے اور تاخیر ہوتی رہے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اخونزادہ صاحب میں گزارش کروں گا کہ آپ کو ایک آدھ منٹ میں ہی ختم کریں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب یہی تو مشکل ہوتی ہے کہ آخر میں جو رہتا ہے اس کے ساتھ وقت کی پابندی لگ جاتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہرہ ور سعید صاحب یہ تو جنرل ڈسکشن ہے جب کلاز بائی کنسڈریشن ہوگی اس وقت پھر آپ ان کلاز پر بول لیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اچھا جناب! لیکن میں ایک چیز عرض کروں گا اسلامائزیشن آف اکانومی پر میں یہ عرض کروں گا کہ یہ وہ زمانہ نہیں رہا۔ انسان اپنے پڑوسی کے ساتھ کوئی بزنس کرے، کاروبار کرے، ہم اکیلے نہیں رہ سکتے۔ پاکستان نے دوسری اقوام کے ساتھ بزنس کرنا ہے اور ربٰو ایک متنازعہ مسئلہ ہے۔ میں اس سے اتفاق نہیں کرتا۔ میں صحیح تسلیم کرتا ہوں کہ اس حکم کے مطابق اس کا لینا خدا اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ ہے مگر حالات و واقعات ایسے ہوں گے جس سے کوئی چیز جہاں آپ کہتے ہیں ربٰو ہے ممنوع ہے شاید ہوسکتا ہے وہ وہاں پر ممنوع نہ ہو۔ مصر میں جو طریقہ کار ہے اور وہاں جو اس چیز کو یعنی بینکنگ کو اسلامی یا جائز قرار دیا گیا ہے اس پر سوچنے کی بات ہے اور اس میں کوئی خاص حد مقرر کرنی چاہیئے تاکہ ایسے کمیشن کے لئے کوئی وقت مقرر ہو۔ اسی طرح سے جو دوسری دو کمیشن مقرر کئے جا رہے ہیں ان کے لئے بھی کوئی میعاد مقرر نہیں ہے - وہ وقتاً فوقتاً رپورٹ پیش کریں گے۔ بہتر یہ ہوتا کہ اس کے لئے کوئی میعاد مقرر کی جاتی کہ وہاں اتنی میعاد میں اپنی رپورٹ اسمبلی کو یا جسے بھی پیش کرنی ہے وہ پیش کرے۔

آخر میں ، میں اتنا عرض کروں گا کہ جو موجودہ قانون ہے گو کہ اس کی لینگویج بھی کمزور ہے اس میں نقائص بھی ہیں اور اس میں ترامیم کی بڑی گنجائش ہے لیکن یہ ایک آدمی کا بنا ہوا قانون ہے اور آدمی کے بنائے ہوئے قانون میں ہمیشہ یہ کمزوریاں ہوتی ہیں۔ اتنے سال ہم نے انتظار کیا۔ موجودہ مسلم لیگی حکومت کو یہ عزت حاصل ہوگئی۔ یہ جرات خدا نے دی کہ اس نے اس کی ابتداء کی اور ایک صحیح سمت پر اقدام کیا۔ اس کے لئے وہ قابل تحسین ہے حالانکہ اس میں کمزوریاں ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارا فرض ہے کہ اس قانون کو جیسی بھی حالت میں ہے منظور کریں تاکہ آئندہ کے لئے ہم آگے بڑھ سکیں۔ ایک چیز اور عرض کردوں کہ اس وقت میری نظر میں اس قانون میں اصول بیان کئے گئے ہیں۔ پھر اس سے آگے اس پر پیکیج جو ہوگا وہ جو قوانین آگے بنیں گے ان پر سارا دارومدار ہے اور توقع ہے کہ آئین میں بھی اسی روشنی میں تبدیلی کی جائے گی اور باقی قوانین بھی اسی

کی روشنی میں تیار کرکے لائے جائیں گے تاکہ اس پر عملدرآمد میں کوئی دیر نہ ہو، شکریہ!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شیخ ظریف خان مندوخیل۔

شیخ ظریف خان مندوخیل: جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ نے وقت نہ ہونے کے باوجود بھی ہمیں بولنے کا موقع دیا۔ مجھے تقریر وغیرہ کا تجربہ نہیں ہے لیکن اپنے دل کے جو خیالات ہیں وہ سیدھے یا الٹے بیان کروں گا۔ یہاں ہمارے بھائیوں نے ، بزرگوں نے، بڑوں نے بہت اچھی تقریریں کیں جن سے ہمیں بہت کچھ سمجھ میں آیا اور کچھ ایسی چیزیں ہیں جن کے متعلق ہمیں پتہ نہیں تھا۔ اب ہمیں پتہ بھی لگ گیا ہے کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ پاکستان میں سوائے اسلام کے کسی ازم کی ضرورت نہیں ہے اگر کوئی اپنے آپ کو پاکستانی سمجھتا ہے تو پاکستان میں بسنے والے لوگوں کی اکثریت مسلمانوں کی ہے اور شکر ہے ہم باپ دادا سے مسلمان ہیں۔ یہ جو ایوان ہے مسلمانوں کا ایوان ہے، ایوان بالا ہے لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ ہم اسلام میں بھی پارٹی کا نکتہ نگاہ بیان کرتے ہیں ۔ حالانکہ ہم سب بھائی ہیں، پاکستانی ہیں، پارٹیاں مختلف ہیں، خدا اور رسول اور اسلام ہمارا ایک ہے۔

ہمارے ایک فاضل دوست نے شریعت بل کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ کاغذ کا ٹکڑا ہے۔ اس پر مجھے بہت افسوس ہوا ہے اور اس وقت کے چیئرمین صاحب نے بھی کچھ نہیں بولا کہ یہ (ایسا) نہیں کہیں۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ قائداعظم اور لیاقت علی خان نے جو قربانیاں دی ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں مگر قدرت نے ان کو لمبا موقع نہیں دیا کہ وہ اس ملک کو سدھارتے۔ اس کے بعد جن لوگوں کے ہاتھوں میں اقتدار آیا ان لوگوں نے کوئی خاطر خواہ ایسا کام نہیں کیا جس سے اسلام کو آگے لایا جاتا یا اسلامی قوانین بناتے۔ خوش قسمتی سے اس سال اس حکومت نے اسلام کے لئے ایک قدم اٹھایا اور اسلامی آئین بنانے کے لئے انہوں نے کوئی کام شروع کیا۔ یہاں پر ہم لوگوں نے اس کا مطلب یہ سمجھا کہ اسلام، اگر دوسری پارٹی لاتی ہے تو اس میں اختلاف کریں۔ یہ اسلام ہم سب کے لئے ہیں party baseپر نہیں ہے، یہ مسلمانوں کے لئے ہے۔ پروفیسر خورشید صاحب اور بہرہ ور سعید صاحب نے اس کو تفصیل سے بیان کیا۔ میں اتنی لمبی تفصیل میں نہیں جاؤنگا صرف یہ کہونگا کہ جس وقت پاکستان بنا تھا اس وقت قائداعظم اور لیاقت علی خان نے قرار داد مقاصد میں یہی کہا کہ اس ملک کا آئین اسلامی ہوگا اور لیاقت علی خان کے زمانے میں مشہور قرارداد مقاصد آئین ساز اسمبلی سے پاس کرایا اس شریعت بل کا اگر جائزہ لیا جائے تو ایسی کوئی چیز

نظر نہیں آتی جو ملک و ملت کے مفاد کے منافی ہو مثلاً پولیس کو اسلامی سانچے میں ڈھالنا، پولیس کی تطہیر، ذراع ابلاغ کو اسلامی احکامات کے فروغ کے لئے استعمال کرنا، غلط اتہامات سے تحفظ، عورتوں کے حقوق کی حفاظت، غیر مسلموں کے حقوق کی حفاظت، نظریہ پاکستان کی حفاظت وغیرہ قرآن پاک میں ارشاد ہے جب میں ملک میں ان لوگوں کو اقتدار اور حکومت دوں تو یہ نماز قائم کریں گے، زکوۃ دیتے رہیں گے، غلط کاموں سے لوگوں کو روکیں گے۔ ۴۲ سال سے آج تک ہم نے اس بارے میں کوئی خاص قدم نہیں اٹھایا۔ اللہ تعالی نے ہمیں اس ضمن میں کافی مہلت دی ہے اگر مزید مہلت دی تو ہمیں نقصان اور تباہی کا سامنا کرنا پڑے گا لہذا یہی وقت ہے قوم اپنے پچھلے کئے کرائے کو بھول کر توبہ استغفار کرے اور آئندہ کے لئے اس وعدہ کو ایفا کرے جو کہ برصغیر کے مسلمانوں نے ۱۹۴۷ء میں خداوند تعالی کے ساتھ کیا تھا ورنہ بصورت دیگر تمہاری داستاں نہ ہوگی داستانوں میں۔

اس بل کے حق میں ہم لوگ سستی کریں تو ہم کو چالیس سال پیچھے کی طرف دیکھنا ہوگا اور ہم کو یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ اگر اس ملک میں شرعی نظام میں تاخیر نہ ہوتی تو شاید ہمارے ملک کا بڑا حصہ آج بھی ہمارے ساتھ ہوتا، میرا مطلب اس وقت کے مشرقی پاکستان سے ہے۔ سندھ میں کئی برسوں سے جو ظلم ہم دیکھتے ہیں۔ غریب اتنے غریب نہ ہوتے، امیر اتنے امیر نہ ہوتے۔ حقدار کو حق ملتا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے پچھلی حکومتوں نے اسلام کے لئے کچھ نہیں کیا اور عوام کے لئے بھی کچھ نہیں کیا۔ یہ جو شریعت بل پیش ہوا ہے ہم سوچتے ہیں کہ یہ بل ملک میں غریبوں اور امیروں کے لئے یکساں مفید ہوگا ۔ کیونکہ میرا ایمان ہے کہ جو کام بھی اسلامی نظریہ کے تحت ہوگا وہ صحیح اور بابرکت ہوگا اگر آگے جا کر کہیں کوئی تکلیف دہ پہلو سامنے آتا بھی ہے تو اسمبلی اور سینٹ میں اس کو صحیح کیا جا سکتا ہے کیونکہ شاید کسی جگہ کوئی ایسی چیز ہوگی جو آج کے حساب سے ہوگی۔ کل کو اس میں کچھ تکلیف ہو گی تو اسلامی قوانین کے تحت اس پر بحث ہوسکتی اور اس کو ٹھیک کیا جا سکتا ہے میرے خیال میں پہلے بھی تقریباً اس ملک والوں نے نصف صدی ضائع کی۔ آئندہ پہلے والی غلطیاں نہیں دہرانی چاہیئیں۔ اس معزز ایوان کا وقت صرف نہیں کروں گا میں اپنے بھائیوں سے اپیل کروں گا کہ اس کو اتفاق رائے سے پاس کرکے نہ صرف اپنی اسلام پسندی کا بلکہ دانشمندی کا ثبوت دیں۔ میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور مسلم لیگ حکومت کو اس بل کے پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ! مہربانی! جناب مزمل شاہ صاحب وقت کی نزاکت کو بخوبی سمجھتے ہیں۔

سید مزمل شاہ: بسم اللہ الرحمان الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔
جناب چیئرمین! موجودہ زیر بحث شریعت بل پر اس ہاؤس میں بڑی لمبی چوڑی گفتگو ہوئی، بڑی اچھی تقریریں سننے میں آئیں۔ میں اس وقت جو کچھ کہوں گا وہ صرف ریکارڈ کے لئے ہے۔ یہاں سننے کے لئے تو مجھے کوئی نظر نہیں آرہا بغیر ان لوگوں کے جو چند بولنے والے یہاں بیٹھے ہیں، اس کے لئے مجھے افسوس ہے کچھ دوستوں نے پہلے بھی اس بات پر اظہار افسوس کیا تھا کہ ممبران صاحبان اس سلسلے میں خیال نہیں رکھتے۔

جناب والا! گزارش یہ ہے کہ شریعت کے دو حصے ہیں۔ ایک حصہ اس کا توحید ہے اور دوسرا حصہ اس کا اجتہاد ہے، جناب والا! جہاں تک توحید کا تعلق ہے وہ تو ایسی چیز ہے جس کو مکمل کرنے کے بعد یہ کہہ دیا گیا کہ اس میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی اور اس توحید کو اسلامی زندگی میں ہر وقت قائم و دائم رکھنے کے لئے اسلام کے پانچ واضح ارکان بتا دیئے گئے تاکہ صبح سے لے کر شام تک پانچ دفعہ اللہ کی ذات کبریا کو پکار پکار کر یہ کہہ دیا جائے کہ تو وحدہ لاشریک ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔ نہ پہلے تھا نہ اب ہے نہ آئندہ کبھی ہوگا۔

جناب چیئرمین ! اس کا دوسرا حصہ جو اجتہاد سے تعلق رکھتاہے وہ خالصتاًعدل ہے اور جہاں تک عدل کا تعلق ہے وہ زمانہ اور وقت کے ساتھ ساتھ انسان کی ضرورتوں کے ساتھ ساتھ بدلتا رہتا ہے۔ اس میں تغیر ہے اور اس میں تغیر رہے گا۔ جناب والا! تغیر اور قوت دو ایسی چیزیں ہیں اگر ان کو اسلام سے نکال دیں تو وہ صورتحال پیدا ہوجائے گی کہ یہ بات قرآن کے منافی ہو جائے گی اس لئے کہ قرآن جگہ جگہ انسانوں پر زور دیتا ہے کہ تم تغیر سے، تبدیلی سے، حرکت سے قوت پیداکرو۔ اللہ تعالی بہت واضح طور پر کہتا ہے کہ اس پوری کائنات پر میں نے اسلام کو اور اسلام کے داعیوں کو اسلام کے ماننے والوں کو حاوی کر دیا - جناب چیئرمین! قرآن میں اللہ تبارک تعالیٰ کے احکامات ہیں، اس ذات کبریا کے احکامات ہیں جس نے انسان اور اس پوری کائنات کی تشکیل فرمائی اور وہ اس کو بہتر جانتا ہے کہ یہ بات واضح کرنا چاہتا کہ یہاں پر جو آراء بڑے پڑھے لکھے لوگوں کی طرف سے آرہی ہیں وہ میں نے بھی سنی ہیں اور اس ہاؤس نے بھی سنی ہیں اور اخبارات کے ذریعے لوگ بھی سنیں گے۔ اس وقت اس بل سے جس بات کا خدشہ ہے وہ یہ ہے جناب والا! کہ اس پاکستان کو بہت سے قانونی سے نوازا گیا۔ بہت سے دستوروں سے نوازا گیا۔ اس کو ایک لیبارٹری کے طور پر استعمال کیا گیا یہاں اسلام کے نام کو بھی بہت زیادہ فروخت کیا گیا جس

بات کا آج تک پاکستان بننے سے لوگوں نے انتظار کیا کہ اس ملک میں نظام شریعت آئے گا جس کے ذریعے اس ملک میں امن و امان قائم ہوگا۔ جس کے ذریعے اس ملک میں بھوک دور کی جائے گی۔ جس کے ذریعے اس ملک میں نظم و ضبط آئے گا جناب چیئرمین! میرے کہنے کا مقصد یہ ہے خدانخواستہ اسلام کے نام سے تو لوگ تھوڑے تھوڑے بیزار ہوتے چلے گئے ہیں لیکن اسلام کو قائم رکھنے والا وہ قانون جس کو قانون شریعت کہا جاتا ہے اس کو بھی اگر کمزور حیثیت میں لایا گیا، اس کو بھی آدھا تیتر آدھا بٹیر بنا دیا گیا تو خدانخواستہ لوگ شریعت سے بیزار ہوجائینگے۔ اور جب لوگ شریعت سے بیزار ہوجائیں گے ، اسلام سے بیزار ہوجائیں گے تو اس ملک کی کوئی منزل نہیں رہے گی جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں اور اس ملک کا ہر فرد جانتا ہے کہ یہ واحد ملک پاکستان ہے جو دو قومی نظریہ پر بنا تھا۔ کون کہتا ہے کہ یہاں شریعت کی ضرورت نہیں ہے، کون کہتا ہے کہ یہ ملک شریعت کے لئے نہیں ہے۔ یہ یقیناً شریعت کے لئے ہے اور شریعت کے نفاذ کے لئے ہی اسے بنایا گیا ہے اور یہی شریعت اس ملک کے رہنے والوں کی آن ہے اور اس کی ضرورت ہے۔

جناب والا! وقت تھوڑا ہے، ساتھ ساتھ سوچنا پڑتا ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے استدعا کروں گا اور اس ایوان سے استدعا کروں گا کہ اس ایوان کے شایان شان یہ نہیں ہے، میں نے یہاں دو واضح الفاظ سنے کہ وہ اس ملک میں پندرہ سو سالہ بدوؤں کا مذہب نہیں لانا چاہتے، یہ یہاں کہا گیا ہے - جناب والا! یہ بات نہایت ہی قابل افسوس بات ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جتنا ہم اپنے عقیدے سے، جتنا ہم اپنے مذہب سے جدا رہے ہیں، اتنا ہی آج ہم ذلیل و خوار ہو رہے ہیں اور اگر ہم نے اس روش کو مزید جاری رکھا تو یقین جانیئے کہ ہم صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گے اور یہ اللہ تعالیٰ کا اٹل قانون ہے کہ جو قوم اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہوئے منافقت کرتی ہے خدا کی طرف نہیں پلٹتی اور اس کے قانون کی طرف نہیں پلٹتی، اس کے پیدا کئے ہوئے لوگوں کا خیال نہیں کرتی، اس کے درمیان ربط قائم کرنے کی کوشش نہیں کرتی اللہ تعالیٰ انہیں صفحہ ہستی سے مٹا دیا کرتا ہے۔ خدا ہمیں معاف کرے۔ اس ملک کو موجودہ مشکلات سے نکالنے کا واحد ذریعہ رہ گیا ہے۔ اس ملک میں اس وقت دو قوانین رائج ہیں۔ جناب والا! آپ جانتے ہیں کہ اس ملک میں وہ کون سا انسان ہے خواہ وہ جس عہدے پر بھی بیٹھا ہوا ہے، وہ کون سا انسان ہے جو گھر سے نکلتا ہے اور رات کو گھر واپس بخیریت پہنچنے کا اسے یقین ہوتا ہے۔ کوئی آدمی مجھے یہ بتا دے کہ مجھے اس بات کی کوئی فکر نہیں ہے تو میں مانوں گا کہ ہاں، کوئی ایک تو ہے جسے یہاں فکر نہیں ہے اپنی جان و مال کے حفاظت کی، یہ تو جناب پہلے قانون کا حال ہو گیا ہے - جناب والا! یہ کیوں ہوا، یہ صرف اس لئے ہوا کہ وہ قانون جو تھا وہ ہماری فطرت

کے مطابق نہیں تھا۔

جس طرح یہاں پر کہا گیا کہ اسلام دین فطرت ہے، جب ہم فطرت سے ہٹ جائیں گے تو یقیناً اپنے آپ کو ہمیشہ پریشان پائیں گے۔ میں یہاں اتنا عرض کروں گا کہ قرآن پاک کو پڑھنے کے بعد اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے حقوق العباد کا کس قدر واضح تذکرہ فرمایا ہے اور یہ بار بار فرمایا ہے۔ مجھے کوئی بتائے کہ اس ملک میں انسانیت کا کتنا احترام باقی رہ گیا ہے۔ میں اب بھی یہ کہتا ہوں کہ یقیناً یہ ایک بہت اچھی کوشش ہے اور اس کے پیچھے جو نیت ہے وہ بھی یقیناً بہتر ہوگی اس لئے کہ اگر اس نیت میں کوئی کمی ہوئی تو یقین جانیئے کہ نہ لانے والے رہیں گے اور نہ وہ رہیں گے جن کے لئے بل لایا جا رہا ہے، جنہیں ہم مسلمان کہتے ہیں، جنہیں ہم پاکستانی کہتے ہیں۔

جہاں تک نوٹس کو دیکھنے کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ان کو دیکھنے کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہی ہے۔ میں نے ایک بات یہاں عرض کی ہے اور میں نے الفاظ دو دفعہ سنے ہیں کہ ہم یہاں پندرہ سو سال پہلے بدوؤں کے نظام کو نہیں لانا چاہتے۔ میں اپنے ان دوستوں سے یہ عرض کروں گا کہ اگر ان کے یہ جذبات تھے تو کم از کم ان کو یہ تو حیا کرنا چاہیئے تھی کہ یہاں باقی تو سارے مسلمان بیٹھے ہوئے ہیں ان کے جذبات کو یہ کہہ کر ہم ٹھیس لگا رہے ہیں۔ پندرہ سو سال پہلے جن پر یہ قرآن نازل ہوا ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہ انسانیت کی معراج ہیں، یہ امام المرسلین ہیں، یہ وہ ہیں جن کے لئے پوری کائنات کو وجود میں لایا گیا اور اس پر اللہ تعالیٰ نے قسمیں کھائیں۔ یہ اس وقت کے ہی پاک باز لوگ تھے، حالانکہ اسلام اس وقت اقلیت میں تھا لیکن اس کے باوجود قیصر و کسریٰ کے تخت جو تھے وہ لرز رہے تھے اس وقت کی اقلیت کے گھوڑوں کی ٹاپوں کے نیچے روندے گئے ------ اور آج ہمارا کیا حال ہے۔ ہم تو ہر بات کے لئے بھیک مانگ رہے ہیں، ہم قوموں کی صفوں سے نکل چکے ہیں۔

میں جناب چیئرمین! اتنا عرض کروں گا کہ اس بل کو ضرور لایا جائے۔ اسے اس ہاؤس سے بھی پاس کیا جائے اور یہ بات بھی زیر غور ہونی چاہیئے کہ خدانخواستہ اس ملک میں شریعت بھی ناکام ہو گئی تو ہمیں بتائیں کہ پھر ہمارا راستہ کون سا ہو گا، ہماری منزل کون سی ہو گی، ہم جائیں گے کہاں، ہمارا حال کیا ہو گا، ہمیں چھوڑیں ہماری بہو بیٹیوں کا کیا حال ہو گا، اس دھرتی کا کیا حال ہو گا، خدانخواستہ اگر یہ آزاد قوم محکوم بن گئی تو ایک آزاد قوم جب محکوم بن جاتی ہے تو اس کا جو حال ہوتا ہے اللہ معاف کرے، وہ دیکھنے

کے قابل ہوتا ہے۔ اس لئے جناب چیئرمین! میں یہاں موصوف سے عرض کروں گا کہ جہاں تک بل میں جلدبازی کی بات کی جا رہی ہے، یہ تو کوئی جلدبازی کی بات نہیں ہے۔ پچھلے ۴۳ سال سے اس بات انتظار ہو رہا تھا۔ لوگ شریعت چاہتے ہیں، لوگ مانگتے ہیں لیکن وہ اس شریعت کو اس لئے مانگتے ہیں کہ یہاں امن و امان قائم ہو، ان کو سکون میسر ہو، ان کے رات دن آرام سے گزریں، وہ یہ سمجھیں کہ ہمارے گاؤں کا، ہمارے شہر کا، ہمارے تھانے کا، ہماری تحصیل کا، ہمارے ضلع کا، ہمارے صوبے کا، ہمارے شہر کا، حاکم جاگ رہا ہے، اس لئے ہم آرام سے سو جائیں۔ ہم یہ صورت حال اس بل سے پیدا کریں۔ اگر ہم یہ صورت پیدا نہ کر سکے تو حالات مختلف ہوں گے۔

ہم اس میں ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ شریعت سپریم لاء ہو گا اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ آئین اپنی جگہ موجود رہے گا۔ یہ اس بل میں کہا گیا ہے کہ یہ بل اس آئین کو affect نہیں کرے گا۔ یہ پارلیمنٹ پرaffectنہیں کرے گا۔ یہ فلاں چیز پرaffect نہیں کرے گا، یہ فلاں چیز پرaffectنہیں کرے گا۔ تو میں پوچھتا ہوں کہ یہ پھر سپریم لاء کیسے ہو گیا۔ ہم کہتے ہیں اسے آپ اس کے اپنے مقام پر رکھیں جو اس کا مقام ہے یعنی جہاں توحید کا ذکر ہے وہ غیرمتبدل ہو یہ چیز تبدیل نہ ہو سکے۔ اسلام میں جو عدل کا نظام ہے، اسے متحرک رکھا جائے، اس کو زمانے کے تغیرات سے پاک رکھا جائے جیسے ہے ویسے ہی رہنے دیا جائے۔

جناب چیئرمین! آج کی آپ کی نسل، آج کی نوجوان نسل آپ سے جدید نظام چاہتی ہے۔ ایک ایسا جدید شرعی نظام چاہتی ہے جو آپ کو ٹیکنالوجی سے ہمکنار کر سکے، جو آپ کو سائنس سے ہمکنار کرے، جو آپ کو دوسری قوموں کے مقابلے کے لئے تیار کر سکے۔ نوجوان نسل ایک ایسا نظام چاہتی ہے۔ جناب والا! یہاں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مولویوں کا بل ہے، نہیں ایسا، نعوذباللہ نہیں بلکہ یہ پندرہ کروڑ جو مسلمان بستے ہیں ان کا بل ہے، یہ پوری امت کا بل ہے۔ یہ لا الہ الا اللہ کہنے والوں کا بل ہے۔ اس کو ہم سب مانتے ہیں، اس کو ہم سب چاہتے ہیں لیکن ہم اس کو پوری شدومد سے چاہتے ہیں۔

میں ان چند دوستوں کی اس بات سے اتفاق کروں گا کہ اس کو کاغذ کا چیتھڑا نہ بنائیں، یہ شریعت بل ہے۔ یہ ہمارا نظریہ ہے۔ یہ ہمارا ایمان ہے۔ یہ ہمارا ایمان و یقین ہے۔ اگر خدانخواستہ یہ لٹ گیا تو ہم کسی کام کے نہیں رہیں گے اور ہمارا کوئی مقام نہیں ہو گا۔

جناب عالی! میں نے عرض کی تھی، ہمارے لاء منسٹر تشریف فرما ہیں، تاریخ بار بار موقع نہیں دیتی اس لئے اگر موجودہ سسٹم کو تبدیل کرنا ہے اور یہ مزید چل نہیں سکتا، اگر اس ملک میں شریعت لانی ہے تو پورے طریقے سے لائیں۔ اللہ نے فرمایا ہے کہ اسلام کی حفاظت تو میں کروں گا اگر خدانخواستہ ہم حفاظت نہ کر سکے تو اللہ تو کرے گا لیکن ہماری حفاظت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ اس لئے میں ان سے یہ عرض کروں گا کہ بہت سے اچھے کاموں کے ساتھ ساتھ یہ ایک اور اچھا کام ہو گا اور قابلِ فخر کام ہو گا، اس کے مکمل کرنے کے بعد پوری قوم فخر سے سر اٹھا کر چل سکے گی۔ خدا کرے جس کام میں آپ نے ہاتھ ڈالا ہے یقیناً سب ہی کہتے ہیں کہ بڑی اچھی ابتدا ہے لیکن اس کی ابتدا اور انتہا کو ساتھ ساتھ شامل کیا جائے۔ آج ابتدا ہے تو کل اس کی انتہا ہو۔ اس لئے ہم مشکور ہیں شریعت بل لانے والوں کے، ہم ان کے ساتھ ہیں اور میں جو سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں شریعت کی مخالفت کی گئی، کسی نے نہیں کی، یہاں اپوزیشن کے ممبران نے بھی شریعت کی مخالفت نہیں کی ہے لیکن کمزور شریعت کی مخالفت یہ پورا ہاؤس کرتا ہے۔ اس لئے میں اپنے محترم منسٹر صاحب سے یہ کہوں گا کہ خدا کے لئے اگر آپ نے اس ملک میں چیلنج لینے اور اسلامی فلاحی مملکت بنانے کا ارادہ کر ہی لیا ہے تو خدا آپ کو کامیاب کرے اور یقیناً آپ کامیاب ہوں گے لیکن اس کو پوری شدومد کے ساتھ کریں، خلوص سے کریں، کسی کی پرواہ نہ کریں۔ خواہ امریکہ ہو یا ہمارے ہاں کی اندرونی سازشیں ہوں، ہم جانتے ہیں کہ آئین بدلے لیکن رولز آف بزنس آج تک نہیں بدلے اس لئے میری منسٹر صاحب سے درخواست ہے کہ اس بل کو مکمل حیثیت سے لائیں اور میری دعا ہے کہ خدا اس پاکستان سے شریعت کے مکمل بالادستی اور عملی فیض سے بہرہ ور کرے۔ آمین شکریہ

جناب پریذائڈنگ آفیسر : شکریہ جناب آصف فصیح الدین وردگ صاحب۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ : جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ گو اس بل میں اس کی زبان، اس کی طرز، اس کی ڈرافٹنگ اور لینگویج کوئی ایسی خوش کن نہیں ہیں اس کے باوجود میں آپ کی توجہ ان کی طرف مبذول نہیں کراؤں گا۔ میں امید کروں گا کہ بعد میں کسی سٹیج پر اس میں ترامیم کے ذریعے اس کی زبان اور تنظیم کا سلسلہ درست کر دیا جائے گا۔ میں صرف یہ سمجھتا ہوں کہ ہاؤس کے سامنے میں اپنی رائے رکھوں۔ یہ بل ایک روایتی ایکٹ یا بل کے طور پر نہیں ہے۔ اس میں جو آج تک پہلے پاکستان میں نہیں ہوا یعنی حکومت کی خواہشات، پروگرام اور منشور قوم کے سامنے رکھا گیا ہے جو اس بل کی شقوں میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ دراصل آئی جے آئی کا منشور ہے اور مسلم لیگ کا منشور ہے جس کو

ایک بل کی حیثیت سے ہاؤس کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ اس کےoperative sectionsجن پر عدالتیں یا حکومت یا کوئی ادارہ عملدرآمد کروا سکتا ہے وہ سیکشن نہ ہونے کے برابر ہیں۔ بنیادی طور پر یہ نیک تمناؤں اور خواہشوں کا ایک مجموعہ ہے۔ میں پروفیسر خورشید صاحب اور بہرہ ور سعید صاحب سے مکمل اتفاق کرتا ہوں کہ شاید اس بل میں سب سے عمدہ بات یہ ہے کہ فرقہ واریت سے بچنے کے لئے اور فرقہ واریت کو اسلام اور شریعت سے بالا کرنے کے لئے یہ جو تشریح کی گئی ہے شریعت کی یہ بہت اہم ہے اور ساری اسلامی دنیا کے حساب سے بہت اہم تشریح ہے۔ اور میں اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ان لوگوں کو جنہوں نے اس بل کی ساخت کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت، پرائم منسٹر اور یہ کمیٹی اس بات کے لئے بھی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے جو ایک وعدہ قوم سے کیا تھا کہ ہم ملک میں شریعت نافذ کریں گے اس کے لئے انہوں نے اتنی جلدی پہلا قدم اٹھا لیا گو کہ ان کے اوپر اور بہت مسائل سارے وقت لگے رہے لیکن اس کے باوجود یہ پہلا قدم اٹھا لیا۔ اس کو یقینی طور پر پہلا قسم ہی تصور کرنا چاہیئے چونکہ اس میں جو خواہشات اور تمنائیں ہیں کہ وہ اور قوانین لائیں گے لازماً وہ اور قوانین جلد ہی لائیں گے۔ جیسے میرے بھائی نے فرمایا یہ کمزور بل نہیں ہونا چاہیئے۔ اس کو قوت تب ہی ملے گی جو گیارہ قوانین ان کے زیرغور ہیں اور آئینی ترمیم جو بھی ان کے زیرِغور ہے جب وہ سامنے آئیں گی تب یہ شریعت کی سیڑھی تک پہنچنے کا سلسلہ بن سکے گا۔

بعض بھائیوں نے کچھ چیزیں اعتراضات کے طور پر پیش کیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ایک دو چیزوں کی طرف ریفر کرتا چلوں۔ ایک بات میں عرض کر دوں کہ اس بل میں بعض چیزیں غیر ضروری بھی ہیں جوآئین میں پہلے ہی دی گئی ہیں۔ ان کی کوئی ایسی ضرورت نہیں تھی۔ جیسے سیکشن ۷ ، ۸ کے لئے کسی بل کی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت خودcommittees form کر سکتی ہے۔ یہ حکومت کے رولز آف بزنس میں ہے، جب بھی وزیراعظم چاہیں ایسا کر سکتے ہیں Islamization of Education کے لئے یاIslamization of economy کے لئے یا Teaching of Shariah کے لئے کمیٹی قائم کر سکتا ہے یا ہدایات جاری کر سکتا ہے یا لازماً حکومت خود اپنےformulate a code of conduct for government functionaries مرتب کر سکتی ہے۔code of conduct ان چیزوں کو اس ایکٹ میں لانے کی ضرورت نہیں تھی اور بعض چیزیں جو پہلے ہی دستور میں موجود ہیں یہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ جو بل ہے Constitutional Legislationہے۔ جو پہلے ہی دستور میںguranteesموجود ہیں ان کو بل میں لانے کی ضرورت نہیں تھی۔ صرف یہ ہے کہ بعض لوگوں کے خدشات کو دور کرنے کے لئے یہ چیزیں دہرا دی گئی ہوں، کوئی ان کی ایسی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ مثال کے طور

پر یہاں لکھا ہے:-

"Notwithstanding anything contained in this Act the rights of women as guranteed by the Constitution shall not be affected. In any case, the rights of the women shall not be affected by this Bill. This is a sub-constitutional legislation.

چند باتیں جو میرے بھائیوں نے کہیں ان کے متعلق ہاؤس کی توجہ آپ کی وساطت سے مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے میرعبدالجبار صاحب نے فرمایا یہ نہ شیڈول I اور شیڈول II میں ہے فیڈرل لسٹ یا کنکرنٹ لسٹ میں یہ دیا نہیں گیا کہ ہم شریعت کا قانون نافذ کریں، نیشنل اسمبلی یا پارلیمنٹ یہ نافذ کر سکے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اعتراض دور ہو جاتا ہے اگر صرف یہ دیکھا جائے کہ قراردادِمقاصد اب دستور کا ایک حصہ ہے اور اس قراردادِمقاصد میں آئین ساز اسمبلی نے خود یہ کہا ہے کہ ہمیں چاہیئے کہ ہم ملک کو اسلامی طرز پر لائیں اور اسلامی طرز پر لانے کے لئے لازماً پھر شریعت بل اور دوسرے بل لانے پڑتے ہیں۔

ایک اور بات یہاں آئی کہ آیا یہ ملک multi-national ہے یا نہیں ہے۔ اخونزادہ صاحب نے فرمایا کہ قرآن صرف اس حد تک nationality کی اجازت دیتا ہے کہ لوگوں کو they should be recognized as such کہ لوگوں کی شناخت ہوسکے، اس حیثیت میں سمجھتا ہوں کہ نیشنلٹی کا مقصد ہی یہ ہے کہ لوگوں کی شناخت ہو سکے۔ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو پٹھان کہتا ہوں کہ نیشنلٹی کا مقصد ہی ہے کہ لوگ recognize کریں۔ کہ اس کا ایک کلچر ہے، اس کی ایک زبان ہے، اس کی ایک شناخت ہے، اس کا ایک لباس ہے۔ یہ تمام چیزیں لوگوں کو recognizes اگر اسی طرح سے کوئی شخص اپنی سندھی Indentity کو recognize کرانا چاہتا ہے تو آج کی زبان میں وہ اسے naionality کے حساب سے کہتا ہے جیسے قرآن کی اصطلاح میں recognition کے حساب سے کہا گیا اس لئے اس کا اسلام کے ساتھ کوئی تضاد نہیں ہے کہ ایک multi-national state پاکستان ہو multi-national state ہوتے ہوئے بھی مسلم امہ کا ہم پھر بھی ایک حصہ رہتے ہیں۔ چاہے ہم پٹھان ہوں چاہے بلوچ ہوں چاہے کوئی اور ہوں۔ اب آج سندھ کے جو اصحاب ہیں وہ اپنے آپ کو سندھی کہلاتے ہیں۔ حالانکہ ethnically ان میں سے بہت کم سندھی ہیں۔ Linguistically اور کلچرلی سندھی ضرور ہیں۔ اس لئے یہ recognition کی بات ہے۔ اس پر کوئی ناراض ہونے کی بات نہیں ہے، اور اسے متضاد تصور نہیں کرنا چاہیئے۔ نہ پاکستانی نیشنلٹی سے اور نہ اسلامک امہ سے۔

یہ متضاد ہے ہی نہیں۔ یہ ایک ذیلی چیز ہے۔

دوسری چیز جو سامنے آئی وہrights of prosvinces ہے، ہمارے دوست جتوئی صاحب نے as usual provinces کے rights پر بہت زور دیا بغیر یہ سوچے بل میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو صوبوں کے (rights) چھین لے۔ بلکہ یہ بل جب سینٹ میں ڈسکس ہو رہا ہے۔ سینٹ خود سب سے بڑا bastion of the rights of provinces ہے۔ اگر صوبے نہ ہوں تو سینٹ ہی نہیں ہوگا۔یہ تو صرف فیڈرل سٹرکچر میں ہی سینٹ ہوتا ہے جس میں یہ بل زیر بحث آیا۔ اس لئے صوبوں کے حقوق پر کوئی غاصبانہ حملہ اس بل کے ذریعے نہیں ہو رہا نہ کوئی ایسی بات سامنے نظر آتی ہے۔

پھر ہمارے ایک دوست نے فرمایا کہ یہ ہوم لینڈ آف مسلمز بنایا گیا تھا۔ اگر (مسلمان کے لئے) بنایا گیا تھا تو وہ فرماتے ہیں کہ شریعہ کے نفاذ کے لئے نہیں بنایا گیا تھا تو کیا یہ کفر کے نفاذ کے لئے بنایا گیا تھا۔ لینڈ آف مسلمز اسلام کے نفاذ ہی کے لئے بنایا گیا تھا کسی اور چیز کے لئے تو نہیں بنایا گیا تھا اس لئے اگر ہوم لینڈ آف مسلمز ہے اور یقیناً ہے اور میں سمجھتا ہوں تمام برصغیر کے مسلمانوں کا اس ہوم لینڈ پر حق تو ہے اگر یہ ہوم لینڈ ہے یہاں اسلام کا نفاذ ایکlogical step ہے جو بہت پہلے لے لینا چاہئے تھا جو اب لیا جا رہا ہے، میں سمجھتا ہوں یہ بڑی اچھی بات ہے۔

پھر یہاں یہ بحث بہت چلی کہ علامہ اقبال اور قائداعظم نے کیا فرمایا کہ آیا وہ سیکولر سٹیٹ چاہتے تھے یا وہ اسلامک سٹیٹ چاہتے تھے اور انہوں نے کن خیالات کا اظہار کیا۔ میں سمجھتا یہ بحث اس وقت گوrelevent ہے، اس سے انسان ان کی سوچ اور فکر سے استفادہ کرسکتا ہے لیکن اگر ہم اس ملک میں اسلام لانا چاہتے ہیں تواس لئے نہیں کہ شاید قائداعظم نے پہلی مرتبہ اسلام کے متعلق سوچا اور ہمیں اسلام دیا یا علامہ اقبال نے اسلام کا سوچا اور ہمیں کہا کہ ہم اسلامک سٹیٹ بنائیں ۔ ہم تو اس لئے اسلام چاہتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں اور یہ مسلمانوں کا وطن ہے اور یہ مسلمانوں کے وطن کی حیثیت سے قائم ہوا چاہے کسی نے قائم کیا، چاہے اس کیintention کچھ بھی تھی آج بھی ایسی اکثریت جو تقریباً Unanimity تک پہنچتی ہے، چاہتی ہے کہ اس ملک میں اسلام کی بالادستی ہو، اسلام کا دور دورہ ہو اور اسلام کا نظام رائج کیا جائے۔ اس میں ضرور اختلاف ہو سکتا ہے کہ اسلام کا نظام کیا ہے اور کیا نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اختلاف ہر چیز کے بارے میں ہوتا ہے۔ اس ایوان میں کوئی ایسا نہیں ہے جو یہ کہے کہ ہم ڈیموکریسی نہیں چاہتے۔ ہر ایک کہتا ہے کہ

ڈیموکریسی ہو- ہر ایک کہتا ہے کہ اس ڈیموکریٹک سسٹم کو قائم رکھنا بہت ضروری ہے- لیکن کیا ہر ایک یہ نہیں جانتا کہ ڈیموکریسی کے متعلق مختلف آراء ہیں- اور اس لئے ہم ڈیموکریسی کو ریجیکٹ کرتے ہیں اور اس کے متعلق مختلف آراء ہیں- آج ہم اسلام کو کیوں ریجیکٹ کریں- یا اسلام کے نفاذ کے متعلق کیوں ہچکچائیں- کیونکہ اس کے متعلق مختلف آراء ہیں- اعتزاز احسن صاحب نے ایک اخباری بیان میں فرمایا کہ چونکہ اسلام کے متعلق مختلف آراء ہیں اور ایک دوسرے کو کافر کہتا ہے اس لئے اسلام کا نفاذ ہی نہیں ہونا چاہیئے- بھئی پھر ڈیموکریسی کی کیوں بات کرتے ہو- شاید ان کے پہلے لیڈر، جو پھانسی لگا، اسی لئے، ڈیموکریسی کی بات کرنی چھوڑ دی تھی- اور ڈکٹیٹر شپ کی بات کرتا تھا کیونکہ اس کے متعلق مختلف آراء تھیں اسی سوچ پر یہ حل رہے ہیں-

میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی مسئلہ پر اگر رائے کا اختلاف ہو تو اس سے تو مزید ایک منہم و فکر میں وسعت آتی ہے- اس لئے اختلاف رائے سے گھبرا کر اسلام کے نفاذ سے ہچکچانا نہیں چاہیئے بلکہ اسلم کا نفاذ ہونا چاہیئے باوجود اختلاف رائے کے... اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر نیشنل اسمبلی اکثریت سے اس بل کو پاس کر سکتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ اختلاف رائے بل کے پاس ہونے میں کوئی ایسی رکاوٹ نہیں بن سکتا-

پھر ایک (نکتہ) سلسلہ آیا کہ Constitution اور بل کا تضاد- کیونکہ اسپر وزیراعظم کا بیان بھی آچکا ہے اور لاء منسٹر کا بھی اور ایوان میں بھی لاء منسٹر نے کہا ہے کہ آئینی ترمیم کی بھی تجویز (زیر غور) ہے- اس لئے یہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ بل sub-contitutional legislation ضرور ہے، یہ Constitution نہیں ہے اس لئے اس کا تضاد آئین سے ہو ہی نہیں سکتا- نہ یہ constitutional provision سے بالا ہے- ان پر حاوی نہیں ہے کسی صورت میں یہ ان کے تابع نہیں رہے گا جب تک constitutional amendment سے کوئی اور constitutional provision تبدیل نہیں ہوتی تب تک یہ بل ایک بل ہے اگر یہ نہیں ہو جاتا ہے تو ایک ایکٹ ہوگا- جو ہر لحاظ سے آئین کے تابع رہے گا- جو کچھ بھی اس میں آپ کہہ دیں، اس کو آپ سپریم لاء کہہ دیں، سپر لاء کہہ دیں- سپر مین لاء کہہ دیں، جو چاہے کہہ دیں- یہ آئین کے تابع رہے گا- اس لئے وہ worry نہیں ہے-

ایک اور بات ملا کے متعلق- ہمارے بعض دوست ملا کو گالیاں دیتے رہے- بعض لوگ seculartists کو برا بھلا کہتے رہے- میں سمجھتا ہوں کہ بل شاید دونوں کی منشا پر پورا نہیں اترتا- اس میں کہیں ملا کو کوئی بالادستی نہیں دی گئی اور اس میں secularists کو ضرور ایک حد

تک مایوسی ہو گی کہ اس ملک میں شریعہ کا نفاذ ہو رہا ہے۔ اور dialectical matarialism جسے دنیا نے اس وقت مسترد کر دیا ہے آج بھی اس کے پیروکار ہیں۔ ان کو یقیناً تھوڑا بہت اس سے اختلاف ہو گا اس بنیاد پر، کیونکہ یہ نہ سیکولر ہے اور نہ ملا کا بل ہے۔ یہ مسلمانوں کا بل ہے۔ ان مسلمانوں کا جو اس ملک میں شریعہ کا نفاذ چاہتے ہیں۔

ایک چھوٹی سی چیز کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں لاء منسٹر صاحب کی۔ وہ یہ کہ اس میں سیکشن ۱۸ ہےinternational financial obligationsاور اس پر پروفیسر خورشید صاحب نے فرمایا کہ مجھے اس پر تھوڑا سا اعتراض ہے کہ یہاں انٹرسٹ کا مسئلہ چلتا رہے گا۔ تو میں پروفیسر صاحب سے یہی گزارش کروں گا کہ اسلام نے ہمیشہ اپنے عہد و پیمان کا بڑا پاس رکھا ہے اور جب بھی کوئی معاہدہ کیا ہے اس کی پابندی مکمل طور پر کی ہے۔ اگر ہم نے معاہدے کئے ہیں، بین الاقوامی معاہدے کئے ہیں کہ ہم اس حساب سے پیسہ لوٹائیں گے تو ہمیں لازماً اسی حساب سے پیسہ لوٹانا چاہیئے۔ یہ شق ہو یا نہ ہو اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں یہ جو تھوڑی سی بات کہی گئی ہے

till an alternative system is introduced

یہ بات اگر نہ کہی جاتی تو بہتر تھا۔ اس سے خوامخواہ بیرون ملک خدشات پیدا ہوں گے کہ شاید یہ alternate system introduce کریں گے اور اس سے ہمارے معاہدے بھی متاثر ہوں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بات واضح رکھنی چاہیئے کہ جو ہمار ے معاہدے ہیں کسی بھی ملک سے، اس کے ہم پابند ہوں گے، مسلمان کی حیثیت سے یہ پابندی کرنا ہمارا فرض بنتا ہے اور ایک سٹیٹ کی حیثیت سے جو ایکsolemn agreement کرتی ہے اس حساب سے بھی یہ پابندی ہمارا فرض ہے۔ میں اس بل کی تمام تر کمزوریوں اور خامیوں اور یہ جانتے ہوئے کہ یہ پہلا قدم ہے، کے باوجود میں سمجھتا ہوں اور میں اپنے بھائیوں سے بھی یہ درخواست کرتا ہوں، تاکہ اس میں مزید تاخیر نہ ہو، فوری طور پر یہ بل ایکٹ بن جائے اور اس ملک میں مسلمانوں کی جو ایک امنگ ہے، ایک خواہش ہے، ایک عرصے سے کہ اسلامی شریعت کا نفاذ ہو، اس کا پہلا قدم لے لیا جائے اورstatute book پر وہ جلد از جلد آجائے ورنہ اگر اس میں کسی قسم کی ترمیم کرتے ہیں تو اب قومی اسمبلی میں بجٹ اجلاس ہو جائے گا، اس میں یہ بل نہیں آسکے گا اور بجٹ اجلاس کے بعد پھر مشترکہ اجلاس ہوگا اس کے بعد اس بل پر وہاں بھی تقاریر ہوں گی نئے مسائل آئیں گے، نئی باتیں آئیں گی اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ بغیر کسی ترمیم کے جب کہ ہمیں یعنی اس ایوان کو یہ کریڈیٹ ہے کہ اس ایوان میں حکومت نے پیش نہیں کیا، حکومت نے مخالفت کی اس کے باوجود ہم نے پرائیویٹ ممبرز شریعت بل کو سامنے رکھتے ہوئے ایک شریعت بل پاس کیا اور قومی اسمبلی

کو بھجوایا اور ہم نے متفقہ طور پر پاس کیا اس لئے میں استدعا کروں گا کہ ہمیں کوشش کرنی چاہیئے کہ اس بل کو بھی ہم متفقہ طور پر جلد از جلد پاس کرکے ایکٹ بننے دیں اور اگر اس میں کوئی ترامیم، کوئی کمزوریاں ہوں تو بعد میں ان کے لئے ترمیمی ایکٹ لایا جا سکتا ہے، بہت بہت شکریہ!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ! آج کے آخری مقرر جناب لالیکا صاحب ہیں، میرا خیال ہے کہ انہیں زبان اور خیالات پر اتنی دسترس حاصل ہے کہ وہ چار پانچ منٹ میں اپنے خیالات کا اظہار کرسکیں۔

جناب عالم علی لالیکا: شکریہ جناب چیئرمین! میں بقول مرزا غالب کے عرض کروں گا کہ مختصر کہنے کی کرتے ہیں فرمائش

گوئم مشکل وگرنہ گوئم مشکل ۔

جناب والا! میں اپنے سینیٹر بھائیوں کی بصیرت انگیز، بصارت آموز تقاریر سے عرق فراست کشید کرنے کی سعی کرتا رہا ہوں جناب والا! قیام پاکستان کے بعد نفاذ شریعت کے لئے علماء کانفرنس ۱۹۸۵ء سے پہلے ہوئی تھی جس میں تمام مسالک کے علما نے متفقہ طور بر ایک فارمولا بنایا تھا جو کہ سینٹ میں پیش کردہ شریعت بل کی بنیاد تھا اور جناب والا! اسی بنیاد پر ۱۹۸۵ء میں شریعت بل' پرائیوٹ بل کے طور پر پیش کیا گیا تھا۔ جناب والا! مختلف مراحل سے گزر کر ۱۳ مئی ۱۹۹۰ء کو شریعت بل پاس کرنے کی سعادت اس سینٹ کو حاصل ہوئی اور ماشاء اللہ سینیٹ نے متفقہ طور پر اس کو پاس کیا تھا جناب والا! میں پارٹی ڈسپلن کا پابند ضرور ہوں لیکن اجتماعی دانش کا ثنا خواں و مداح ۔ پہلے جناب والا! موجودہ شریعت بل پر قومی اسمبلی کے ممبران اور سینٹ کے ممبران پر مشتمل کمیٹی نے بڑی عرق ریزی کی، بڑی سوچ و بچار کی، بڑا غور فکر کیا اور ان کے اس غور و فکر کے بعد میرے لئے اس پر نکتہ چینی کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی میں سمجھتا ہوں ان حضرات نے مسلمان ہوتے ہوئے، مجھ سے بہتر مسلمان ہوتے ہوئے دین اسلام کی خاطر جو کاوش سعی کی ہے وہ قابل صد ستائش ہے۔

جناب والا! مقام افسوس ہے کہ ہم رومن لاء اینگلو سیکسن لاء برطانوی قوانین کے ترازو میں شریعت بل کو تولتے ہیں جناب والا! برطانوی قوانین لارڈ میکالے نے بنائے تھے اب

لارڈ میکالے کون تھا، کیا تھا، بہرحال میرا ایمان ہے کہ مسلمان نہیں تھا یا یہودی تھا یا عیسائی تھا اور اس بارے میں سورۃ مائدہ کی ۹۱ ویں آیات کا ترجمہ پیش کرتا ہوں۔

"یہودیوں اور عیسائیوں کو رفیق نہ بناؤ اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں کہ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو یہودیوں اور عیسائیوں کو رفیق نہ بناؤ یہ آپس ہی میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور اگر تم میں سے ان کو اپنا رفیق بناتا ہے تو اس شمار کا بھی پھر انہی میں ہے یقیناً اللہ تعالی ظالموں کو اپنی رہنمائی سے محروم کر دیتا ہے تمہارے رفیق تو حقیقت میں صرف اللہ اور اللہ کا رسول اور وہ اہل ایمان ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ کے آگے جھکنے والے ہیں"

جناب! یہ صرف ان کو دوست بنانے کے متعلق ہے چہ جائیکہ ہم ان کے بنائے ہوئے قوانین کے ترازو میں شریعت بل کو پرکھنے کی اور تولنے کی کوشش کر رہے ہیں جناب والا! یہ بات ریکارڈ پر آ چکی ہے کہ اسی ہندوستان میں فقہ حنفی ایک زمانہ تک رائج رہی، فقہ تاتاری رائج رہی، فتاوی عالمگیری رائج رہا یہ سب کچھ، یہ رومن لاء، یہ اینگلو سیکسن لاء، یہ برطانوی لاء، یہ سب چیزیں ان سے پہلے تھیں۔ مجھے افسوس ہے جناب والا! غلامی کے بارے میں ذکر ہوا کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے غلامی ختم نہیں کی تھی۔ جناب والا! میں تو یہ کہوں گا کہ جسمانی غلامی سے ذہنی غلامی بدتر ہے۔ اور ہم اس ذہنی غلامی میں آج تک چلے آرہے ہیں کہ ہم شریعت جیسی مقدس بات کو ان گھناؤنے اور ذلیل قوانین کے روپ میں، کے آئینے میں دیکھتے ہیں۔ جناب والا! شریعت بل کی شق ۳ پر بڑا بحث و مباحثہ ہوا ہے کہ یہ سپریم لاء ہونا چاہیئے، قرآن و شریعت قانون کا سرچشمہ ہونا چاہیئے اور اس سلسلے میں یہ تاویلیں دی گئی ہیں کہ اگر اس کو ہم سپریم لاء بنا دیں گے تو ہم staticہو جائیں گے۔ ہم میں (حرکت) نہیں رہ جائے گی۔ جناب والا! اسلام مذہب نہیں بلکہ دین ہے اور ازل سے ابد تک مکمل ضابطہ حیات ہے، جناب والا! میں سلطان صلاح الدین ایوبی کی مثال پیش کروں گا جو فاتح بیت المقدس تھا جس نے رچرڈ سوم کو کس طرح ہرایا تھا۔

جناب والا! اب ایٹم بم بھی موجود ہے، سکڈ میزائل بھی موجود ہے، ایف ۱۶ بھی موجود ہے اور بیت المقدس بھی آزاد نہیں ہے۔ جناب والا! اگرdynamismاس چیز کا نام ہے اورstaticاور فرسودہ ہونا اس چیز کا نام ہے تو اب عوام اس کا فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کیا چیز بہتر تھی اور کیا غلط ہے۔

جناب والا! یہ درست ہے کہ اللہ تعالیٰ سے رشتہ ہر مسلمان کا انفرادی ہے اور ہر مسلمان کو اپنی انفرادی جوابدہی کرنی ہے اور جناب والا! احکام الٰہی کے بارے میں کوئی قانون، کوئی ضابطہ، کوئی چیز کسی مسلمان کو پابند نہیں کرسکتی البتہ معاشرہ میں ہر مسلمان کو کچھ حدود اور قیود کا پابند ہونا پڑے گا جناب والاstatic ! زمانے کا محمد بن قاسم عرب سے ایک بچی کی فریاد پر سندھ میں آکر راجہ داہر کو شکست دیتا ہے۔ اس کی دندان شکنی کرتا ہے اور جناب والاdynamism ! کے زمانے میں کتنی عورتوں کے بھائی، کتنی عورتوں کے بچے، کتنی بیویوں کے خاوند مقید ہیں، کیاdynamism اسی کا نام ہے کیا فرسودگی اسی کا نام تھا۔ جناب والا! میں مانتا ہوں کہ شریعت سے مسلمان کو محبت ہے لیکن اس سے زیادہ معاشرتی انصاف کہ وہ متمنی اور منتظر ہیں جناب والا قرارداد مقاصد تو صرف پاکستان ہی کے لئے تھی۔ میں جناب والا! خطبہ جمعۃ الوداع کو انسانی حقوق کا چارٹر مانتا ہوں۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کا چارٹر مانتا ہوں۔ جناب والا! معیشت کو اسلامی خطوط پر لانے کی کاوش بل میں موجود ہے۔ بے راہ روی کے ناسور کو جو ہم عرصہ سے اس پر چلے آرہے ہیں ختم کرنے میں ضرور کچھ وقت لگے گا۔ جناب والا! اسلامی اقدار کے فروغ کے لئے ذرائع ابلاغ کا استعمال بھی قابل تحسین ہے۔ رشوت اور بدعنوانی کے خاتمے کے لئے قانون سازی کی گنجائش موجود ہے۔

جناب والا! رشوت کا موجودہ قانون یہ ہے اس پر مجھے حیرت ہوتی ہے یہ مضحکہ خیز ہے کہ رشوت دینے والا اور رشوت لینے والا آپس میں ہم کلام ہوں اور ان کو پکڑنے والا سلیمانی ٹوپی اوڑھ کر نہ صرف ان کی حرکات و سکنات دیکھ رہا ہوں بلکہ ان کی کھسر پھسر بھی سن رہا ہوں اور رشوت لینے والا پیسے لے کر اس کے سامنے اپنی جیب میں ڈال لے اور جب رشوت خور پکڑنے والا اس پر ہاتھ ڈالے تو رشوت لینے والا اپنی گرہ سے، اپنے ہاتھ سے پیسے نکال کر رشوت لیے ہوئے پیسے پیش کرے تب جا کر جناب والا! وہ قانوناً رشوت خوری کا مرتکب ہوتا ہے۔ اب دیکھ لیجئے گا اس قانون کی فرسودگی کیا ہے۔ اس لئے رشوت خوری اور بدعنوانی کے خاتمے کے لئے قانون سازی کی گنجائش رکھ کر بھی ایک موقع فراہم کیا گیا ہے۔ جناب والا! فواحش کو ختم کرنے کے لئے قانون سازی کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ جناب والا! فواحش کا میں ذکر کروں تو شرم آتی ہے جناب والا! اب تو بلیو پرنٹس کا رواج دیہاتوں میں بھی عام ہو چلا ہے کیا جناب والا! اس کو روکنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب والا! معاشرتی برائیوں کی اصلاح کے لئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے لئے بھی گنجائش رکھی گئی۔ جناب والا! حقوق اللہ کی جہاں ضرورت ہے وہاں حقوق العباد کو اہمیت دی گئی ہے۔ بلکہ قرآن مجید میں حقوق اللہ کی نسبت حقوق العباد کو زیادہ اہمیت دی۔

جناب والا! نظامِ عدل، بیت المال، نظریاتی تحفظ ان سب چیزوں کے لئے کاوش قابلِ ستائش ہے۔ جناب والا! خواتین کے حقوق کے بارے میں بہت انگشت نمائی ہوئی ہے۔ مجھے افسوس ہے جناب والا! عورت کے چار روپ ہیں۔ ماں کے پاؤں تلے جنت ہے، یہ چیز صرف اسلام ہی نے دی ہے اور کسی مذہب نے، کسی سوسائٹی نے، کسی معاشرے نے اتنی اہمیت عورت کو نہیں دی جتنی اسلام نے دی ہے۔ جناب والا! بہن کی دعائیں باعثِ نزولِ رحمتِ ربی ہیں جناب والا! بیٹی ہے تو معصومیت اور عفت کا مرقع ہے جناب والا! بیوی ہے تو وفا شعار اور خدمت گار ساتھی ہے۔ اس سے زیادہ عورت کو کیا حقوق کوئی دے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ کوئی مذہب اور کوئی قانون کیا دے سکتا ہے۔ جناب والا! مغرب نے تو جس قدر عورت کی بے عزتی کی ہے اس کی مثال نہیں ملتی بلکہ انسانیت کی تضحیک کی ہے۔ جناب والا! ہم جنسی اس کی ایک واضح دلیل ہے۔ اس کے مضر اثرات کو خود مغرب والے اب ماننے لگے ہیں اور قرآنِ کریم میں بہت عرصہ پہلے قومِ لوط کو اسی بنا پر غرق کر دیا گیا تھا۔

جناب والا! اجماع کے بارے میں اظہارِ خیال کیا گیا ہے کہ شریعت بل کے بعد اجماع کی گنجائش نہیں رہے گی۔ میں حیران ہوں کہ سیکشن ۲۱ صرف اجماع ہی کے لئے ہے۔ جناب والا! قانون سازی صرف قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کرے گی یا یہ اجماع نہیں ہو گا۔ جناب والا! گو کہ عمالِ حکومت کے احتساب اور عملی زندگی کے فرائضِ منصبی میں شرعی امور کو ملحوظ رکھنے کو نظرانداز کیا گیا ہے۔ تاہم

تو ہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قد ترامی شناسم

جناب پریذائڈنگ آفیسر : میرے خیال میں اب conclude کریں۔

جناب عالم علی لالیکا: Conclude کر دوں۔ اطاعت کرو اللہ کی اور رسولؐ کی جو تم میں سے صاحبِ عمل ہو۔ جناب والا! ملائیت پر تنقید ہوئی ہے۔ تمام برائیوں کے باوجود ملا کا ایک احسان مسلمانوں پر اتنا عظیم ہے جس کا حساب ہم چکا نہیں سکتے۔ جناب والا! پانچ وقت منبر پر کھڑے ہو کر یہ آوازِ بلند وہ ہمیں آواز دیتا ہے، ہمیں وہ پکارتا ہے، اپنے فرض کی جانب ہمیں آواز دیتا ہے۔ جناب والا! ہم خود یہ کام کرنے لگ جائیں تو ملائیت خود بخود ختم ہو جائے گی۔ ہمارے بچے آکسفورڈ اور کیمبرج کی بجائے اسلامی تعلیمات حاصل

کرنے کے لئے جامعہ الازہر یا دینی مدرسوں میں تعلیم حاصل کرنے لگیں تو ملا سے ہمیں اختلاف نہیں رہے گا اور جناب والا! ستم ظریفی ہے کہ ملا کو برطانوی راج نے، انگریزوں نے کمیوں میں درج کیا ہوا تھا۔ موچی، تیلی، قصائی، دھوبی، درزی اور ان میں ایک پیشہ ملا کا بھی تھا۔ اب جب ہم اس قانون کے پیروکار ہوں تو ملا کی عظمت و عزت کہاں اچھی ہو سکتی ہے اور اس سے کیا توقع کی جا سکتی ہے۔ اس بیچارے کو تو عمل سے (کمی) بنا دیا گیا تھا۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر : شکریہ! لالیکا صاحب پندرہ منٹ۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب والا! بھوک و افلاس، بیماری، غربت، ناانصافی، استحصال، ظلم، گناہ ہیں اور چاروں الہامی کتابوں میں اس کا تذکرہ موجود ہے۔ جناب والا! میں شریعت بل کی تائید کرنے سے پہلے ------

جناب پریذائڈنگ آفیسر : ابھی تو سیکنڈ ریڈنگ ہونی ہے اس میں بھی آپ کو ------

جناب عالم علی لالیکا : اس میں جناب والا! میں نے امنڈمنٹس نہیں دی ہیں اور مجھے موقع نہیں ملے گا۔ میں آپ سے ملتمس ہوں کہ مجھے ۵ منٹ عطا فرما دیجئے گا۔ یہاں تک تو شریعت بل پر پرستارانہ نگاہ تھی جو نصیحت، جو خیالات میں حکومت تک پہنچانا چاہتا ہوں تو جناب والا! میں اس کی ابتدا سیرت النبیؐ سے ------ جناب والا! بادشاہ ایسا کہ پورا ملک اس کے زیرِ نگین اول اپنے آپ کو اپنے قبضۂ قدرت میں نہیں سمجھتا بلکہ خداوند تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں سمجھتا ہے کیا ہمارے عمالِ حکومت یہ کر سکیں گے۔ جناب والا! دولتمند ایسا کہ خزانے کے خزانے اس کے کندھوں پر لدے چلے آ رہے ہیں لیکن اپنے گھر میں مہینوں چولہا نہیں جلتا اور کئی کئی دن فاقوں میں گزرتے ہیں۔ کیا ہمارے اکابرین یہ کر سکیں گے۔ جناب والا! سپہ سالار ایسا کہ مٹی بھر نہتے آدمیوں کو لے کر اسلحہ سے لیس ہزاروں فوجوں سے مقابلہ کیا اور کامیاب رہا۔ حفیظ جالندھری صاحب فرماتے ہیں۔

ے تھے ان کے پاس دو گھوڑے چھ زین آٹھ شمشیریں
بدلنے آئے تھے ، یہ لوگ زمانے کی تقدیریں

جناب والا! صلح پسند ایسا کہ ہزاروں پرجوش جان نثاروں کی ہمرکابی کے باوجود صلح کی دستاویز پر

بلا تامل دستخط کر دیتا ہے۔ جناب والا! شجیع و بہادر ایسا کہ ہزاروں کے مقابلے میں تن و تنہا کھڑا ہو جاتا ہے۔ جناب والا! نرم دل ایسا کہ کبھی انسانی خون کا ایک قطرہ بھی اس نے اپنے ہاتھ سے نہیں بہایا ہے۔ جناب والا! باتعلق ایسا کہ عرب کے ذرے ذرے کی اس کو فکر، بیوی بچوں کی اس کو فکر، مفلس و نادار کی اس کو فکر، خدا کو فراموش کر دینے والی دنیا کی اصلاح کی اس کو فکر، غرضیکہ سارے سنسار کی اس کو فکر۔ کیا حکومت چلانے والے یہ کر سکیں گے۔ جناب والا! بے تعلق ایسا کہ اپنے خدا کے سوا کسی کو اس کی یاد ہی نہ ہو۔ اس نے کبھی اپنی ذات کے لئے اپنے کو برا کہنے والوں سے بدلہ نہیں لیا۔ جناب والا! اپنے ذاتی دشمنوں کے حق میں ہمیشہ دعائے خیر کی ہو اور ان کا بھلا چاہا ہو لیکن خدا کے دشمنوں کو کبھی اس نے معارف نہ کیا ہو اور حق کا راستہ روکنے والوں کو ہمیشہ جہنم کے عذاب سے ڈراتا رہا، جناب ولا! عین اس وقت جب ایک پے ایبل سپاہی سے دھوکہ ہوتا ہے۔ وہ ایک شب بیدار زاہد کی صورت میں جلوہ نما ہوتا ہے عین اس وقت اس پر کشور کشا فاقہ کا شبہ ہوتا ہے تو پیغمبرانہ معصومیت کے ساتھ سامنے آ جاتا ہے۔ عین اس وقت جب ہم اس کو شاہِ عرب کہہ کر پکارنا چاہتے ہیں وہ کھجور کی چھال کا تکیہ لگائے کھدری چٹائی پر بیٹھا نظر آتا ہے۔ عین اس وقت جب عرب کے اطراف سے آ کر اس صحنِ مسجد میں مال و اسباب کا انبار لگا ہوتا ہے۔ اس کے گھر میں فاقہ کی تیاری ہو رہی ہوتی ہے۔ جناب والا! عین اس وقت جب قیدی مسلمانوں کے گھروں میں لونڈی اور غلام بنا کر بھیجے جا رہے تھے، فاطمہ بنتِ رسولؐ اپنے والد کو اپنے ہاتھوں کے چھالے دکھاتی ہیں جو چکی پیستے پیستے پڑ جاتے ہیں، جو پانی کا مشکیزہ لاتے لاتے پڑ جاتے ہیں اور ایک باندی کی درخواست کرتی ہیں اور ان کو باندی دینے سے انکار کر دیا جاتا ہے۔ کیا یہ سب کچھ حکومت چلانے والے کر سکیں گے۔

جناب والا! عین اس وقت جب آدھا عرب اس کے زیرِ نگین ہوتا ہے حضرت عمرؓ دربارِ نبیؐ میں حاضر ہوتے ہیں، ادھر ادھر نظر اٹھا کر دیکھتے ہیں کاشانہِ نبویؐ کے سامان کا جائزہ لیتے ہیں۔ آپ کھدری کی چارپائی پر آرام فرما رہے ہوتے ہیں۔ جسمِ مبارک پر بان کے نشان پڑ گئے ہیں۔ ایک طرف مٹھی بھر جو رکھے ہیں۔ ایک کھونٹی پر مشکیزہ لٹک رہا ہے اور سرورِ کائنات کے گھر کی کل کائنات دیکھ کر حضرت عمرؓ رو پڑتے ہیں۔ فوراً عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہؐ اس سے بڑھ کر رونے کا اور کیا موقع ہو گا کہ قیصر و کسریٰ باغ و بہار کے مزے لوٹ رہے ہیں اور آپؐ پیغمبر ہو کر اس حال میں ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے کہ عمرؓ کیا تو اس پر راضی نہیں ہے کہ قیصر و کسریٰ دنیا کے مزے لوٹیں اور ہم آخرت کے۔ جناب والا! یہ کچھ سیرتِ نبویؐ سے میں نے عرض کیا ۔ اب میں خلفائے راشدین کے بارے میں عرض کرتا ہوں ------

جناب پریذائڈنگ آفیسر : لالیکا صاحب کافی وقت ہو گیا ہے۔

جناب عالم علی لالیکا : اب تو بہت تھوڑا رہ گیا ہے۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر : شکریہ! اجلاس کل صبح دس بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔ شکریہ!

[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Tuesday, May 28, 1991.]

PCPPI—327(96) Senate—14-3-96—180.